اس سال نوجوان اور طالب علموں کی بہبود کے لئے حکومت اقدامات کرے گی اور نئی اصلاحات کا نفاذ کیا جائے گا۔ مذہبی تعلیمات پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ تعلیمی نصاب میں مذہبی اسباق کی خصوصی شمولیت کی جائے گی تاکہ صحیح جذبہ اسلامی پیدا کیا جاسکے۔ اسلامی ممالک کے ساتھ تعلقات مزید بہتر طور پر استوار کئے جائیں گے۔ سفارتی، فنی اور تعلیمی مقاصد کے فروغ کے لئے نئے معاہدات کیے جائیں گے۔ اس امر کا بھی خصوصی امکان پایا جاتا ہے کہ اسلامی ممالک کے ساتھ بحری تجارت اور مواصلاتی ذرائع کے بارے میں کوئی اہم معاہدہ معرض وجود میں آئے۔ سیارہ مشتری چونکہ پاکستان کے طالع برج میں سال کا پہلا نصف گذارے گا اس لیے پاکستان کی حکومت نہایت مستحکم ہوگی اور پاکستان اپنے دشمنوں پر غالب رہے گا۔ حکومت ملک کو نہایت ہی ہموار راہوں پر گامزن کرنے میں کامیاب ہوگی۔ سال کے آخری نصف حصے میں مشتری خانہ مال میں حرکت پذیر رہے گا۔ لہٰذا پاکستان غیر ممالک کے ساتھ مالی تعاون اور امداد کے معاہدات کرے گا اور اس کو مالی مفاد حاصل ہوگا۔ تجارت کو فروغ حاصل ہوگا اور ملک کی کاروباری ساخت کو استحکام حاصل ہوگا۔ موجودہ حکومت کے ٹھوس اقدامات سے پاکستان انتہائی خوشحالی کے دور سے گذرے گا۔ سیارہ زحل بھی پاکستان کے طالع برج جوزا میں حرکت پذیر ہے اس لئے موجودہ حکومت نہایت مستحکم ہو جائیگی اور دشمنوں کی تخریبی کاروائیاں نقصان نہیں پہنچا سکیں گی۔ کشمیر کے دیرینہ مسئلہ کے حل ہونے کی بھی نشاندہی ہو گئی ہے چونکہ بڑے کواکب مشتری، زحل اور یورینس اور نیپچون پاکستان کے زائچے میں بے نظر تثلیث پر رہیں گے۔ جو ایک خوش آئند بات ہے۔ عورتوں کی تنظیموں میں جوش و خروش پیدا ہوگا عورتوں کے حقوق کے لئے جدوجہد کی جائیگی اور حکومت ان تنظیموں کو سرپرستی بخشے گی اور ان کے مطالبات جائز کو زیر غور لا کر اصلاحات نافذ کرے گی۔ چونکہ سیارہ پلوٹو پاکستان کے زائچہ میں ساتویں گھر میں حرکت پذیر ہے اس لئے ایسے عوامل جو ناسور بن چکے ہیں انھیں کاٹ کر الگ کر دیا جائے گا اور صحیح سمت اختیار کی جائے گی۔ اب ایسا وقت آرہا ہے کہ لوگ روحانیت کی طرف زیادہ مائل ہو جائیں گے حتیٰ کہ سیاسی لوگ بھی ان علوم کا سہارا لینے لگیں گے۔ بے روزگاری کے مسئلے کا سامنا رہے گا۔ تاہم حکومت بے روزگاری کو کم کرنے کیلئے مناسب اقدامات کرے گی۔ اس سال گرمی زیادہ پڑے گی۔ تیز و تند آندھیاں زمینی اور فضائی حادثات کا سبب بنے گی۔ سیلاب اور زلزلوں سے جانی اور مالی نقصان زیادہ ہوگا۔ آتشزدگی کے واقعات بھی زیادہ ہونگے۔ ہند و پاک کی سرحدوں پر جنگ جیسی کیفیت رہے گی تاہم پاک و ہند جنگ ہونے کے امکانات نہیں ہیں زرعی پیداوار پہلے کی نسبت زیادہ ہوگی جو ملکی

معیشت کے لئے نفع بخش ثابت ہوگی۔ ۲۳ جولائی سے ۲۲ اگست اور ۲۳ نومبر سے ۱۸ دسمبر تک کے اوقات نہایت احتیاط طلب ہوں گے۔

## بھارت

اس سال اٹل بہاری واجپائی کی انتہا پسند سیاسی جماعت کا زور ٹوٹ جائیگا جو غالباً واجپائی کے انتقال کر جانے کی وجہ سے ہوگا۔ کشمیر کے متعلق ہٹ دھرم پالیسی میں لچک پیدا ہوجائے گی اور تنازعہ کشمیر حل ہونے کے امکانات روشن ہوجائیں گے۔ حکومت کو اپنی غلط سیاسی پالیسیوں پر نظر ثانی کرنا پڑے گی۔ دوسرے ملکوں سے تعلقات آسان نہ ہوسکیں گے۔ بھارت کے کئی علاقوں میں خود مختار آزادی کے حصول کیلئے تحریکیں جنم لیں گی۔ بھارت عوام کی توجہ ہٹانے کیلئے جنگ جیسی کیفیت پیدا کرے گا۔ جو اس کے لئے نقصان دہ ثابت ہوگی۔ بھارت کے زائچے میں سیارگان کی پوزیشن اس بات کی نشاندہی کر رہی ہے کہ سوشلزم کی تحریکوں، خفیہ سازشوں اور ممبران اسمبلی کی مخالفانہ کاروائیوں کی وجہ سے حکومت کمزور ہوجائیگی۔ طالب علم طبقے میں انتقالی رجحانات پرورش پائیں گے جو باعث نقصان ہونگے مزدور طبقے میں بے چینی پھیلا کر ہڑتالوں پر اکسایا جائے گا۔ کسی بڑے ہوائی حادثے میں کثیر مالی و جانی نقصان کا ہونا پایا جاتا ہے اس میں کوئی مشہور شخصیت بھی لقمہ اجل ہوگی۔ اس سال بچوں کی اموات، طبقہ نسواں میں بے راہروی اور تفریحی مشاغل میں بد اخلاقی و بدمزگی میں اضافہ ہوگا۔ بھارت ایشیا میں برتری حاصل کرنے کی کوششوں میں مصروف رہے گا تاہم اُسے بڑی طاقتوں کی معاونت حاصل نہ ہوسکے گی۔

## امریکہ

ڈالر کی قیمت میں بے حد اتار چڑھاؤ رہے گا تاہم اقتصادی اور رسائی لحاظ سے برتری کا ایک مقام پیدا کرے گا۔ بین الاقوامی لحاظ سے امریکہ پر زیادہ اثر پڑے گا۔ امریکہ کو اپنی خارجہ پالیسی پر نظر ثانی کرنی پڑے گی امریکہ دوبارہ واضح کمیونسٹ تحریک میں شامل ہوجائیگا اور اسکی پوری کوشش ہوگی کہ جنوبی امریکی ممالک میں کمیونزم کو پھیلنے سے روکا جائے یہ چیز روس کے لئے باعث تشویش ہوگی روس کے ساتھ تخفیف اسلحہ کے موضوع پر بات چیت ہوتی رہے گی مگر کچھ حاصل نہ ہوگا امریکہ کا جو نیا صدر منتخب ہوا ہوگا اس پر قاتلانہ حملے کا شدید خدشہ ہے۔

## روس

کمیونسٹ پارٹی میں زیادہ آزادی کا اظہار ہونے لگے گا لیکن مخالف رائے رکھنے والوں کیلئے سخت پابندیاں بدستور برقرار رہیں گی اقلیتوں کی طرف سے منظم مخالفت کا خطرہ بھی بڑھ رہا ہے گا روس اپنے قریبی طفیلی ممالک سے متعلق ایسی حکمت عملی اختیار کرے گا جس سے زیادہ قوت کا مظاہرہ ہوسکے۔ جنوبی امریکی ممالک کا بھی کھلم کھلا ساتھ دے گا۔ جس سے بین الاقوامی امن خطرے میں پڑسکتا ہے۔ سال کا دوسرا نصف حصہ مالی مشکلات لائے گا۔ کچھ ممالک سے نئی دوستی کے معاہدے عمل میں آئیں گے۔

## برطانیہ

معیشت کی ترقی کی رفتار سست رہے گی اور معیشت کو تحریک دینے کے سلسلے میں حکومت کی پالیسیاں ناکام رہیں گی۔ پاؤنڈ اسٹرلنگ کی قیمت میں اُتار چڑھاؤ رہے گا۔ بے روزگاری میں مسلسل اضافہ ہوتا رہے گا۔ برطانیہ کی تجارتی صلاحیت کو بین الاقوامی برادری میں بہتر بنانے کی کوشش کی جائے گی۔ سال کا آخر خاص طور پر سخت ثابت ہوگا امکان ہے کہ عورتوں کو پادری مقرر کرنے کا تاریخی فیصلہ بالآخر دے دیا جائے۔ سال کا وسط برطانوی وزیراعظم کے لئے خاصا مشکل ہوگا نومبر میں کسی بہت بڑی آتشزدگی یا فضائی حادثے کا خدشہ ہے۔

## چین

چین اس سال دُنیا کی پالیسی کا اہم کردار بننے کی پوری کوشش کریگا چینی سفیر ہر جگہ اپنی موجودگی محسوس کرا دینگے سیاحت کو اہمیت دی جائے گی اور ایسے اقدامات کیے جائینگے کہ باہر کی دُنیا سے زیادہ سے زیادہ لوگ آئیں۔ کوئی پریشان کن سرحدی واقع بھی پیش آسکتا ہے۔

## ایران

ایران کے مالی حالات مزید بہتر ہوجائینگے اور روزگار بڑھے گا روس کے ساتھ دوستی کا معاہدہ طے پاجائے گا۔ قحط زدہ علاقوں سے آنے والے لوگوں کی وجہ سے مشکل صورت حال کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ایران عربوں میں مقبولیت کے لئے خاص اقدامات کرے گا۔ اسلحہ سازی کے میدان میں ترقی کرے گا اور میزائل کا کامیاب تجربہ کرے گا مجموعی طور پر ایران کی پوزیشن میں استحکام اور مضبوطی پیدا ہوگی معاشی لحاظ سے ملک کی حالت خاص طور پر بہتر ہوجائے گی ایشیا میں اسے اس سال خصوصی اہمیت حاصل ہوجائیگی۔

# پاکستان کا مستقبل کیا ہوگا؟

## سن ۲۰۰۱ء کے امکانی حالات و واقعات کا علمی تجزیہ 'اسلامی فنِ علم الاعداد' کی روشنی میں

## مشکل مگر فیصلہ کن تاریخی حالات و احکامات کا سال

(غلام اکبر زنگیجو)

قارئین محترم! بعد از ہدیہ سلام و رحمت کے عرض پرداز ہوں کہ!

نئے عددی سال '۳' جس کے اثرات ۱۴ جون ۲۰۰۱ء سے شروع ہو چکے ہیں درج ذیل اُمور اور شعبوں میں پوری دنیا کے ساتھ پاکستان، موجودہ فوجی حکومت، عوام اور سیاست دانوں کو متاثر کرے گا۔ موجودہ آئین و نظام، قوانین، مقتدر حزب اقتدار اور حزب اختلاف کی شخصیات، ریلوے، ٹرانسپورٹ، ڈاک خانے، ہوائی جہاز اور جہاز ران کمپنیاں، پارلیمنٹ، صدر، وزیر اعظم، کابینہ، صوبے اور اطلاعات، نشر و اشاعت، پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا اور نیٹ ورک کے تمام شعبوں میں 'انقلابی تبدیلیاں' تیزی کے ساتھ عمل میں لائی جائیں گی۔ مگر لائی گئی انقلابی تبدیلیوں کے اثرات تمام شعبوں پر یکساں نہ ہوں گے۔

✦ نیا عددی سال جنرل پرویز مشرف صاحب کے لئے انتہائی احتیاط اور آزمائش طلب شروع ہوا ہے جنرل صاحب کی ذرا سی لغزش یا فیصلہ پوری قوم اور ملک کو خدانخواستہ نہ جانے کہاں سے کہاں لے جائے گا فیصلہ کن دورانیہ ۱۴ ستمبر سے ۱۲ اکتوبر تک ہوگا امکان ہے کہ جنرل صاحب تمام مشکلات کے باوجود '۱۲ یا ۲۲ ماہ' تک حکومت کرتے رہیں گے۔ اگست، ستمبر، اکتوبر اور جنوری فوجی حکومت کی گرفت مضبوط رہے گی۔

✦ جناب نواز شریف صاحب کے لئے نیا عددی سال ان کے معروف نام کے حساب سے انتہائی نازک ثابت ہوگا..... ؟ البتہ ذاتی پیدائشی نام محمد نواز (عدد '۳' جو پاکستان کا عدد بھی ہے) کے حساب سے کچھ سہولتیں ملیں گی اور یوں ذاتی نام کے تحت ہی 'جان بخشی' کی توقعات کی جا سکتی ہیں، کم از کم 'طیارہ سازش کیس' میں پھانسی نہ ہوگی، تاہم 'جیل' کے باہر کا ماحول نواز شریف صاحب کے لئے ہر طرح کے انتہائی خطرات کو عیاں کرتا ہے۔ 'سزا' کے حوالے سے نواز شریف صاحب کے لئے '۳، ۱۲، ۲۱ اور ۳۰' کا عدد فیصلہ کن اور یادگار رہے گا۔

✦ محترمہ بے نظیر بھٹو (تاریخ ولادت ۲۱ جون ۱۹۵۳ء کے حساب سے) اب انتہائی مشکل دور سے بتدریج نکل رہی ہیں اور یوں امکان ہے کہ محترمہ ۱۶ یا ۱۹ نومبر ۲۰۰۱ء کو تیسری مرتبہ وزیر اعظم بنیں گی۔ جبکہ! آصف علی زرداری کی رہائی کے امکانات 'نومبر تا مارچ' تک ہیں۔

✦ ۲۰۰۱ء 'عام انتخابات' کے لئے انتہائی مبارک اور فیصلہ کن ثابت ہوگا ماہ فروری، مارچ یا نومبر کی ۶، ۱۵ یا ۲۴ تاریخ ہر طرح کے 'ریفرنڈم یا عام انتخابات' کیلئے انتہائی مبارک ثابت ہوگی۔

✦ دسمبر ۲۰۰۱ء میڈیکل کے تمام شعبوں کی پوشیدہ خرابیاں کو ظاہر کرنے کا باعث ہوگا۔ اس مہینے میں جہاں جیلوں اور قیدیوں کی ناقص کارکردگی سامنے آئیگی وہاں موجودہ حد سے بگڑے ہوئے 'پولیس نظام' میں بھی خصوصی توجہ کے ساتھ انتہائی منذ برانہ اصلاحات لانے کی ضرورت ہوگی۔ دسمبر اور اپریل میں اعلیٰ عدالتوں سے مزید تاریخی فیصلے صادر ہوں گے اور موجودہ عدالتی نظام اور قوانین میں بھی نئی تبدیلیوں کے امکانات ہیں۔ دسمبر اور اپریل 'مذہبی رہنماؤں' کی قوت کو واضح کریں گے ریلوے میں بھی انقلابی تبدیلیوں کیلئے بہت مبارک سال ہے۔

✦ اس سال اعجاز الحق، چوہدری حامد ناصر چٹھہ، میاں شہباز شریف اور چوہدری خاندان اہم کردار ادا کریں گے ✦ نومبر یا فروری و مارچ شہباز شریف صاحب کی رہائی کے حوالے سے 'فیصلہ کن' ثابت ہوں گے ✦ فروری و مارچ پوری قوم کے لئے بہت مبارک اور یادگار رہیں گے۔ ہر سطح پر تیزی کے ساتھ مثبت اصلاحات اور تبدیلیاں لائی جائیں گی ✦ اگست، ستمبر، اکتوبر اور جنوری قوم کے لئے ہلچل کے اور بھاری ثابت ہونگے۔ نئے فوجی قوانین نافذ کیے جائیں گے جبکہ! فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی کے دوران اخبارات و جرائد، مالکان اخبارات، مدیر و مدیر اعلیٰ، اخباری کارکنان، ادیب اور شعراء، حضرات کی ترقی اور

عزت و شہرت کا عرصہ ہوگا۔ یہی عرصہ بعض ممتاز اسٹیج، فلم، ریڈیو اور ٹی وی کی شخصیات کی علالت اور دائمی جسمانی جدائی کے امکانی اندیشوں کو بھی ظاہر کرتی ہے ✦ دسمبر ۲۰۰۰ء میں مقبول گلوکارہ کی وفات کا اندیشہ ہے۔

دنیاوی لحاظ سے قریبی عزیز و رشتے داروں کے آپسی اندرونی بغض، تضادات اور مکاریاں واضح طور پر محسوس ہونگی۔ شاید ہی کوئی ایمان والا حقیقی مومن ہوگا جو بغیر مطلب کے سلام دعا کرتا ہو...؟ "کشمیر" کے حوالے سے بھی 'نومبر خصوصاً فروری مارچ' فیصلہ کن ثابت ہوں گے۔

✦ ۲۰۰۰ء کا سال پہلے بھی لکھ چکا ہوں کہ فیصلہ کن جنگ لائے گا، ابتداء ایران سے ہوگی آنے والے ۹ سالوں تک تواتر سے آفات ارضی و سماوی، طوفانی برساتیں، سیلاب اور طوفانی ہوائیں اس دنیا کے باسیوں کے ایمان کو مزید کمزور کرنے کا سبب بنیں گی۔ عورتوں کا کردار شدت کے ساتھ آزادی اور بے باکی اور خودسری کا ہوگا۔ طویل مدت سے شادی کے انتظار میں بیٹھنے والی دو لڑکیاں رشتہ ازدواج سے بندھ جائیں گی جن کی ماں کے پکارا جانے والا عدد '۳' ہوگا۔ (واللہ علم) باقی رہے نام اللہ کا۔ ۹ اگست ۲۰۰۰ء

**توجہ فرمایئے** ان تمام قارئین امامیہ جنتری سے معذرت کرتا ہوں جنہوں نے مجھے ہدیہ فیس بھجوائی لیکن ان کی توقع کے مطابق کام نہ ہو سکا۔ امامیہ جنتری کے توسط سے بصد ادب گزارش ہے کہ مجھ سے رابطہ ضرور کریں تاکہ قارئین کی شکایات کا ازالہ کر سکوں۔ زبان کی 'لکنت' میں مبتلا قارئین کا روحانی و نفسیاتی علاج مفت کیا جاتا ہے۔

**روحانی پیغام** زندگی گزارنے کا گر اور عمل برائے خیر و برکت (تجارت، جادو و آسیبی اثرات کے لئے مع جوابی لفافہ رابطہ کریں اور اپنے نام کا مخصوص اسم اعظم، نومولود بچوں کیلئے مبارک و تاریخی نام مفت حاصل کریں۔

رابطہ کیلئے: ریسرچر غلام اکبر رنگیلا، ناظم ادارہ، گائیڈ لائن، چاندنی چوک تاج کالونی نواب شاہ کوڈ 67450 جوابی لفافہ ہمراہ بھجوائیں۔

# آزمودہ مجرب عملیات رزق

**تحقیق الاسلام مولانا محمد عابد عسکری فاضل قم ایران**

ہفت روزہ علم ۴۲ کوثر کالونی کیو بلاک ماڈل ٹاؤن لاہور

● نماز صبح کے بعد سونا نہیں چاہیے۔ کیونکہ یہ وقت برکتوں، رحمتوں، خاص طور پر رزق کے نزول کا وقت ہوتا ہے۔ اور دعاؤں کی قبولیت کے لئے بہترین وقت ہے۔ ● یَا وَهَّابُ: نماز ختم کرنے کے بعد جو شخص اس اسم کو سات مرتبہ ہاتھ اٹھا کر پڑھتا رہے اس کے رزق میں کبھی کمی نہیں آئے گی۔ ● جو شخص ہر نماز کے بعد ۷۲ مرتبہ یَا بَاسِطُ پڑھ کر دعا مانگے گا۔ تو اس کے رزق میں بہت زیادہ اضافہ ہوگا۔ اور غیب سے روزی ملے گی ● اَلْمَلِکُ: جو شخص اسم مبارک کو ۹۱ مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے تو وہ تمام مخلوق سے مالی لحاظ سے بے نیاز ہو جائے گا ● نماز صبح کے بعد اَللّٰهُ الصَّمَدُ کا ایک ہزار مرتبہ ورد کرنا بے حد مفید ہے۔ اگر اس کو پابندی سے پڑھا جائے تو بلا مبالغہ رزق کی بارش ہوتی ہے ● اَلْعَزِیْزُ: جو شخص روزانہ نماز صبح کے بعد اس اسم کو ۴۱ مرتبہ پڑھے تو وہ کبھی محتاج نہیں ہوگا۔ ● اول و آخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف ۳۶۰ مرتبہ یَا وَاسِعُ پڑھیں۔ رزق میں وسعت ہوگی۔ مشکل آسان ہوگی ● جو شخص صبح کی نماز سے پہلے ہاتھ اٹھا کر دس مرتبہ یَا بَاسِطُ پڑھ کر ہاتھ منہ پر پھیرے اور ہمیشہ ایسا ہی کرتا رہے۔ اسے کبھی مخلوق سے سوال کرنے کی ضرورت نہ ہوگی۔ ● جو شخص فاقہ سے لاچار ہو اور کوئی کشائش رزق کی صورت نظر نہ آتی ہو۔ تو وہ ایک ہزار مرتبہ روزانہ یَا وَهَّابُ فجر کی نماز کے بعد پڑھے۔ اور ہمیشہ پڑھتا رہے تھوڑے ہی عرصے میں اس کی مصیبت اس طرح دور ہوگی کہ ہر شخص حیران رہ جائے گا۔

نوٹ: اگر کسی مومن یا مومنہ کو کوئی روحانی مسئلہ درپیش ہو تو وہ جوابی لفافہ بھیج کر مسئلے کا حل مجھ سے پوچھ سکتے ہیں۔ عابد عسکری فون: 92-42-5880079

# فیصلہ کن ۲۱ ویں صدی

سید حسن حیدر زیدی
معروف نجم و جفار کراچی۔

پیر کا دن ہوگا قمری کی پہلی ساعت ہوگی جب نئی صدی کا آغاز ہوگا۔ پوری کائنات کے لئے یہ صدی بحکم الٰہی فیصلہ کن ثابت ہوگی۔ جفر، رمل اور علم الاعداد سے جب آپ اس صدی کا تجزیہ کریں تو ہلچل کے بے شمار و بے پناہ تغیرات لئے ہوئے اس صدی کا آغاز ہوگا۔

جب میں نے ۲۱ صدی کو جفر کی باریکیوں سے دیکھا تو عجیب و غریب جوابات واضح ہوئے جو آپ کی معرفت طلب نگاہوں کے لئے پیش خدمت ہیں۔

خداوند عزوجل نے کوئی مرض ایسا پیدا نہیں کیا جس کی دوا موجود نہ ہو۔ چنانچہ جفر کی باریک بینیوں نے واضح طور پر بتایا کہ اس آخری صدی نے ہم کو اتمام حجت کے طور پر تمام امراض کی دواؤں کو ایجاد کرنے کا موقع فراہم کیا۔ ایسے تمام امراض کہ جن کی شدت سے مریض تڑپ تڑپ کر جان دے دیتا تھا لیکن علاج دریافت نہ ہونے کے سبب ادویات میسر نہیں تھیں۔ ایسے چند قابل ذکر امراض جن پر سن ۲۰۱۰ء تک قابو پایا جاسکے گا ان میں کینسر، بلڈ کینسر، ایڈز، شوگر، بلڈ پریشر کا حتمی علاج، مرگی، دل کا مکمل علاج بغیر آپریشن، انسانی لبلبہ کا دوسرے انسان میں آسانی سے منتقل کرنا، بانجھ پن، ریڑھ کی ہڈی کا علاج، پولیو کا مکمل علاج وغیرہ وغیرہ شامل ہیں۔

انسانی ذہن میں یہ سوال ضرور جنم لے گا کہ اب تک کی کاوشوں کے نتیجے میں صرف ۱۰٪ کامیابی حاصل ہوئی لیکن اگلی صدی میں ۱۰۰٪ کامیابی مل جائے گی۔ آخر کیوں؟ وجہ صرف یہ ہے کہ یہ آخری صدی ہوگی اور دنیا تیزی سے آخرت کی طرف گامزن ہوکر اپنے انجام کو پہنچے گی۔ آپ نے قرآن پاک میں یہ ضرور ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ پروردگار نے کوئی مرض ایسا نہیں پیدا کیا جس کی دوا نہ رکھی ہو۔ اب اس کے حکم کے مطابق اگر دوا نہ بھی ملی آئے تو انسان روز قیامت کھڑے ہو کر عذر پیش کردے گا کہ پروردگار تو نے مرض تو دیا تھا مگر دوا نہ پیدا کی تو خداوند کریم ہوگا کہ تم نے تو فطرت سے ہٹ کر اپنے آپ کو مریض بنایا مگر میں نے رحم کرکے تمہارے لیے اپنے حکم سے دوا بھی پیدا کردی لہٰذا اس آخری صدی میں دنیا کے جتنے بھی امراض ہیں ان کی دوائیں ایجاد ہو جائیں گی تاکہ قول الٰہی برقرار رہے۔

اس صدی کے شروع کے ۱۵ سال بہت اہم ہیں۔ ایسی چیزیں ایجاد ہوجائیں گی کہ عقل انسانی دنگ رہ جائے گی، امراض کی یلغار ہوگی۔ تیسری جنگ عظیم چھڑ جائے گی۔ لاکھوں افراد مارے جائیں گے چند گھنٹوں میں دنیا کی آبادی نصف رہ جائے گی۔ سیلاب بے پناہ آئیں گے۔ پہاڑوں سے پانی ابل پڑے گا۔ سرخ آندھیاں آئیں گی۔ سورج و چاند گرہن بہت زیادہ لگیں گے۔ موسم بدل جائیں گے یعنی اپریل سے اکتوبر تک سخت سردی اور نومبر سے مارچ تک سخت گرمی ہوگی لو بے تحاشہ چلے گی۔ ۲۰۰۹ء سے یہ وقت شروع ہوگا۔ وبائی امراض عام ہوں گے۔ زلزلے کثرت سے آئیں گے۔ آبادیاں آن واحد میں زیر زمین ہوجائیں گی۔ بڑے بڑے عمارتیں زمین بوس ہوجائیں گی۔ پانی نایاب ہوجائے گا۔ آنے والے وقت میں جتنے چاند و سورج گرہن لگتے جائیں گے گیہوں اور غلہ کا وزن کم ہوتا جائے گا۔ انسانوں کے قد چھوٹے ہوتے جائیں گے۔ بے پردگی عام ہوگی۔ لڑکیاں اپنے منہ سے بر مانگیں گی۔ اختصار سے عرض کروں کہ یہ وہ صدی ہوگی جب امام مہدی ظہور فرمائیں گے۔ موجودہ حکومتیں جو ظالم اور جابر ہیں انہیں ختم کردیں گے اور فرش الٰہی پر اللہ کی حکومت قائم ہوگی۔

مئی کا مہینہ ہوگا ۲۰۱۰ء امریکہ کے ٹکڑے ہوجائیں گے۔ اس کے بڑے بڑے شہر تباہ ہوجائیں گے۔ امریکہ کے کمپیوٹر سسٹم میں خرابی پیدا ہوگی جس کے سبب میزائل و راکٹ چل پڑیں گے اور اپنے ہی ملک کی تباہی کا باعث ہوں گے۔ لاکھوں افراد مارے جائیں گے۔ دنیا کو یہودیوں سے ۲۰۱۰ء کے آخر میں نجات مل جائے گی۔ ۲۰۰۷ء میں ہندوستان میں ٹوٹ پھوٹ کا عمل شروع ہوجائے گا۔ علیحدہ ریاستیں وجود میں آنے لگیں گی اور ۲۰۰۹ء تک ہندوستان ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا۔ ۲۰۱۲ء میں تیسری جنگ عظیم چھڑ جائے گی۔ سعودی عرب اور ایران میں دوستی ہوجائے گی یہ واقعہ ۲۰۰۸ء میں ہوگا۔ ۲۰۰۵ء میں سعودی عرب میں مقیم امریکی فوجیوں کو وہاں سے نکال دیا جائے گا۔

۲۰۰۷ء میں پاکستان میں ایک باعمل اور باکردار شخص آئے گا اور حکومت کی باگ ڈور سنبھالے گا۔ بدکردار لوگوں کو تہہ تیغ کردے گا اور مدتوں اپنی حاکمیت قائم رکھے گا اور عوام کو صحیح انصاف ملے گا۔

پتہ: سید حسن حیدر R-39 ... ۲۲۴ ... 75270 فون 021-4988582

منجم سید حسن حیدر زیدی کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اعداد اور اس کا اطلاق

۱۹۷۶ء میں جب میں قبلہ آقائے حافظیان ابوالحسن مشہدی اللہ مقامہٗ کی خدمت میں حاضر ہوا جن کی معروف کتاب لوح محفوظ ہے تو قبلہ محترم نے بہت شفقت اور محنت سے آنجناب نے حروف ابجد کے مطابق کافی وسیع درس دیا اور انہوں نے بہت کچھ سکھایا۔ آج میں ان کے دیئے ہوئے درس میں سے ایک اہم چیز سپرد قلم کر رہا ہوں تاکہ اس مضمون کو پڑھنے والے استفادہ حاصل کرسکیں قرآن مجید میں اٹھارویں پارے میں سورۂ نور ہے اور سورۂ نور قرآن مجید کا ۲۴ واں سورہ ہے اس سورۂ مبارکہ کی ۳۱ ویں آیت کے آخری پیغام کو سپرد قلم کر رہا ہوں جہاں ارشاد خداوند عالم ہے :

## يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ○

ترجمہ : خدا اپنے فضل (وکرم) سے انہیں مالدار کردیگا اور پروردگار گنجائش والا واقف کار ہے۔

اس آیتِ مبارکہ کے ظاہری عدد ۲۵۴۵ بنتے ہیں۔ اس کی تفصیل کچھ اس طرح ہے۔ فرض کیجئے کہ ایک شخص کا نام محمد علی ہے۔ محمد علی کے ظاہری عدد ۲۰۲ بنتے ہیں جب ہم ۲۰۲ + ۲۵۴۵ کو جمع کریں گے تو کل مجموعہ جو حاصل ہوگا وہ ۲۷۴۷ ہوگا یعنی آیت مبارکہ اور اپنے نام کے عدد کا حاصل ۲۷۴۷ بنا۔ لہٰذا اب ایک ہی نشست میں مغرب اور عشاء کے درمیان نہایت طہارت کے ساتھ قبلہ رُو ہوکر مصلے پر بیٹھ جائیں اور کپڑوں میں کوئی سا عطر لگائیں اور اوّل گیارہ مرتبہ دُرود مبارک پڑھیں پھر حاصل مجموعہ جو ۲۷۴۷ بنتا ہے اتنی ہی دفعہ آیتِ مبارکہ کا ورد کریں پھر اپنی حاجت بارگاہِ الٰہی میں پیش کرکے گیارہ مرتبہ پھر دُرود پڑھیں۔ اس مجرب عمل کو ۲۱ روز سے زیادہ نہ پڑھیں اور اگر کوئی سخت مسئلہ درپیش ہو تو قرآن مجید کو سر پر رکھ کر پڑھیں۔ انشاء اللہ تمام حاجات پوری ہوں گی۔ میں نیچے حروف ابجد کا چارٹ تحریر کر رہا ہوں تاکہ عمل پڑھنے والے آسانی سے اس چارٹ میں سے حروفِ ابجد کے مطابق اپنے نام کے عدد نکال کر آیتِ مبارکہ سورۂ نور کے عدد ۲۵۴۵ میں اپنے نام کے عدد ملا کر عمل پڑھ سکیں

## چارٹ حروفِ ابجد

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ج چ | د | ھ | و | ز ژ | ح | ط | ی | ک گ | ل | م | ن |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۲۰ | ۳۰ | ۴۰ | ۵۰ |
| س | ع | ف | ص | ق | ر ڑ | ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| ۶۰ | ۷۰ | ۸۰ | ۹۰ | ۱۰۰ | ۲۰۰ | ۳۰۰ | ۴۰۰ | ۵۰۰ | ۶۰۰ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ | ۱۰۰۰ |

تمام قارئین امامیہ جنتری سے گزارش ہے کہ معروف منجم سید حسن حیدر زیدی صاحب قبلہ سے فون نمبر ۴۹۸۸۵۸۲ کراچی پر دن کے ۲ بجے سے ۴ بجے شام تک فون پر رابطہ کرکے اپنی مشکلات بیان کرسکتے ہیں ——— شکریہ

سید حسن حیدر

# مجموعۂ اسمِ اعظم: دُعائے سادات

یہ دُعا حل المشکلات، استجابت دُعا، مصائب وتکالیف سے نجات، حاجات دینی و دنیوی کے لیے تیر بہدف ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ○
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا بَدِيْعَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ○
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ
يَا رَحِيْمُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا وَهَّابُ يَا خَيْرَ الْوَارِثِيْنَ بِحَقِّ عَلِیٍّ مُّرْتَضٰی ○
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا غَفَّارُ يَا قَرِيْبُ يَا سَمِيْعُ
يَا عَلِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِحَقِّ فَاطِمَةَ الزَّهْرَا ○
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا جَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ
يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحَقِّ حَسَنٍ وَّحُسَيْنٍ يَا سَمِيْعَ الدُّعَاءِ ○
يَا رَبَّنَا يَا رَبَّنَا يَا رَبَّنَا اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ
الٓمٓ كٓهٰيٰعٓصٓ طٰسٓمٓ طٰسٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اَسْئَلُكَ بِهِمَا
وَبِالْاٰيَاتِ كُلِّهَا وَبِالْاَسْمَاءِ كُلِّهَا وَبِالْاِسْمِ الْعَظِيْمِ مِنْهَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ
يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ○

**پڑھنے کی ترکیب:** ۱۔ ہر فریضہ نماز کے بعد ایک مرتبہ مع اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود شریف پڑھ لیا جائے۔ ۲۔ کسی ایک نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ لیا جائے۔ ۳۔ فجر کی نماز کے بعد سات مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھا جائے۔ ۴۔ وقت کی قلت کے وقت صرف ایک مرتبہ پڑھ لینا کافی ہے۔ انشاء اللہ اس دُعا کی برکت سے بڑی سے بڑی مصیبت ٹل جائے گی۔ اس دُعا کو پڑھ لینے سے جو دُعا مانگی جائے مستجاب ہوگی۔ جو شخص پنجگانہ نماز کی ادائیگی کے بعد اس دُعا کو پڑھے گا کبھی محتاج نہ ہوگا۔ بیس دُعا رات کو سونے سے قبل ۴۱ شب تک ۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھ کر سونے سے عالم رویا میں معصومین علیہم السلام کی زیارت پاک سے مشرف ہوگا۔ بندہ گنہگار اس دُعائے مقدس کی تاریخی حیثیت پر تو کچھ نہیں کہے گا۔ البتہ اس دُعا کے ظاہری و باطنی اسرار کی حقیقت سے انکار ممکن نہیں ہے۔ مولا کریم آپ کو اس دُعا سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین بحق طٰہٰ یٰسین۔

دُعا گو ——— مرید عباس چوہان وار الروحانیت وارڈ نمبر ۳/۱۴ بالمقابل ریلوے اسٹیشن کوٹ ادو ضلع مظفر گڑھ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

خاص برائے امامیہ جنتری ۲۰۰۱ء

# علمِ جفر کا نایاب کرشمہ ۰ اسمِ اعظم باموکل


تحریر: آغا حسنین احمد عامل ستارۂ سماج گولڈ میڈلسٹ PSA دارالبرکات بمقام ڈاکخانہ بیجی
تحصیل احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور۔ فون : ۷۸۵۰۰۶ (۰۶۹۸)


بتوسط امامیہ جنتری ناچیز ہزاروں مومنین سے متعارف ہے گزشتہ سال امامیہ جنتری میں قارئین نے میرے مضمون کی کمی محسوس کرتے ہوئے متعدد نوازش نامے میری طرف تحریر کیے۔ اس سال بیسویں صدی کو الوداع اور اکیسویں صدی کا استقبال کرتے ہوئے علم جفر کے طریقہ سے اسم اعظم باموکل تبرکاً پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

علم جفر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا عطا کردہ وہ علم ہے جس سے متعدد کلیوں کی مدد سے آثار و اخبار کا حصول ہوتا ہے۔ علم الحروف علم الاعداد اور علم نجوم کے اُصول کے تحت پیوند کاری کا نام جفر ہے۔ جو روحانیت میں مفید ترین علم شمار ہوتا ہے۔

اسمِ اعظم خداوند تعالیٰ کے اسماء الحسنیٰ میں سے بزرگ ترنام کو کہتے ہیں جس کی برکت سے سائل کی دُعا جلد قبول ہو جاتی ہے۔

موکل امانت دار، ذمہ دار محافظ فرشتہ کو کہتے ہیں جسے خدا نے کسی کام پر مقرر کیا ہو۔ ملک بھی فرشتہ کو کہتے ہیں جیسے ملک الموت "موت کا فرشتہ"۔ قابض الارواح "جان نکالنے والا" حضرت عزرائیلؑ ملک کی جمع ملائک یا ملائکہ ہے۔ ملکوت فرشتوں کے عالم یا عالم ارواح کو کہتے ہیں۔

اسم اعظم ظاہری بنانے کے لیے سائل کے نام کے اعداد قمری بنا کر اسماء الحسنیٰ میں سے ایک دو یا تین لے کر ورد کریں جن کا مجموعہ نام سائل کے برابر ہو مگر اسم اعظم کا پہلا حرف وہی ہو جو سائل کے نام کا پہلا حرف ہے مثلاً ایک شخص کا نام احمد ہے۔ اس کے اعداد قمری کا مجموعہ ۵۳ ہے اس کے لیے یَا اَحَدُ ۱۳/، یَا مَجِیْدُ ۲۰/ یَا وَدُوْدُ ۲۰/ کا ۴۰ شب تک ۵۳ بار ورد اسم اعظم ظاہری ہے۔ اسم اعظم باطنی بنانے کے لیے سائل کے نام کے باطنی حروف حاصل کر کے اعداد باطنی لیں مثلاً احمد ،

ظاہر : ا + ح + م + د

باطن : لف + ا + ی م + ا ل

عدد باطن : ۱۱۰ + ۱ + ۵۰ + ۳۱ = ۱۹۲

سائل احمد ۴۰ شب تک یَا اِلٰہُ یَا قَیُّوْمُ (۳۶+۱۵۹) ملا کر ۱۹۲ بار ورد کرے یہ اس کے لیے ورد اسم اعظم باطنی ہے۔ سائل احمد کے لیے اسم اعظم اسراری کا ورد تلاش کرنے کے لیے بطریق جفر احمد کا حرف مستوی = ا، حرف دلیل = ذ اور حرف سری = غ ہے۔ اب احمد کے لیے ورد اسم اعظم اَوَّلُ، بَاسِطُ = ۳۷=۹۲ = ۱۰۹ ہے یعنی ۴۰ شب تک یَا اَوَّلُ یَا بَاسِطُ ملا کر ۱۰۹ بار ورد کرے کیونکہ ان اسماء الحسنیٰ کا حرف مستوی، حرف دلیل، حرف سری = ا ۔ خ ۔ ل ہی ہے ہر سائل کے لیے چوتھا ورد تکمیل اسم اعظم قلندری ہے جو ۴۰ شب تک ۳۱۲۵ بار یومیہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ۔ اور ۴۰ شب تک ۳۱۲۵ بار یومیہ سُبْحَانَ اللہ ورد کرنا ہے۔ اسم اعظم قلندری کی مکمل ترکیب خط لکھ کر مفت طلب کریں۔

## اِسمِ اعظم باموکل کا جفری طریقہ

سائل احمد کے نام کے حروف بسط کریں = ا ۔ ح ۔ م ۔ د اب ان حروف کو ملفوظی کریں ۔ ا ۔ ل ۔ ف ۔ ح ا ، م ی م ، دال۔ ان کے اعداد ابجد قمری سے بنائیں ۔ ۱ + ۳۰ + ۸۰ + ۸ + ۱ + ۴۰ + ۱۰ + ۴۰ + ۴ + ۱ + ۳۰ ۔ میزان = ۲۴۵ کو ۲۸ پر تقسیم کریں کیونکہ قمر کی ۲۸ منازل ہیں تقسیم کے بعد ۲۱ بچتا ہے۔

اب شروع ابجد سے شمار کریں۔ ۲۱ واں حرف ش ہے اس حرف کو ملفوظی کریں۔ ش = ش ی ن = ۳۰۰ + ۱۰ + ۵۰ میزان ۳۶۰ کو ۲۸ پر تقسیم کریں تقسیم کے بعد ۲۴ بچتا ہے شروع ابجد سے ۲۴ واں حرف خ ہے اس حرف کو ملفوظی کریں خ = خ ا = ۶۰۰ + ۱ میزان ۶۰۱ کو ۲۸ پر تقسیم کریں تقسیم کے بعد ۱۳ بچتا ہے۔ ابجد میں ۱۳ واں حرف م ہے۔ جب اس طریق سے تین حروف حاصل ہو جائیں تو ان کو لکھ لیں۔ ش۔ خ۔ م۔ اب ان حروف کے اعداد کا مجموعہ بنائیں = ۳۰۰ + ۶۰۰ + ۴۰ میزان ۹۴۰ مجموعہ میں سے عدد ۴۱ تفریق کریں۔ ۹۴۰ - ۴۱ = ۸۹۹ ان اعداد کے حروف بنائیں ط ص ض آگے ائیل لگائیں تو جفری طریق سے احمد کا موکل طصضائیل ہے۔ احمد کے ملفوظی اعداد کا مجموعہ ۲۴۵ کے برابر اسمائے باری تعالیٰ تلاش کریں جو یا دائم یا منعم (۲۴۵) ہے۔ احمد ۴۰ شب تک یہ عزیمت ۹۴۰ + ۲۴۵ میزان ۱۱۸۵ بار ورد کرے۔ عزمت علیکم یا طصضائیل بحق یا دائم یا منعم العجل العجل اساعۃ الوحا۔ اور مقصد کی دعا کرے تو غیر مرئی طور پر موکلات بحکم ربانی سائل کے کام میں اس طرح اعانت کریں گے کہ عقل حیرت زدہ رہے گی عمل کا اظہار کسی سے نہ کریں۔ پاکیزگی۔ رزق حلال اور سچ بولنا ضروری ہے دوران ورد یعنی ۴۰ یوم تک اچار چٹنی کچا ٹماٹر۔ سلاد نہ کھائیں۔ سالن میں پکے ہوئے پیاز۔ ٹماٹر مولی کا کوئی حرج نہ ہے۔ ہر اسم اعظم کے ورد سے اوّل اور آخر (۱۱) بار درود پاک لازمی پڑھیں۔ اسم اعظم کے ساتھ لفظ یا کا عدد شمار نہیں کیا جاتا۔ خواتین مجبوری کے ایام کا ناغہ شمار کرکے اتنے دن آگے بڑھا لیں۔ عزیمت کا مطلب ہے طلسمی دعا یا وہ عمل یا وہ قسم جس سے موکلات پر واجب ہو جائے کہ وہ سائل کے کام میں بحکم خدا اعانت کریں۔

ابجد قمری کا پرچہ اور فہرست اسمائے حسنیٰ ربانی مع عدد جوابی لفافہ بھیج کر مفت طلب کریں۔ مضمون کی کوئی جزو سمجھ نہ آئے تو بلا ہدیہ رابطہ کریں۔ ——— آغا حسنین عالی

[illegible]

مسجد میں چپ کھڑی ہے رسالت کی آرزو — کوئی سوال کرنا سکھائے بتول کو

# علامہ مجلسیؒ اور دعا

علامہ نکاتیؒ اپنے والد کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ علامہ صاحب نے ایک خط میں تحریر فرمایا کہ میں نے ایک شب جمعہ ایک دعا پڑھی جو قلیل الفاظ اور کثیر المعانی ہے۔ جب دوسری شب جمعہ آئی تو میں نے پھر وہی دعا کو پڑھنا چاہا تو ناگاہ سقف خانہ سے آواز آئی — اے فاضل کامل ابھی کرام الکاتبین اس دعا کے ثواب سے فارغ نہیں ہوئے جو تم نے پچھلی شب جمعہ پڑھی تھی اب پھر اسی دعا کو پڑھ رہے ہو ——— دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِنْ اَوَّلِ الدُّنْيَا اِلٰى فَنَائِهَا وَمِنَ اللّٰهِ اٰخِرَةِ اِلٰى بَقَائِهَا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ نِعْمَةٍ وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

# دعائے تحفظ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَظِيْمٌ ذُوْ اَنَاةٍ وَلَا طَاقَةَ لَنَا بِحُكْمِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ مِنَ الطَّاعُوْنِ وَالْوَبَاءِ وَمَوْتِ الْفُجَاءَةِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ الْمَعْصُوْمِيْنَ

اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر مذکورہ دعا بعد نماز عشاء اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھیں۔ دعا کے دوران بات نہ کریں۔ موجودہ اور آنے والے حالات کے تحت تحفظ صحت جان و مال کے لیے ضروری ہے

گزارش خصوصی دعائے تحفظ برائے حبیب علی سید کراچی

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ناد علیا مظہر العجائب


## تحریر: مرید عباس چوہان عامل روحانی گولڈ میڈلسٹ

## دارالروحانیت کوٹ اڈو ضلع مظفر گڑھ فون :(0697)41973

## E-Mail: mureed_abbas@hotmail.com


**قل الحمدللہ و سلام علی عبادہ الذین اصطفی**

(کہہ دیجئے سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور سلام ہے اس کے ان بندوں پر جنہیں اللہ نے برگزیدہ کیا یا چن لیا)

**ناد علیاً مظہر العجائب　　　تجدہ عونالک فی النوائب**

**کل ہم و غم سینجلی　　　بولایتک یا علیؑ یا علیؑ یا علیؑ**

فرمان الٰہی ندائے رسالت ﷺ پناہی ہے شکست کو فتح میں بدلنا **بدبختی** کو خوش نصیبی میں بدلنے کا ایک درنایاب اسم اعظم مشکل کشائی ناد علی شریف میں ہی مستور ہے۔ ہر مومن ناد علی کی ہیبت اور تاثیر سے واقف ہے ناد علی کے اندر بے پناہ خواص روحانی و باطنی اثرات موجود ہیں۔ لیکن اس سے کسی قاعدہ اور ضابطہ کے ذریعہ استفادہ حاصل کرنے کے بارے میں لوگوں کو بہت کم معلومات ہیں۔ مشکلات اور مصائب میں سرگردان مومن و مومنات کیلئے ناد علی شریف کے چند نادر و نایاب قواعد بیان کر رہا ہوں بتائے گئے طریقہ کار پر عمل کر کے انشاء اللہ یقینی طور پر حسب خواہش نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔ ناد علی آپ کو زندگی کے جملہ مصائب و آلام و مشکلات اور ضرورتوں میں بحکم ربانی مشکل کشا ثابت ہوگی۔ حصول علم کشف۔ شفائے امراض۔ قضائے حاجت۔ حفاظت۔ نظر بد۔ حصول دولت۔ دشمنوں سے نجات۔ رد سحر۔ حسب فرمانبرداری اولاد دوستی۔ دشمنی۔ اولاد۔ زبان بندی۔ قید سے رہائی۔ تسخیر الخلائق۔ وسعت رزق۔ دست غیب۔ موافقت زوجین۔ کامیابی وغیرہ۔ **زیارت انبیاء و آئمہ طاہرین**ؑ۔ نوچندی جمعرات (شب جمعہ) بعد نماز شب (تہجد) ایک ہزار مرتبہ گیارہ شب بلاناغہ مکمل کریں۔ اول و آخر 101 مرتبہ درود شریف انشاء اللہ تعالیٰ انبیاء و آئمہ معصومینؑ کی زیارت پاک سے شرف یاب ہوں گے۔ **حصول علم حکمت و کشف القلوب**۔ رات کو سوتے

سے قبل روزانہ 70 یا 140 مرتبہ 40 شب بلاناغہ ورد کریں۔ **شفائے امراض:** ہر نماز کے بعد 22 مرتبہ ورد کریں۔ مریض کو بارش کے پانی پر 110 مرتبہ دم کر کے پلائیں انشاءاللہ شفاء ہوگی۔ **رد سحر:** سحر زدہ روزانہ 11 مرتبہ خود ورد کریں اور پھر اپنے ہاتھوں پر پھونک مار کر اپنے پورے جسم پر پھیرے۔ **حصول دولت (غنا):** رات کو سونے سے قبل 99 مرتبہ اور صبح باطہارت ہوکر 99 مرتبہ قبل نماز فجر ورد کریں۔ یہ عمل 3 ماہ جاری رکھیں انشاءاللہ دولتمندی کے غیب سے اسباب پیدا ہوں گے۔ **دشمنوں سے نجات:** قبرستان کی مٹی پر 70 مرتبہ نادعلی پڑھ کر دشمن کے گھر کے رخ پر ہوا میں مٹی کو اُڑا دیں۔ **دوستی / جذب / موافقت زوجین / صلح فریقین:** جمعہ کی پہلی ساعت میں 786 مرتبہ میٹھی چیز مثل چینی مٹھائی وغیرہ پر دم کریں اور مطلوب یا فریقین کو کھلا دیں یا پلائیں انشاءاللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ **مقدمہ میں کامیابی:** 5 روز تک روزانہ 500 مرتبہ ورد کریں۔ **برائے کشش و محبت زوجین:** زوجہ جمعہ کے روز بعد نماز فجر 47 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو شوہر انتہائی محبت سے پیش آئے۔ **قید سے رہائی:** روزانہ 60 مرتبہ مرتبہ ورد کریں۔ **فراخی رزق / خوشحالی / حصول روزگار / ترقی:** 41 روز تک بلاناغہ روزانہ 41 مرتبہ ورد کریں۔ پہلے نادعلی پھر یہ آیت مبارکہ ہمراہ ورد کریں۔ انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین امنوا الذین یقیمون الصلوٰۃ و یوتون الزکوٰۃ و ھم راکعون (سورۃ المائدہ آیت ۵۵)۔ **حصول اولاد:** نقش نادعلی گلے میں ڈالیں اور زن و مرد دونوں روزانہ 20 مرتبہ ورد کریں آخر میں مقصد کی دعا مانگیں۔ **حل مشکلات و تنگدستی سے نجات:** 40 روز تک روزانہ 70 مرتبہ ورد کریں۔ **تسخیر القلوب و تسخیر الخلائق:** روزانہ بعد نماز عشاء 330 مرتبہ قبل از نماز فجر 110 مرتبہ ورد کو اپنا معمول بنائیں انشاءاللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

**نوٹ:** ہر عمل کے اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کا ورد ضرور کریں۔ آخر میں مقصد کی دعا مانگیں۔ نادعلی شریف کے عمل خاص کے خواہشمند حضرات خط ہمراہ جوابی لفافہ روانہ کر کے ارسال کریں انشاءاللہ بھرپور راہنمائی کروں گا۔ آخر میں نقش نادعلی و لوح مبارکہ پیش کرتا ہوں نقش یا لوح مبارکہ پیشگی اجازت طلب کر کے تیار کریں۔ جو لوگ خود تیار نہ کرسکیں تو معقول ہدیہ پیش کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔ لوح نادعلی کے فضائل یہاں تحریر نہیں کرسکتا۔ مشکل اور مقصد میں تیر بہدف ہے۔ نقش و لوح نادعلی شریف کو تیار کرنے کا بہترین وقت ہر ماہ شرف قمر کی ساعتیں ہیں۔ نادعلی واسم اعظم یاعلی کے صدری وخصوصی ورد و اذکار کے خواہشمند حضرات بذریعہ خط و کتابت یا بالمشافہ رابطہ کریں۔ میری برسوں کی روحانی تحقیق و کاوش کا نچوڑ ہیں اور اپنے اساتذہ کرام سے سینہ بسینہ فیض حاصل کیا ہے۔ اللہ رب العزت بطفیل چہاردہ معصومین آپ کی مشکلات دور فرمائے اور ہم سب کی دعائیں مستجاب فرمائے۔ آمین بحق امام المتقین۔ آخر میں ایک صدری عمل لکھ رہا ہوں جو مجھے سالوں کی دشت نوردی اور آبلہ پائی کے بعد ایک درویش بزرگ مرد قلندر سے ملا ہے۔ امید ہے ایسا عمل آپ کی نظروں سے پہلے کبھی نہیں گزرا ہوگا اور یہ بھی امید کرتا ہوں کہ قارئین وعلوم مخفی کے شائقین اس عمل کو ضرور پسند کریں گے۔

# عمل خاص صدری مجرب

عمل ناد علی میں موجود حروف تہجی کی ترتیب سے ہے جسے میں وضاحت کے ساتھ پیش کرتا ہوں

حروف تہجی ابجد قمری

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د | ه | و | ز | ح | ط | ی | ک | ل | م | ن |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۲۰ | ۳۰ | ۴۰ | ۵۰ |
| س | ع | ف | ص | ق | ر | ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| ۶۰ | ۷۰ | ۸۰ | ۹۰ | ۱۰۰ | ۲۰۰ | ۳۰۰ | ۴۰۰ | ۵۰۰ | ۶۰۰ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ | ۱۰۰۰ |

## حروف ناد علی

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ن | ا | د | ع | ل | ی | ا | م | ظ | ه | ر | ا | ل | ع |
| ۵۰ | ۱ | ۴ | ۷۰ | ۳۰ | ۱۰ | ۱ | ۴۰ | ۹۰۰ | ۵ | ۲۰۰ | ۱ | ۳۰ | ۷۰ |
| ج | ا | ب | ت | ج | د | ه | ع | و | ن | ا | ل | ک | ف |
| ۳ | ۱ | ۲ | ۴۰۰ | ۳ | ۴ | ۵ | ۷۰ | ۶ | ۵۰ | ۱ | ۳۰ | ۲۰ | ۸۰ |
| ی | ا | ل | ن | و | ا | ب | ک | ل | ه | م | و | غ | م |
| ۱۰ | ۱ | ۳۰ | ۵۰ | ۶ | ۱ | ۲ | ۲۰ | ۳۰ | ۵ | ۴۰ | ۶ | ۱۰۰۰ | ۴۰ |
| س | ی | ن | ج | ل | ی | ب | و | ل | ا | ی | ت | ک | ی |
| ۶۰ | ۱۰ | ۵۰ | ۳ | ۳۰ | ۱۰ | ۲ | ۶ | ۳۰ | ۱ | ۱۰ | ۴۰۰ | ۲۰ | ۱۰ |
| ا | ع | ل | ی | ی | ا | ع | ل | ی | ی | ا | ع | ل | ی |
| ۱ | ۷۰ | ۳۰ | ۱۰ | ۱۰ | ۱ | ۷۰ | ۳۰ | ۱۰ | ۱۰ | ۱ | ۷۰ | ۳۰ | ۱۰ |

ناد علی میں کل ستر حروف ہیں عمل کی ترتیب حرف بحرف ہو گی پہلی شب پچاس مرتبہ ناد علی کا ورد کرنا ہو گا دوسری شب ایک مرتبہ تیسری شب چار مرتبہ چوتھی شب ستر مرتبہ ناد علی صغیر کا ورد کرنا ہو گا. علی ہذا القیاس اسی ترتیب سے ستر یوم مکمل کرنے ہیں بعد از تکمیل ستر یوم تا حیات عمل سے استفادہ کے لئے یومیہ گیارہ مرتبہ یا ایک سو دس مرتبہ ورد کو اپنا معمول رکھیں جو حضرات و خواتین کسی بھی عمل سے مستفید نہ ہو سکتے ہوں تو پھر ناد علی کی لوح مبارکہ ہو الیں. انشاء اللہ مطلوبہ مقاصد شرعیہ میں حسب خواہش


کامیابی ہو گی۔ جو مومنین خود نہ تیار کر سکیں وہ جوابی لفافہ بھیج کر رابطہ کریں۔ مکمل کوائف، نام سائل مع اسم والدہ و مقصد تحریر کریں۔

## نقش ناد علیؑ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ناد | علیا | مظهر | العجائب | تجده | عونالک | فی النوائب | کل هم |
| علیا | مظهر | العجائب | تجده | عونالک | فی النوائب | کل هم | وغم |
| مظهر | العجائب | تجده | عونالک | فی النوائب | کل هم | وغم | سینجلی |
| العجائب | تجده | عونالک | فی النوائب | کل هم | وغم | سینجلی | بنبوتک |
| تجده | عونالک | فی النوائب | کل هم | وغم | سینجلی | بنبوتک | یا محمد |
| عونالک | فی النوائب | کل هم | وغم | سینجلی | بنبوتک | یا محمد | بولایتک |
| فی النوائب | کل هم | وغم | سینجلی | بنبوتک | یا محمد | بولایتک | یا علی |
| کل هم | وغم | سینجلی | بنبوتک | یا محمد | بولایتک | یا علی | یا علی |

اس نقش معظم کے بے شمار فائدے ہیں. فتوحات رد سحر بلاوں اور آفتوں سے محفوظ رکھتا ہے یہ نقش فوائد کثیرہ کا حامل ہے. ضرورت مند مومنین و مومنات نوچندی جمعرات جمعہ اتوار کو اس نقش مبارک کو زعفران و عرق گلاب سے لکھ کر چاندی میں مڑھوا کر اپنے گلے یا بازو میں ڈالیں دنیا جس تیغ بہتر کی تلاش میں سرگرداں رہتی ہے وہ یہی نقش معظم ہے۔ —— مرید عباس چوہان عامل روحانی

## لوح ناد علیؑ




لوح ناد علی مربع آتشی ہے یہ لوح چاندی کی تیار کی جائے گی۔ لوح تیار کرنے کی بہترین ساعت شرف قمر ہے. یا پھر کسی بھی سعد ستارے کی سعد ساعت میں تیار کی جاسکتی ہے بوقت تیاری عود لوبان اگر بتی یا خوشبوہائے خوشگوار روشن رکھیں باوضو ہو کر سند کریں

علی اکبر، پشاور

# اعجاز القرآن [کینسر کا علاج]

قارئین امامیہ جنتری میں پہلی بار اپنا مضمون پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ روحانیت، عملیات، حاضرات اور جفر کی دنیا میں قدم رکھے ۱۰ برس گزار چکا ہوں۔ اس دوران فی سبیل اللہ بندگانِ خدا کی خدمت کی ہے۔

میں اپنے مضمون کی ابتدا اپنے روحانی استاد علامہ شاد گیلانی جیسی عظیم ہستی کے نام سے کرتا ہوں جن سے مجھے یہ فیض ملا ہے جیسا کہ مضمون کا نام میں نے اعجاز القرآن منتخب کیا ہے تو کیوں نہ میں قرآن پاک کی چند آیات کا ذکر کروں جن سے میں نے کم علمی کے باوجود ایسے ایسے لاعلاج مریضوں کا علاج کیا جنہیں بڑے بڑے سرجن اور اطبا جواب دے چکے تھے۔

مرض کینسر کو ہی لیجئے۔ اس کا علاج قرآن پاک کی سورۂ ابراہیم میں موجود ہے۔ جب بھی میرے پاس کوئی مریض آتا ہے سورۂ ابراہیم کی آیت پڑھ کر پانچ مرتبہ نادِ علی صغیر پڑھ کر مریض پر پھونک دیتا ہوں پروردگار ائمہ معصومینؑ کے صدقہ میں مریض کو چند دنوں میں شفا دیتا ہے۔ اب تک مجھ جیسے کم علم اور گنہگار سے سینکڑوں لاعلاج مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔

اکثر صاحبِ ثروت حضرات اپنے عزیزوں کو علاج کی غرض سے دیارِ غیر لے جاتے ہیں لیکن اس کے باوجود کئی حضرات کی لاشیں اموات کی صورت میں واپس لائی جاتی ہیں۔ اس کیلئے بھی قرآن پاک میں واضح ہدایات موجود ہیں جو کہ میرے آزمودہ تجربات میں ہیں۔ دیارِ غیر جانے سے پہلے قرآن پاک کے سورۃ الناس سے مدد لی جائے کہ آیا مریض شفا پائے گا یا نہیں؟ اس سورہ کی مدد سے واضح جواب مل جاتا ہے کہ مریض شفا پائے گا یا نہیں اگر جواب مل جائے کہ بچ جائے گا تو میرے خیال میں وطنِ عزیز میں علاج کیا جائے تو بہتر ہوگا۔ یا پھر اسی سورۃ کے عمل بجا لانے سے مریض بچ جائے تو یہ اعجاز القرآن ہوا کہ نہیں؟ بس صرف قرآن کو غور سے پڑھنے سمجھنے اور عمل کرنے سے کچھ حاصل ہوتا ہے۔

مومنین کے لیے قرآن پاک کا زندہ جاوید عمل جو کہ میرے روحانی استاد علامہ شاد گیلانی نے دیا میرا سینکڑوں بار کا آزمودہ اور مجرب عملیات میں سے ہے۔ نذر کر رہا ہوں۔ جب بھی کوئی مریض جس کے گلے میں ٹانسلز ہوں، سوائے آپریشن کے چارہ نہ ہو۔ یا گلے میں دیگر بیماریاں ہوں۔ دل کی بیماری ہو۔ یا جسم کا نچلا دھڑ مفلوج ہو۔ یا جادو وغیرہ کا شک ہو۔ تو مریض کے قد کے برابر سر سے لے کر پاؤں تک تیز رنگ کا نیلا دھاگہ ناپ لیں لیکن اسے توڑنا نہیں پھر اسی دھاگہ کے برابر مزید چھ مرتبہ ناپ لیں۔ کل سات تاریں ہو جائیں گی جب سات تاریں ہو جائیں تو دھاگہ کو کاٹ دیں۔ اب اس دھاگہ پر سورۃ الم نشرح سات بار پڑھ کر ایک گرہ دے دیں۔ گرہ دیتے وقت خیال رکھیں کہ جب آپ پھونکیں تو اپنی پھونک کو گرہ دے دیں۔ اسی طرح یہ عمل مزید چھ بار ذرا ذرا سے فاصلہ پر پڑھ کر گرہ دیں۔ تاکہ تمام دھاگہ گرہ کی زد میں آ جائے یعنی کل دھاگہ کی سات تاریں ہوں ہر سات بار پڑھ کر ایک گرہ دینا ہے۔ اور کل سات گرہ دینا ہے کسی کے گلے میں تکلیف ہو تو گلے کے گرد لپیٹ کر باندھ دیں۔ سینے میں تکلیف ہو یا دل کا عارضہ ہو تو کپڑوں کے نیچے پہن لیں۔ تاکہ ہر وقت جسم سے مس کرے۔ اگر خدانخواستہ جسم کا نچلا دھڑ کسی وجہ سے مفلوج ہو چکا ہو تو دھاگہ کو کمر سے باندھیں۔ تاکہ جسم سے مس رہے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں مریض شفا پا جائے گا لیکن دھاگہ باندھتے وقت یہ خیال رہے کہ جسم ناپاک نہ ہو۔ ناپاک ہونے کی صورت میں اتار دیا کریں پاک ہونے کے بعد دوبارہ باندھ لیں۔ شفایابی کے بعد دھاگہ کو سنبھال کر رکھیں۔ تاکہ بے حرمتی نہ ہو۔ مبادا کسی وقت ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اگر آسیب، جادو، ٹونہ کا شک ہو تو دھاگہ کو دہکتے ہوئے کوئلوں میں ڈال دیں اگر دھاگہ چڑچڑاہٹ کے ساتھ جلے اور بُو کرے تو سمجھ لیں کسی نے جادو کیا ہے۔ پھر یہی عمل چند دن

کریں۔ انشاء اللہ ہر قسم کے جادو، ٹونہ سے چھٹکارا نصیب ہوگا۔ اگر دعا کو جلانے سے چڑچڑاہٹ نہ کرے یا ٹونہ دے تو سمجھ لیں جادو، ٹونہ، آسیب نہیں ہے۔

دست بہ دعا ہوں رب کریم بطفیل آئمہ معصومین علیہم السلام آپ کا ادراک کھولے۔ سمجھ نہ آنے کی صورت میں رجوع کر سکتے ہیں۔ آخر میں گزارش ہے کہ سکون قلب سے مستفیض ہو کر میرے روحانی استاد علامہ شاہ گیلانی (علامہ عباس شاہ) مرحوم کے لیے سورۃ فاتحہ پڑھ دیں۔

علی اکبر، ٹی اینڈ جنرل سٹور، بازار قصہ خوانی پشاور شہر

---

سید ظہور حیدر جارچوی

# استخارۂ تسبیح

نیک کاموں کے لیے اللہ تعالیٰ سے اجازت لینے کو استخارہ کہتے ہیں۔ باوضو قبلہ رو ہو کر تین بار درود شریف پڑھ کر نیت کرے۔ اور کہے، أَسْتَخِيرُ اللهَ بِرَحْمَتِهِ خِيَرَةً فِي عَافِيَةٍ۔ پھر تین بار درود پڑھ کر تسبیح کے کچھ دانے پکڑ کر سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ ایک ایک دانہ پر کہتا چلا جائے۔ اگر سبحان اللہ پر ختم ہوں۔ تو اجازت ہوگی۔ والحمد للہ پر مساوی ہوگا یعنی کام کرنے سے نفع یا نقصان نہ ہوگا۔ مساوی جواب کو بھی انکار سمجھنا چاہیے۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ کا مطلب قطعاً انکار ہوگا۔

استخارہ کے لیے جو اوقات مقرر ہیں ان میں دیکھنا بہتر ہوگا۔

بروز شنبہ (ہفتہ): طلوع آفتاب سے دن چڑھے تک، زوال آفتاب سے عصر تک۔

یکشنبہ (اتوار): طلوع فجر سے ظہر تک، عصر سے شام تک۔

دوشنبہ (پیر): طلوع فجر سے طلوع آفتاب تک، دن چڑھنے سے ظہر تک، عصر سے عشاء تک۔

سہ شنبہ (منگل): دن چڑھنے سے ظہر تک، عصر سے عشاء تک۔

چہار شنبہ (بدھ): صبح سے ظہر تک، عصر سے عشاء تک۔


پنجشنبہ (جمعرات): صبح سے طلوع آفتاب تک، ظہر سے عشاء تک۔

جمعہ: طلوع صادق سے طلوع آفتاب تک، زوال سے عصر تک۔

---

# رجال الغیب یا دساسول

استخارہ یا کوئی اور عمل کرنے سے پہلے دیکھ لے کہ منہ رجال الغیب کی طرف تو نہیں۔ اگر ہوگا تو جواب مشکوک ہو جائے گا۔ لہٰذا رخ دوسری طرف کر لینا چاہیے۔ جمعہ اور اتوار کے علاوہ ہر دن قبلہ رو ہو کر استخارہ دیکھ سکتے ہیں۔ باقی دنوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔




رجال الغیب کے متعلق کہا جاتا ہے کہ ایک بے اولاد شخص حضور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر طالب اولاد ہوا۔ حضورؐ نے کوئی شہ دانے دار ایک مٹھی بھر کر عطا فرما دی۔ اور ہدایت کر دی کہ ان میں سے ایک دانہ کھاؤ گے تو ایک بیٹا پیدا ہوگا۔ کل دانے چالیس تھے۔ سائل نے سب دانے کھا لیے۔ اس کی زوجہ کے بطن سے بیک وقت چالیس بیٹے پیدا ہو گئے وہ گھبرا گیا اور ایک ٹوکرے میں سب کو رکھ کر حضورؐ کی خدمت میں لے جا کر بولا سرکار مجھ سے غلطی ہو گئی سارے دانے بیک وقت کھا لیے۔ اب ان چالیس بچوں کی پرورش کیسے ہوگی؟

حضورؐ نے فرمایا تم ان کی پرورش نہ کر سکو گے۔ ان کو ایسے ہی لے جا کر رکھو اور ان کے گرد ایک گنبد تعمیر کر دو۔ اللہ تعالیٰ خود ہی ان کی پرورش کریگا۔ وہ چالیس لڑکے بحکم خدا پرورش پا کر رجال الغیب مشہور ہو گئے جو دنیا کے گرد چکر لگاتے رہتے ہیں اور ان کے قیام یا دورے کے دن مقرر ہیں۔ اگر عامل ان کی طرف رخ کر کے عمل کرتا ہے تو کامیابی نہیں ہوگی۔ لہٰذا جدھر وہ ہوں۔ ادھر رخ نہیں کرنا چاہیے۔ اگر مجبوراً کسی اور طرف رخ نہ کر سکتا ہو۔ تو عمل کرتے وقت اپنا ایک ہاتھ اٹھا کر ان کی طرف کر کے اور عمل کر لے تو کامیابی ممکن ہو سکتی ہے۔ (عملیات النیات)

# مجرّب عملیات و دعاؤں کی عظیم تاثیریں

عامل روحانی سید شمیم عباس شاہ رضوی شاگرد و فرزند علامہ سید محمد رضی مجتہد (مرحوم)
سی/۹۶، بلاک ۱۰، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ فون: ۶۳۰۲۵ ۹۳

## ۱۔ نماز حاجت۔ دفع تمام مشکلات

حاجتمند دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ یٰسین۔ دوسری رکعت میں بھی بعد الحمد کے سورۂ یٰسین جب نماز ختم ہوجائے تو ایک ہزار بار سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔ پڑھے اس کے بعد سو بار درود شریف پڑھ کر اللہ سے اپنی حاجت مانگے۔

نوٹ: نماز کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر پڑھی جاسکتی ہے اپنی طاقت و قوت کے مطابق۔

## ۲۔ سورۂ یٰسین

اس طرح پڑھے کہ جب آیت سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پر پہنچے تو اس آیت کو ۷۲ بار تلاوت کرے پھر پورا سورہ مکمل کرے۔ نماز فجر بعد نماز عشا کسی مرض یا حاجت کے لیے کم از کم ۴۱ دن پڑھے۔

## ۳۔ سخت دل کو نرم دل کرنے کا طریقہ

اسم اَلْمَلِکُ کو جو شخص ہر نماز کے بعد ۱۱۰ بار پڑھے سخت دل شخص اس کا مطیع ہوگا۔

## ۴۔ جب کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو

تو جمعہ کی رات کو مغرب کی نماز پڑھ کر اس کے آخری سجدہ میں سو بار یہ دعا پڑھے۔
یَا اَللّٰہُ یَا رَبُّ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِکَ اَسْتَغِیْثُ پھر اپنی حاجت طلب کرے۔

## ۵۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ڈھائی ہزار (۲۵۰۰) بار سات جمعرات بعد عشاء پڑھنے سے ہر جائز خواہش پوری ہوگی۔ درود اوّل و آخر ۱۲ بار۔

۶۔ اگر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو اس طرح لکھ کر ۱۱۰ بار بانجھ عورت کے گلے میں ڈالا جائے تو اولاد والی ہوگی۔

**بسم اللہ لکھنے کا طریقہ:** ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م ــــ اور اگر اسی طرح ۲۵ بار لکھ کر گھر پر لٹکا دیا جائے تو جن و آسیب سے محفوظ رہے گا۔

## ۷۔ حدیث نبوی

مریض کے لیے پاک پانی (کنویں کا) پر سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی سات بار پڑھے اور معوذتین، الکوثر (۷) بار پڑھ کر دم کرے اور اس پانی کو تین روز نہار منہ پی لے تو ہر بیماری اور بلا سے محفوظ رہے گا۔

## ۸۔ قیام حمل کے لیے

کچے سوت کے دھاگے پر پڑھ کر گرہ دے (ایک گرہ) اور کنویں یا بارش کے پانی پر پڑھ کر عورت کو پلائے اور دھاگہ عورت کی کمر سے باندھے حمل قائم رہے گا۔ اسمائے اللہ یہ ہیں:
یَا رَقِیْبُ۔ یَا وَکِیْلُ یَا اَللّٰہُ۔ صرف ایک بار پڑھنا کافی ہے۔

## ۹۔ طلب رزق

پنجشنبہ کے دن اور پھر ہر شب جمعہ میں مقام خلوت (تنہائی) میں ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ درود اوّل و آخر سو بار۔ اسم یہ ہے:
اَلْمُعْطِیْ ھُوَ اللّٰہُ۔

## ۱۰۔ گمشدہ و قید سے نجات

اگر کسی بے گناہ کو قید و مصیبت سے نجات دلانا ہو تو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو سات ہزار (۷۰۰۰) بار پڑھا جائے۔ درود اوّل و آخر سو بار۔ یہ عمل ایک فرد کے علاوہ سات افراد بھی کرسکتے ہیں (۲۱ دن) یعنی فی فرد ہزار بار۔

---

**التماس سورۂ فاتحہ**

حضرت علامہ سید محمد رضی مجتہد ابن علامہ سید محمد مجتہد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

راجہ افتخار عامل کراچی

# مفتح کثیر المقاصد

فی زمانہ اکثر افراد تنگیٔ معاش، قرض بے برکتی عدم ترقی، مخالف کی حسد بغض سحر آسیب کی وجہ سے بندش رشتہ، مقدمے بازی، گھر میں ناچاکی باہر کام میں رکاوٹ کا شکار ہیں۔ ان کی بندش کھولنے اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے اپنے اُستاد محترم آغا حسنین احمد عامل آف ہیتھیم ضلع بہاولپور کا عطا کردہ ایسا عمل قارئینِ امامیہ جنتری کے لیے پیش کرتا ہوں جو متعدد بار تجربے سے صحیح ثابت ہو چکا ہے۔ قرآن پاک کا قلب سورۂ یٰسٓ ہے اور سورۂ یٰسٓ کا قلب سورۂ فاتحہ ہے۔ سورۂ فاتحہ کا قلب بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہ کا قلب بِسْمِ اللّٰہِ کی "ب" ہے۔ اور "ب" کا نقطہ مولائے کائنات امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام ہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے حروف انیس ۱۹ اور پنجتن پاک محمدؐ علیؑ فاطمہؑ حسنؑ حسینؑ کے بھی حروف ۱۹ بنتے ہیں۔ آپ کا جو بھی مقصد ہو امام بارگاہ یا مسجد یا گھر کے کونے میں وقت اور جگہ کا تعین کریں پھر بعد عشاء موسم کی مناسبت سے غسل کریں۔ لباس کو خوشبو سے معطر کریں۔ اگربتی جلائیں۔ چاند کی پہلی۔ دوسری تیسری شب چھوڑ کر چاند کی چار سے ورد شروع کریں۔ اُنیس ۱۹ شب تک لگاتار ورد کریں۔ انیس ۱۹ دن تک اچار۔ کچا پیاز۔ کچا لہسن۔ کچا ٹماٹر۔ ہر قسم کی چٹنی نہ کھائیں۔ دوران ورد اگر مقصد جلد پورا ہو جائے تب بھی ورد انیس ۱۹ شب تک مکمل کریں۔ ورد یہ ہے اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار دُرود شریف درمیان میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اس تعداد سے پڑھیں جو میں لکھ رہا ہوں۔ اُوپر کا نمبر شب کا ہے اور نیچے ورد کی تعداد ہے۔

| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۸۸ | ۸۲۶ | ۸۲۶ | ۷۸۷ | ۸۱۶ | ۸۱۶ | ۷۹۱ | ۷۸۷ | ۸۱۶ | ۹۸۶ |

| ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۹۳ | ۷۲۶ | ۸۳۶ | ۸۸۷ | ۸۱۶ | ۹۸۶ | ۷۹۴ | ۷۹۶ | ۸۲۶ |

روزانہ ورد کے بعد اپنے مقصد کی دُعا کریں۔ انیس (۱۹) شب میں ورد کی تعداد پندرہ ہزار چھ سو بیس (۱۵۶۲۰) مکمل ہو جائیگی اب آپ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے عامل بن چکے ہیں۔ بشرطیکہ اکل حلال و صدق مقال ہو۔ یہ نقش بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے آگے پیچھے یکساں اضلاع سے زعفران و قلم انار شیریں سے بنائیں پلاسٹک کوٹنگ کروا کر اس پر ۷۸۶ بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا ورد کر کے دم کریں اور پرس میں رکھیں۔ اگر عامل بنا کے تو سائل کو ہدایت کریں کہ وہ بھی انیس شب تک اسی نقش پر ۷۸۶ بار روزانہ ورد کیا کرے تاکہ حصول مقصد میں آسانی ہو نقش کے دائیں طرف نام سائل مع والدہ اور بائیں جانب مقصد درج کریں۔ مقصد پورا ہونے کے ایسے اسباب منجانب اللہ تعالیٰ ہونگے کہ عقل دنگ رہ جائیگی

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| الرحیم ۹ | الرحمن ۶ | اللہ ۳ | بسم ۱۶ |
| اللہ ۴ | بسم ۱۵ | الرحیم ۱۰ | الرحمن ۵ |
| بسم ۱۴ | اللہ ۱ | الرحمن ۸ | الرحیم ۱۱ |
| الرحمن ۷ | الرحیم ۱۲ | بسم ۱۳ | اللہ ۲ |

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹۷ / ۹ | ۱۹۴ / ۶ | ۱۹۱ / ۳ | ۲۰۴ / ۱۶ |
| ۱۹۲ / ۴ | ۲۰۳ / ۱۵ | ۱۹۸ / ۱۰ | ۱۹۳ / ۵ |
| ۲۰۲ / ۱۴ | ۱۸۹ / ۱ | ۱۹۶ / ۸ | ۱۹۹ / ۱۱ |
| ۱۹۵ / ۷ | ۲۰۰ / ۱۲ | ۲۰۱ / ۱۳ | ۱۹۰ / ۲ |

مضمون کی کوئی بات اگر سمجھ میں نہ آئے تو جوابی لفافہ بھیج کر وضاحت مفت طلب کریں۔

—— راجہ افتخار عامل، مکان نمبر ۲۸۸، سروے نمبر ۵۵۵، افتخار یاسر سوسائٹی، عقب مرکزی امام بارگاہ ملیر کراچی

# اسرار غیبی

علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی مشہدی

494 ... 106 ... 8/4

ہر دور میں انسان ایک غیبی مددگار اور غیبی طاقت کا متلاشی رہا ہے کہ جو بوقت مشکل اس کی مشکل دور کرے لہٰذا ہر دور کے عاملین کاملین اور علماء ربانیین نے حتی المقدور دکھی انسانیت کی خدمت کی ہے لہٰذا اسلاف صالحین کی پیروی میں چند مجربات حاضر خدمت ہیں امید ہے۔ حسب سابق امامیہ جنتری کے قارئین گرامی قدر استفادہ فرمائیں گے اور دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں گے۔ نیز بانی عالی امامیہ جنتری کے حق میں دعا ضرور کریں۔

## اول ختم امن یجیب

امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السوا

کئی طریقوں سے عاملین نے پڑھا ہے ایک عمل کارگر یہ ہے کہ شب جمعہ دو رکعت نماز حاجت پڑھنے کے بعد اس آیت کو 2732 مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے حاجت پوری ہو جائے گی۔

## دوم ختم یا علیؑ

دس شب بلا ناغہ نماز عشاء کے بعد دو رکعت نماز حاجت پڑھے پھر 132 مرتبہ صلوات پھر 1140 مرتبہ یا علیؑ کہے اور پھر 14 مرتبہ صلوات پڑھنے کے بعد 110 مرتبہ یا ابا الحسن یا علیؑ ابن ابی طالب ادرکنی کہنے کے بعد اپنے مولا آقا سے مدد طلب کرے یقیناً اس کی مشکل کشائی ہو جائے گی۔

## سوم حفاظت مال و اولاد کے لئے

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَ اِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ

حفاظت اولاد، مال، عزت، جان کے لئے بہت موثر ہے۔ ہر روز 2420 دو ہزار چار سو بیس مرتبہ پڑھنا مذکورہ مقاصد کے لئے مفید ہے۔

## چہارم حاجت کے لئے

سورہ مبارکہ بنی اسرائیل کو حاجت کے لئے سات مرتبہ سات دن بلا ناغہ قبلہ رو ہو کر اکیلے کمرے میں بیٹھ کر پڑھنے سے حاجت کیسی ہی کیوں نہ ہو پوری ضرور ہو جاتی ہے شرط یہ ہے کہ دوران پڑھائی کسی سے بات نہ کرے اور اعتقاد یقین سے پڑھے

## ششم امام حسین علیہ السلام سے مدد مانگنے والا محروم نہیں رہتا

حضرت سید الشہداء امام حسین علیہ السلام باب المراد اور کشتی نجات ہیں آپ کا توسل کرنے والا آپ سے مدد مانگنے والا کبھی بھی محروم نہیں ہوا۔ کاملین نے ایک عمل یہ بھی لکھا ہے کہ حاجت مند امام بارگاہ میں منبر حسینیؑ کا پایہ پکڑ کر یا تعزیہ یا علم کے پاس بیٹھ کر اس کو اپنے ہاتھ میں لے کر زیارت عاشورہ پڑھے پھر دعا علقمہ پڑھے اور اس کے بعد ہزار مرتبہ یہ کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ الْحُسَیْنُ اَنَا
خَادِمُکَ ابْنُ خَادِمِکَ یَا مَوْلَایَ اَغِثْنِیْ

منبر تعزیہ یا علم کو بوسہ دے کر روتے ہوئے حضرت امام حسین علیہ السلام کو آپ کی مادر پہلو شکستہ سلام اللہ علیہا کی قسم دے کر دعا مانگے۔ 14 دن تک بلا ناغہ اسی طرح استغاثہ کرنے والا دامن مراد بھر لیتا ہے۔

## ششم سورہ الحمد محبت و تسخیر کے لئے

| 22 | 4:49 | 6:10 | 11:47 | 5:24 | 6:04 | 0:13 | 4:19 | 6:32 | 6:00 |
| 23 | 4:50 | 6:11 | 11:47 | 5:23 | 6:03 | 0:13 | 4:20 | 6:33 | 5:59 |
| 24 | 4:50 | 6:12 | 11:47 | 5:22 | 6:02 | 0:13 | 4:20 | 6:33 | 5:58 |
| 25 | 4:51 | 6:13 | 11:47 | 5:21 | 6:01 | 0:13 | 4:21 | 6:34 | 5:57 |
| 26 | 4:52 | 6:14 | 11:47 | 5:20 | 6:00 | 0:13 | 4:22 | 6:35 | 5:57 |
| 27 | 4:52 | 6:15 | 11:47 | 5:19 | 5:59 | 0:13 | 4:22 | 6:35 | 5:56 |
| 28 | 4:53 | 6:15 | 11:47 | 5:18 | 5:58 | 0:13 | 4:23 | 6:36 | 5:55 |
| 29 | 4:54 | 6:16 | 11:47 | 5:17 | 5:57 | 0:13 | 4:24 | 6:37 | 5.54 |
| 30 | 4:54 | 6:17 | 11:47 | 5:16 | 5:56 | 0:13 | 4:24 | 6:37 | 5.54 |
| 31 | 4:55 | 6:17 | 11:47 | 5:15 | 5:55 | 0:13 | 4:25 | 6:38 | 5:53 |

## ہدایات حضرت امام رضا علیہ السلام بابت ماہ اکتوبر

چربی اور مصالحہ دار گوشت، اچار، چٹنی سے پرہیز چاہیے۔ پانی کم پینا چاہیئے۔ ورزش مفید ہے۔

# اسلامی تقویم

ماہ رمضان کا چاند دیکھ کر سورہ محمد (پارہ ۲۶) یا [illegible] کی سورت [illegible] دیکھیں۔

| ایام (30) | عیسوی 2001 | بکرمی 2058 | شمسی 1922 | سیارگان در بروج | قمر در بروج | قمر در منازل | ۱۴۲۲ شعبان | نیک / نحس | اسلامی تقویم | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جمعرات | 1 | 16 | 10 | | | دبران 10/6 | ۱۴ | نحس اکبر | شب برات (دن گزرنے کے بعد) | |
| جمعہ | 2 | 17 | 11 | | | ھقعہ 10/16 | ۱۵ | نیک | ولادت حضرت امام مہدی علیہ السلام | |
| ہفتہ | 3 | 18 | 12 | | قمر در جوزا 2.14 | ھنعہ 9/18 | ۱۶ | نحس | تعمیر کے لئے نیک | |
| اتوار | 4 | 19 | 13 | | | ذراع 8/46 | ۱۷ | متوسط | قرض لینے دینے کے لئے بد | [illegible] |
| سوموار | 5 | 20 | 14 | | قمر در سرطان 8.45 | نثرہ 8/44 | ۱۸ | نیک | | |
| منگل | 6 | 21 | 15 | | | طرف 7/34 | ۱۹ | نیک | | |
| بدھ | 7 | 22 | 16 | | قمر در اسد 13.35 | جبہ 6/6 | ۲۰ | نحس | تعمیر کے لئے نیک | |
| جمعرات | 8 | 23 | 17 | [illegible] 19.29 | | زبرہ 4/22 | ۲۱ | نحس | | |
| جمعہ | 9 | 24 | 18 | | قمر در سنبلہ 18.50 | صرفہ 2/16 عوا 23/18 | ۲۲ | نیک | | سالگرہ علامہ اقبال |
| ہفتہ | 10 | 25 | 19 | | | سماک 20/45 | ۲۳ | نیک | | |
| اتوار | 11 | 26 | 20 | | قمر در میزان 18.54 | غفر 18/53 | ۲۴ | نحس | | |
| سوموار | 12 | 27 | 21 | | | زبانا 16/12 | ۲۵ | نحس | | |
| منگل | 13 | 28 | 22 | | [illegible] 20.46 | اکلیل 13/34 | ۲۶ | نحس اکبر | | قمر در عقرب شروع |
| بدھ | 14 | 29 | 23 | | [illegible] | قلب 11/8 | ۲۷ | نیک | | |
| جمعرات | 15 | 30 | 24 | | [illegible] 23.52 | شولہ 9/00 | ۲۸ | نیک | نکاح کے لئے بد | قمر در عقرب ختم |
| جمعہ | 16 | مگھر | 25 | | | نعائم 6/34 | ۲۹ | نیک | نکاح کے لئے بد | |
| ہفتہ | 17 | 2 | 26 | | | بلدہ 5/24 | رمضان | نیک | | |
| اتوار | 18 | 3 | 27 | | قمر در جدی 5.41 | ذابح 5/40 | ۲ | نیک | | |
| سوموار | 19 | 4 | 28 | | | بلع 5/46 | ۳ | نحس اکبر | | |
| منگل | 20 | 5 | 29 | | قمر در دلو 14.56 | سعود 6/30 | ۴ | نیک | سفر کے لئے بد | |
| بدھ | 21 | 6 | 30 | | | اخبیہ 7/50 | ۵ | نحس | | |
| جمعرات | 22 | 7 | قوس | شمس در قوس 11.02 | | مقدم 9/34 | ۶ | نیک | توریت نازل ہوئی | |
| جمعہ | 23 | 8 | 2 | | قمر در حوت 2.53 | موخر 10/40 | ۷ | نیک | | |
| ہفتہ | 24 | 9 | 3 | | | رشا 12/38 | ۸ | نیک | سفر کے لئے بد | |
| اتوار | 25 | 10 | 4 | | قمر در حمل 15.22 | شرطین 15/22 | ۹ | نیک | | |
| سوموار | 26 | 11 | 5 | عطارد در قوس 23.26 | | بطین 16/50 | ۱۰ | نحس | وفات بی بی خدیجۃ الکبریٰ سلام اللہ علیہا | |
| منگل | 27 | 12 | 6 | | | ثریا 17/50 | ۱۱ | نیک | | |
| بدھ | 28 | 13 | 7 | | قمر در ثور 2.07 | دبران 18/22 | ۱۲ | نیک | نزول انجیل | روز مواخات |
| جمعرات | 29 | 14 | 8 | | | ھقعہ 18/20 | ۱۳ | نحس | | |
| جمعہ | 30 | 15 | 9 | | قمر در جوزا 10.05 | ھنعہ 17/3 | ۱۴ | نیک | | |

## [illegible]

| نومبر | لاہور | | | | | | | کراچی | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاریخ | طلوع فجر | طلوع آفتاب | زوال آفتاب | غروب آفتاب | غروب شفق | زوال شب | آخر شب | طلوع آفتاب | غروب آفتاب |
| 1 | 4:56 | 6:18 | 11:46 | 5:14 | 5:54 | 0:14 | 4:26 | 6:39 | 5:52 |
| 2 | 4:57 | 6:19 | 11:46 | 5:13 | 5:53 | 0:14 | 4:27 | 6:39 | 5:52 |
| 3 | 4:57 | 6:20 | 11:46 | 5:13 | 5:53 | 0:14 | 4:27 | 6:40 | 5:51 |
| 4 | 4:58 | 6:20 | 11:46 | 5:12 | 5:52 | 0:14 | 4:28 | 6:40 | 5:51 |
| 5 | 4:59 | 6:21 | 11:46 | 5:11 | 5:51 | 0:14 | 4:29 | 6:41 | 5:50 |
| 6 | 5:00 | 6:22 | 11:47 | 5:11 | 5:51 | 0:14 | 4:30 | 6:41 | 6:50 |
| 7 | 5:00 | 6:23 | 11:47 | 5:10 | 5:50 | 0:13 | 4:30 | 6:42 | 5:49 |
| 8 | 5:01 | 6:24 | 11:47 | 5:09 | 5:49 | 0:13 | 4:31 | 6:43 | 5:49 |
| 9 | 5:02 | 6:25 | 11:47 | 5:08 | 5:48 | 0:13 | 4:32 | 6:44 | 5:48 |
| 10 | 5:02 | 6:26 | 11:47 | 5:07 | 5:47 | 0:13 | 4:32 | 6:44 | 5:48 |
| 11 | 5:03 | 6:26 | 11:47 | 5:07 | 5:47 | 0:13 | 4:33 | 6:45 | 5:47 |
| 12 | 5:04 | 6:27 | 11:47 | 5:06 | 5:46 | 0:13 | 4:34 | 6:45 | 5:47 |
| 13 | 5:05 | 6:28 | 11:47 | 5:06 | 5:46 | 0:13 | 4:35 | 6:46 | 5:46 |
| 14 | 5:06 | 6:29 | 11:47 | 5:05 | 5:45 | 0:13 | 4:35 | 6:47 | 5:46 |
| 15 | 5:07 | 6:30 | 11:47 | 5:05 | 5:45 | 0:13 | 4:36 | 6:48 | 5:45 |
| 16 | 5:08 | 6:31 | 11:48 | 5:04 | 5:44 | 0:12 | 4:37 | 6:48 | 5:45 |
| 17 | 5:08 | 6:32 | 11:48 | 5:04 | 5:44 | 0:12 | 4:38 | 6:49 | 5:44 |
| 18 | 5:08 | 6:33 | 11:48 | 5:03 | 5:43 | 0:12 | 4:38 | 6:49 | 5:44 |
| 19 | 5:09 | 6:34 | 11:48 | 5:03 | 6:43 | 0:12 | 4:39 | 6:50 | 5:44 |
| 20 | 5:10 | 6:35 | 11:48 | 5:02 | 5:42 | 0:12 | 4:40 | 6:51 | 6:44 |
| 21 | 5:10 | 6:36 | 11:49 | 5:02 | 5:42 | 0:11 | 4:40 | 6:52 | 5:43 |
| 22 | 5:11 | 6:37 | 11:49 | 5:02 | 5:42 | 0:11 | 4:41 | 6:52 | 5:43 |
| 23 | 5:12 | 6:37 | 11:49 | 5:01 | 5:41 | 0:11 | 4:42 | 6:53 | 5:43 |
| 24 | 5:13 | 6:38 | 11:49 | 5:01 | 5:41 | 0:11 | 4:43 | 6:54 | 5:43 |
| 25 | 5:14 | 6:39 | 11:50 | 5:01 | 5:41 | 0:10 | 4:44 | 6:55 | 6:43 |
| 26 | 5:14 | 6:40 | 11:50 | 5:00 | 5:40 | 0:10 | 4:44 | 6:55 | 6:43 |
| 27 | 5:15 | 6:41 | 11:50 | 5:00 | 5:40 | 0:10 | 4:45 | 6:56 | 5:43 |
| 28 | 5:15 | 6:42 | 11:51 | 5:00 | 5:40 | 0:09 | 4:45 | 6:57 | 5:43 |
| 29 | 5:17 | 6:42 | 11:51 | 5:00 | 5:40 | 0:09 | 4:47 | 6:58 | 5:42 |
| 30 | 5:17 | 6:43 | 11:51 | 5:00 | 5:40 | 0:09 | 4:47 | 6:58 | 5:42 |

## ہدایات حضرت امام رضا علیہ السلام بابت ماہ نومبر

رات کو پانی پینا صحت کے لیے مضر ہے۔ غسل میں کمی چاہیے۔ ساگ، پودینہ اور ادرک سے پرہیز۔ نہار منہ ایک گھونٹ پانی پینا مفید ہے۔

## قضائے حاجات

نہایت مجرب عمل ہے شب کے آخری حصہ میں باوضو رو بقبلہ خلوت کی جگہ بیٹھ کر ہزار مرتبہ پڑھے: فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ہر سو مرتبہ پڑھنے کے بعد کہے: اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ حَاجَتِیْ۔ یہاں حاجت کا ذکر کرنے کے بعد کہے: اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ تین رات متواتر عمل کرے۔ (مشکل کشا۔ کلاسک)

## ماہِ رمضان المبارک کے اعمال

یہ مہینہ خداوند عالم کا مہینہ کہلاتا ہے تمام آسمانی صحیفے اسی ماہ میں نازل ہوئے مثلاً یکم رمضان کو صحیفہ ابراہیم نازل ہوا ۶ رمضان کو نزول توراۃ، ۱۲ رمضان کو نزول انجیل، ۱۸ رمضان کو نزول زبور اور ۲۳ رمضان کو نزول قرآن ہوا۔ لیلۃ القدر جو ہزار مہینوں سے بہتر اور افضل ہے۔ اسی ماہ مبارک میں ہے۔ اس مہینے کے دن روزہ کے مخصوص ہیں۔ اور ہر بالغ، عاقل اور صحت مند آدمی پر اللہ تعالیٰ نے روزہ فرض کیا ہے۔ روزہ صرف کھانے پینے سے رک جانے ہی کو نہیں کہتے۔ بلکہ اس ماہ آنکھ، کان، ناک، زبان، خیال اور جسم کے دیگر اعضاء کا بھی روزہ ہوتا ہے۔ پاکیزگی، پرہیزگاری اور تقویٰ اور تزکیۂ نفس کی مشق اسی مہینے میں ہوتی ہے۔ اس ماہ کے روزمرہ کے اعمال، وظائف اور ادعیہ کی تفصیل تحفۃ العوام مقبول جدید میں دیکھئے۔ تلاوت قرآن مجید کا اس ماہ میں زیادہ ثواب ہے۔ یہ توبہ و استغفار کا مہینہ ہے۔ منقول ہے سحر و افطار کے وقت سورۃ انا انزلنا پڑھے اگر ان دونوں وقتوں کے درمیان مرجائے تو شہید راہ خدا کا ثواب ملتا ہے۔

ماہ رمضان کی انیسویں، اکیسویں اور تئیسویں شب کے بارے میں احادیث و روایات ملتی ہیں کہ شب قدر ان میں سے ہے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں سورۃ قدر میں اسی رات کی فضیلت کا ذکر فرمایا ہے ان راتوں میں غسل کرنا سنت مؤکدہ ہے بہتر ہے غروب آفتاب کے بعد غسل کرے اور نماز مغرب با غسل پڑھے اور عمل قرآن کرے۔ ان شبوں میں سو رکعت نماز پڑھنا سنت ہے۔ شب بیداری اور قضا نمازوں کی ادائیگی کا بھی بڑا ثواب ہے۔ شب قدر کی ہر رکعت دوسرے مہینوں کی ہزار رکعت سے افضل قرار پائی ہے۔ تلاوت قرآن پاک اور درود شریف کا بھی بے اندازہ ثواب ہے۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ جو شخص سورۃ عنکبوت اور سورۃ روم شب قدر میں پڑھے وہ اہل بہشت سے ہے۔ خصوصاً تئیسویں شب میں سو رکعت نماز پڑھنے کا بڑا ثواب ہے۔ اگر کھڑے ہو کر نہ پڑھ سکے تو بیٹھ کر پڑھے۔ اور زیارت امام حسین علیہ السلام بھی پڑھنے کا بے حد ثواب ہے۔ اعمال کی تفصیل کے لیے تحفۃ العوام مقبول جدید یا تحفہ نماز جعفریہ جدید ملاحظہ کریں۔

مطبوعہ افتخار بک ڈپو اسلام پورہ لاہور

اسلامیہ تقویم بہ مطابق دسمبر 2001 عیسوی / DEC — مطابق رمضان / شوال ۱۴۲۲ ہجری

ماہ شوال کا چاند دیکھ کر آب رواں، فیروزہ، سورۂ فتح یا سورۂ مومنون دیکھیں۔

| عمومی تقویم | | | | استخراج وکوائف سیارگان (مطابق اہل اسلام) | | | اسلامی تقویم | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایام | عیسوی 2001 | بکرمی 2058 | شمسی 1922 | سیارگان در بروج | قمر در بروج | قمر در منازل | ۱۴۲۲ رمضان | نیک نحس | اسلامی معلومات (ولادت و شہادت معصومین) | |
| 31 | دسمبر | مگھر | قوس | | | | | | | |
| ہفتہ | 1 | 16 | 10 | | | زراعہ 16/4 | ۱۵ | نیک | ولادت حضرت امام حسن علیہ السلام ۳ ھ | |
| اتوار | 2 | 17 | 11 | زہرہ در قوس 16.13 | قمر در سرطان 15.31 | نثرہ 15/30 | ۱۶ | نحس | تعمیر کے لئے نیک | |
| سوموار | 3 | 18 | 12 | | | طرفہ 13/50 | ۱۷ | میانہ | قرض لینے دینے کے لئے بد | فتح جنگ بدر |
| منگل | 4 | 19 | 13 | | قمر در اسد 19.17 | جبہ 11/54 | ۱۸ | نیک | شب قدر۔ نزول زبور | |
| بدھ | 5 | 20 | 14 | | | زبرہ 9/52 | ۱۹ | نحس | ضربت بر سر اقدس مولا علیؑ | روز غم |
| جمعرات | 6 | 21 | 15 | | قمر در سنبلہ 22.12 | صرفہ 7/46 | ۲۰ | نحس اکبر | شب قدر | روز غم |
| جمعہ | 7 | 22 | 16 | | | عوا 4/42 | ۲۱ | نحس اکبر | شہادت مولا علیؑ در مسجد کوفہ ۴۰ھ | روز غم |
| ہفتہ | 8 | 23 | 17 | | | سماک 2/26 | ۲۲ | نیک | شب قدر | |
| اتوار | 9 | 24 | 18 | مریخ در دلو 2.53 | قمر در میزان 0.58 | غفر 0/57 زبانہ 22/48 | ۲۳ | نیک | نزول قرآن پاک | |
| سوموار | 10 | 25 | 19 | | | اکلیل 20/46 | ۲۴ | نحس اکبر | | |
| منگل | 11 | 26 | 20 | | قمر در عقرب 4.10 | قلب 18/58 | ۲۵ | نحس | | قمر در عقرب شروع |
| بدھ | 12 | 27 | 21 | | محاق | شولہ 17/22 | ۲۶ | نیک | نکاح و سفر کے لئے بد | |
| جمعرات | 13 | 28 | 22 | | قمر در قوس 8.31 | نعائم 15/20 | ۲۷ | نیک | | قمر در عقرب ختم |
| جمعہ | 14 | 29 | 23 | | | بلدہ 14/26 | ۲۸ | نیک | یوم القدس | جمعۃ الوداع |
| ہفتہ | 15 | 30 | 24 | | قمر در جدی 14.49 | ذابح 14/48 | ۲۹ | نیک | نکاح کے لئے بد | |
| اتوار | 16 | پوہ | 25 | عطارد در جدی 0.58 | | بلع 14/50 | ۳۰ | نیک | نکاح کے لئے بد | |
| سوموار | 17 | 2 | 26 | | قمر در دلو 23.44 | سعود 15/40 | شوال | نیک | عید الفطر | |
| منگل | 18 | 3 | 27 | | | اخبیہ 16/28 | ۲ | نحس اکبر | [illegible] | |
| بدھ | 19 | 4 | 28 | | | مقدم 17/58 | ۳ | نحس | | |
| جمعرات | 20 | 5 | 29 | | قمر در حوت 11.10 | مؤخر 18/56 | ۴ | نیک | سفر کے لئے بد | |
| جمعہ | 21 | 6 | جدی | شمس در جدی 0.22 | | رشا 20/54 | ۵ | نحس | | |
| ہفتہ | 22 | 7 | 2 | | قمر در حمل 23.46 | شرطین 23/46 | ۶ | نحس | | |
| اتوار | 23 | 8 | 3 | | | | ۷ | نیک | | |
| سوموار | 24 | 9 | 4 | | | بطین 1/30 | ۸ | نحس | یوم انہدام جنت البقیع | سالگرہ قائد اعظم |
| منگل | 25 | 10 | 5 | | قمر در ثور 11.13 | ثریا 2/50 | ۹ | نیک | | |
| بدھ | 26 | 11 | 6 | زہرہ در جدی 12.28 | | دبران 3/42 | ۱۰ | نیک | آغاز غیبت کبریٰ | |
| جمعرات | 27 | 12 | 7 | | قمر در جوزا 19.40 | ہقعہ 3/52 | ۱۱ | نیک | | |
| جمعہ | 28 | 13 | 8 | | | ہنعہ 2/38 | ۱۲ | نیک | | |
| ہفتہ | 29 | 14 | 9 | | | ذراع 1/34 | ۱۳ | نحس | | |
| اتوار | 30 | 15 | 10 | | قمر در سرطان 0.41 | نثرہ 0/46 طرفہ 22/32 | ۱۴ | نیک | | |
| سوموار | 31 | 16 | 11 | | | جبہ 20/2 | ۱۵ | نحس | شہادت حضرت امام جعفر صادقؑ | شہادت حضرت حمزہ |

## ماہ تقویم ماہ جنوری ۲۰۰۲ مطابق شوال/ ذیقعد ۱۴۲۲

| ایام | جنوری ۲۰۰۲ء | شوال ۱۴۲۲ | نیک ونحس | اسلامی معلومات |
|---|---|---|---|---|
| منگل | 1 | 16 | نحس | تعمیر مکان کیلئے نیک |
| بدھ | 2 | 17 | میانہ | قرض لینے دینے کیلئے بد |
| جمعرات | 3 | 18 | نیک | |
| جمعہ | 4 | 19 | نیک | |
| ہفتہ | 5 | 20 | میانہ | تعمیر کیلئے نیک |
| اتوار | 6 | 21 | نحس | |
| پیر | 7 | 22 | نیک | |
| منگل | 8 | 23 | نیک | |
| بدھ | 9 | 24 | نحس | |
| جمعرات | 10 | 25 | نحس | |
| جمعہ | 11 | 26 | نیک | نکاح وسفر کیلئے بد |
| ہفتہ | 12 | 27 | نیک | |
| اتوار | 13 | 28 | نیک | نکاح کیلئے بد |
| پیر | 14 | 29 | نیک | نکاح کیلئے بد |
| منگل | 15 | 30 | نیک | نکاح کیلئے بد |
| بدھ | 16 | ذیقعد | نیک | ولادت حضرت معصومہ قم |
| جمعرات | 17 | 2 | نیک | قمر در عقرب شروع |
| جمعہ | 18 | 3 | نحس | |
| ہفتہ | 19 | 4 | نیک | قمر در عقرب ختم |
| اتوار | 20 | 5 | نحس | |
| پیر | 21 | 6 | نحس | |
| منگل | 22 | 7 | نیک | سفر کیلئے بد |
| بدھ | 23 | 8 | نیک | |
| جمعرات | 24 | 9 | نیک | |
| جمعہ | 25 | 10 | نحس | |
| ہفتہ | 26 | 11 | نیک | ولادت امام رضاؑ |
| اتوار | 27 | 12 | نیک | |
| پیر | 28 | 13 | نحس | |
| منگل | 29 | 14 | نیک | |
| بدھ | 30 | 15 | نیک | قرض لینے دینے کیلئے بد |
| جمعرات | 31 | 16 | نحس | تعمیر کیلئے نیک |

## [illegible]

| دسمبر | لاہور | | | | | | | کراچی | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاریخ | طلوع فجر | طلوع آفتاب | زوال آفتاب | غروب آفتاب | غروب شفق | زوال شب | آخر شب | طلوع آفتاب | غروب آفتاب |
| 1 | 5:18 | 6:44 | 11:52 | 5:00 | 5:40 | 0:08 | 4:48 | 6:59 | 5:43 |
| 2 | 5:19 | 6:45 | 11:52 | 5:00 | 5:40 | 0:08 | 4:49 | 7:00 | 5:43 |
| 3 | 5:19 | 6:45 | 11:53 | 5:00 | 5:40 | 0:07 | 4:49 | 7:01 | 5:43 |
| 4 | 5:20 | 6:46 | 11:53 | 5.00 | 5:40 | 0:07 | 4:50 | 7:01 | 5:43 |
| 5 | 5:21 | 6:47 | 11:53 | 5:00 | 5:40 | 0:07 | 4:51 | 7:02 | 5:43 |
| 6 | 5:22 | 6:48 | 11:54 | 5:00 | 5:40 | 0:06 | 4:52 | 7:02 | 5:43 |
| 7 | 5:22 | 6:49 | 11:54 | 5:00 | 5:40 | 0:06 | 4:52 | 7:02 | 5:43 |
| 8 | 5:23 | 6:49 | 11:55 | 5:00 | 5:40 | 0:05 | 4:53 | 7:03 | 5:43 |
| 9 | 5:24 | 6:50 | 11:55 | 5:00 | 5:40 | 0:05 | 4:54 | 7:04 | 5:44 |
| 10 | 5:24 | 6:51 | 11:56 | 5:00 | 5:40 | 0:04 | 4:54 | 7:05 | 5.44 |
| 11 | 5:25 | 6:51 | 11:56 | 5:00 | 5:40 | 0:04 | 4:55 | 7:05 | 5:44 |
| 12 | 5:25 | 6:52 | 11:56 | 5:01 | 5:41 | 0:04 | 4:55 | 7:06 | 5:44 |
| 13 | 5:26 | 6:53 | 11:57 | 5:01 | 5:41 | 0:03 | 4:56 | 7:06 | 5:45 |
| 14 | 5:27 | 6:54 | 11:57 | 5:01 | 5:41 | 0:03 | 4:57 | 7:07 | 5:45 |
| 15 | 5:27 | 6:54 | 11:58 | 5:01 | 5:41 | 0:02 | 4:57 | 7:07 | 5:46 |
| 16 | 5:28 | 6:55 | 11:58 | 5:01 | 5:41 | 0:02 | 4:58 | 7:08 | 5:46 |
| 17 | 5:28 | 6:56 | 11:58 | 5:02 | 5:42 | 0:01 | 4:58 | 7:09 | 5:46 |
| 18 | 5 29 | 6:56 | 11:59 | 5:02 | 5:42 | 0:01 | 4:59 | 7:10 | 6:46 |
| 19 | 5:30 | 6:57 | 12:00 | 5:03 | 5:43 | 12:00 | 5:00 | 7:10 | 5:47 |
| 20 | 5:30 | 6:57 | 12:00 | 5:03 | 5:43 | 12:00 | 5:00 | 7:11 | 5:47 |
| 21 | 5:31 | 6:58 | 12:01 | 5:03 | 5:43 | 11:59 | 5:01 | 7:11 | 5:48 |
| 22 | 5:31 | 6:58 | 12:01 | 5:04 | 5:44 | 11:59 | 5:01 | 7:12 | 5:48 |
| 23 | 5:32 | 6:59 | 12:02 | 5:05 | 5:45 | 11:58 | 5:02 | 7:12 | 5:49 |
| 24 | 5:32 | 6:59 | 12:02 | 5:06 | 5:46 | 11:58 | 5:02 | 7:13 | 5:49 |
| 25 | 5.32 | 6:00 | 12:03 | 5:06 | 5:46 | 11:57 | 5:02 | 7:13 | 5:50 |
| 26 | 5:33 | 6:00 | 12:03 | 5:06 | 5:46 | 11:57 | 5:03 | 7:14 | 5:50 |
| 27 | 5:33 | 7:01 | 12:04 | 5:07 | 5:47 | 11:57 | 5:03 | 7:15 | 5:51 |
| 28 | 5:34 | 7:01 | 12:04 | 5:08 | 5:48 | 11:56 | 5:04 | 7:15 | 5:52 |
| 29 | 5:34 | 7:01 | 12:05 | 5.09 | 5:48 | 11:56 | 5:04 | 7:15 | 5:53 |
| 30 | 5:34 | 7:02 | 12:05 | 5:08 | 5:48 | 11:55 | 5:04 | 7:15 | 5:53 |
| 31 | 5.35 | 7:02 | 12:06 | 5 09 | 5:49 | 11:55 | 5:05 | 7:16 | 5:54 |

### ہدایت حضرت امام رضا علیہ السلام بابت ماہ دسمبر

لطیف غذائیں، چھوٹا گوشت، نیم برشت انڈا، مچھلی کا شوربہ مفید ہے۔ لہسن اور پیاز کا استعمال مفید ہے۔

# ایّام مُسرّت یعنی مومنین کی عیدیں

## یکم ربیع الاوّل-شبِ ہجرت

ربیع الاول کی پہلی تاریخ کو کفارِ مکہ نے یہ سازش کی تھی کہ رسول خدا کو سوتے میں قتل کردیا جائے اس لئے اللہ تعالی نے حکم دیا کہ رسولِ خدا مکہ سے مدینہ ہجرت کریں اور آپ کے بستر پر علی سو جائیں۔ حضرت علیؑ نے اپنی جان کی بازی لگا کر اس حکم کی تعمیل کی اور اس طرح رسولِ خدا کی زندگی محفوظ رہی اس لئے یہ دن مومنین کے لئے عید کا دن ہے۔ اس دن خوشی منانا چاہیے اور بارگاہِ الٰہی میں شکرانہ ادا کرنا چاہیے۔ اس دن اور رات کے تفصیلی اعمال و وظائف مفاتیح الجنان اور تحفۃ العوام مقبول جدید میں درج ہیں۔

مصباح العابدین میں یہ بھی درج ہے کہ حضور پاکؐ نے ۲۴ ذی الحجہ کو ہجرت فرمائی لیکن علماء کا اتفاق زیادہ تر یکم ربیع الاول پر ہے۔

## ۹ ربیع الاوّل- عید زہرا سلام اللہ علیہا

اسی کو عیدِ شجاع بھی کہتے ہیں۔ اس کی فضیلت میں کثرت سے حدیثیں وارد ہوئی ہیں، چنانچہ صحابیِ رسولؐ حذیفہؓ ناقل ہیں کہ میں نے نویں تاریخ کو حضرت امیر المومنینؑ امام حسنؑ اور امام حسین علیہم السلام کو دیکھا کہ حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ کھانا نوش فرما رہے ہیں۔ آنحضرتؐ ان کا منہ دیکھ کر مسکراتے تھے اور حسنین سے فرماتے تھے۔ "کھاؤ، گوارا ہو تم کو اس دن کی برکت و سعادت سے بے شک یہ وہ دن ہے کہ حق تعالی اپنے اور تمہارے جد کے دشمنوں کو ہلاک کرے گا اور اس روز تمہاری والدہ کی دعا مستجاب کرے گا۔ کھاؤ، یہ وہ روز ہے کہ راستیِ قولِ خدا ظاہر ہوئی ہے (حدیث طویل ہے)۔

اس دن خاص طور سے جشنِ مسرت منانا چاہیے اور معانقہ اور مبارکباد دینے میں مصروف ہونا چاہیے۔ یہ دن دشمنانِ آلِ محمدؐ سے بیزاری کے لئے مخصوص ہے۔

**شدید پریشانی** کے وقت سورہ کوثر روزانہ ۱۲ بار پڑھیں کسی بھی وقت۔ تو انشاء اللہ مصیبت دُور ہو جائے گی۔

## ۲۷ رجب-یوم بعثتِ رسُولؐ اور شبِ معراج

یہ عیدِ عظیم کا دن ہے جب حضورؐ کو اعلانِ رسالت کرنے کا حکم ہوا تو یہی دن تھا اور جب حضور معراج پر تشریف لے گئے تو ۲۷ رجب کی شب تھی۔ اس دن اور رات کے تفصیلی اعمال اور وظائف تحفۃ العوام مقبول جدید میں درج ہیں۔ مومنین اس دن جشن مناتے ہیں عبادت اور کارِ خیر میں مشغول رہتے ہیں۔

## ۱۵ شعبان-شبِ برأت

۱۴ اور ۱۵ شعبان کی درمیانی رات شبِ برأت کہلاتی ہے۔ اس رات کی فضیلت کے بارے میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ یہ شب بعد لیلۃ القدر افضل ہے تمام راتوں سے۔ خداوندِ عالم اپنے بندوں پر فضل فرماتا ہے اور اپنے احسان و کرم سے ان کے گناہوں کو بخشتا ہے پس کوشش کرو خداوند تعالی سے تقرب کی اس رات خدا نے اپنی ذات مقدس کی قسم کھائی ہے کہ کسی کا ہاتھ خالی نہیں پھیرے گا اور یہی وہ رات ہے جس کو خدا نے ہمارے لیے مقرر کیا ہے جیسا کہ شبِ قدر کو ہمارے پیغمبرؐ کے لیے قرار دیا ہے، بجملہ اس رات کی برکات کے یہ ہے کہ اس رات کے اختتام پر صبح کی نماز کے وقت خدا کی حجت کا ظہور ہوا، یعنی بارھویں امام حضرت قائم آلِ محمدؐ (عجل اللہ فرجہ) پیدا ہوئے اس لئے صبح تک عبادت میں مصروف رہنا چاہیے۔

اس رات کے خاص عمل یہ ہیں:-

(۱) غسل کرنا چاہیے (۲) شب بیداری کرنا اور عبادت میں صبح تک مشغول رہنا چاہیے (۳) زیارتِ حضرت امام حسینؑ پڑھنا اس رات کی سب سے افضل اور مقبول عبادت ہے (۴) جشن منانا اور محافلِ ذکرِ محمد وآلِ محمدؐ خصوصاً ذکرِ صاحب العصر علیہ السلام منعقد کرنا اور قصیدہ خوانی کرنا چاہیے۔

اسی شب کو عریضے لکھے جاتے ہیں اور نمازِ صبح کے وقت دریا یا چاہ میں ڈالے جاتے ہیں۔

## یکم شوال - عید الفطر

ماہِ رمضان المبارک کی تکمیل پر یہ عید یکم شوال کو منائی جاتی ہے اور عام مسلمان اس کو سب سے بڑی عید کہتے اور مناتے ہیں۔ وہ بھی جو روزہ رکھتے ہیں اور وہ بھی جو روزہ نہیں رکھتے عید کی خوشی میں یکساں شریک ہوتے ہیں حالانکہ یہ عید تکمیل ماہِ رمضان اور ادائیگی فریضہ صیام کے شکرانے کے طور پر منائی جاتی ہے، عید کی نماز باجماعت پڑھنا چاہیے اور فطرہ ادا کرنا چاہیے۔ تفصیلات نماز عید الفطر اور شرائطِ فطرہ تحفۃ العوام مقبول جدید اور تحفہ نماز جعفریہ جدید میں درج ہیں، اگر سمجھ میں نہ آئے تو اپنے شہر کی مسجد کے خطیب اور پیش نماز یا کسی عالم دین سے پوچھ لیجئے۔

## ۲۵ ذی القعدہ - عید دحو الارض

حکم خدا سے اس روز زمین کو بچھایا گیا اور کعبہ کی تنصیب ہوئی اللہ تعالے کے دو برگزیدہ نبی یعنی حضرت ابراہیمؑ خلیل اللہ اور حضرت عیسیٰؑ روح اللہ بھی اسی روز پیدا ہوئے اور یہی دن ہوگا جب حضرت صاحب العصر امام زمانہ عجل اللہ فرجہ وسہل اللہ مخرجہ، کا ظہور پُر نور ہوگا یعنی اسی دن غیبت کبریٰ ختم ہوگی اور دنیا کو ظلم و ستم کے پنجے سے نکالنے والا آئے گا اور اس زمین کو عدل سے بھر دے گا، اس دن کے اعمال تحفۃ العوام مقبول جدید یا تحفہ نماز جعفریہ جدید میں دیکھ کر ادا کیجئے۔

## ۱۰ ذی الحجہ - عید الاضحیٰ

اس کو عید قرباں بھی کہتے ہیں کیونکہ سنتِ ابراہیم علیہ السلام کے طور پر اسی دن تمام عالم اسلام میں قربانیاں دی جاتی ہیں۔ عید الاضحیٰ کے لئے بھی اولاً نماز باجماعت کے لئے اسی طرح جانا چاہیے جیسے عید الفطر کی نماز کو جاتے ہیں، اس عید کے تفصیلی اعمال بھی کتبِ متعلقہ میں دیکھئے قربانی کی شرائط کا خیال رکھئے اور اگر سمجھ میں نہ آئیں تو علما سے دریافت کرنے میں نہ شرمایئے۔

## ۱۸ ذی الحجہ - عید غدیر

یہی دن تھا جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آخری فریضہ حج ادا فرما کر مکہ سے مدینہ جاتے ہوئے ایک مقام پر مدینہ کے قریب فروکش ہوئے اس مقام کو غدیر خم کہا جاتا ہے، اسی مقام پر آنحضرتؐ نے حکم خدا سے حضرت علیؑ کو اپنے ہاتھوں پر بلند فرما کر تمام حاضرین سے ارشاد فرمایا تھا کہ "جس کا میں مولا ہوں اس کا یہ علیؑ مولا ہے" اسی مقام پر مذکورہ بالا اعلانِ رسالت کے بعد آیہ تکمیل دین نازل ہوئی۔

یہ دن مناقب علی مرتضیٰؑ بیان کرنے کے لئے اور زیارت جناب امیر علیہ السلام پڑھنے کے لئے مخصوص ہے۔ اس دن کے دیگر متعلقہ اعمال تحفۃ العوام مقبول جدید میں دیکھئے۔

## ۲۴ ذی الحجہ - عیدِ مباہلہ

عیسائی کہتے تھے کہ حضرت عیسیٰؑ خدا کے بیٹے ہیں، حضرت محمد مصطفیٰؐ کا کہنا تھا کہ عیسیٰؑ خدا کے بندے اور اس کے رسول ہیں نجران کے عیسائی علما کا ایک گروہ رسول خدا سے اس مسئلہ پر بحث و مناظرہ کرنے آیا تھا، جب عیسائی کسی طرح یہ بات ماننے کے لئے تیار نہیں ہوئے تو خدا کے حکم سے رسولؐ خدا نے انہیں دعوت دی کہ تم اپنے نفسوں کو لاؤ ہم اپنے نفسوں کو لائیں تم اپنی عورتوں کو لاؤ ہم اپنی عورتوں کو لائیں تم اپنے بیٹوں کو لاؤ ہم اپنے بیٹوں کو لائیں اور جھوٹے کے لئے خدا سے بد دعا کریں، قرآن شریف میں یہ واقعہ تفصیل سے درج ہے۔ یہی دن تھا جب رسول پاکؐ مباہلہ کے لئے نکلے اور اپنے ساتھ صرف اپنے داماد علی مرتضیٰؑ اپنی بیٹی فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا اور بیٹوں میں امام حسنؑ اور امام حسینؑ کو لیا۔ یعنی پنجتن پاک توحید خدا کے تحفظ کے لئے میدان مباہلہ میں آئے۔ جب نجران کے عیسائی علما نے ان پاک نورانی ہستیوں کو دیکھا تو گھبرا گئے اور اپنی شکست کو تسلیم کرتے ہوئے جزیہ دینا قبول کر لیا چنانچہ باطل کے مقابلے میں حق اور جھوٹوں کے مقابلے میں سچوں کی فتح کا جشن منانے کے لئے یہ دن مخصوص ہے۔

## ۲۴ ذی الحجہ - عید زکواۃ خاتم

ایک واقعہ کی تاریخ تھی جب مدینہ میں زمانہ رسالت مآبؐ میں ایک سائل مسجد نبوی میں آیا اور زکواۃ کا طالب ہوا۔ مسلمانوں میں سے کوئی اس کی طرف متوجہ نہیں ہوا تو اس نے خدا سے فریاد کی کہ تیرے گھر سے خالی ہاتھ واپس جا رہا ہوں۔ حضرت علی علیہ السلام ابھی نماز پڑھ رہے تھے اور حالت رکوع میں تھے۔ آپ نے اپنی انگلی سے اشارہ کر کے سائل کو انگوٹھی زکواۃ میں دے دی۔ پروردگار عالم نے اس واقعہ کا ذکر قرآن پاک

میں کیا ہے اور اس واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ایمان لانے والوں سے کہا ہے کہ تمہارا ولی خدا ہے اس کا رسول ہے اور وہ ہے جو حالتِ رکوع میں زکوٰۃ دیتا ہے (یعنی حضرت علی علیہ السلام) اس دن مذکورہ بالا واقعہ کی خوشی میں ہم عید مناتے ہیں۔

## ۲۵ ذی الحجہ۔ عیدِ نزولِ ہل اتی

یہ عید بھی پنجتن پاک کی عظمت و شان کے قرآنی ثبوت کے ساتھ منائی جاتی ہے۔ سورۂ الدہر میں آیۂ ہل اتی کے نزول کی توجیہ یہ ہوئی تھی کہ ایک مرتبہ حضرت علیؑ حضرت فاطمہؑ اور حضرت امام حسنؑ اور حضرت حسین علیہما السلام نے منت کے تین روزے رکھے۔ حسنین علیہم السلام کم سن تھے۔ حضرت علیؑ نے مزدوری کر کے کچھ جَو حاصل کئے حضرت فاطمہؑ نے چکی میں خود آٹا پیسا اور روٹیاں پکائیں۔ ہر ایک کے حصے میں ایک ایک روٹی آئی۔ افطار کے وقت ایک مسکین نے دروازہ پر آکر سوال کیا کہ میں بھوکا ہوں کچھ کھانے کو دو چنانچہ سب نے اپنے اپنے حصے کی روٹی سائل کو دے دی اور پانی سے روزہ افطار کر کے عبادتِ خدا میں مشغول ہو گئے۔ دوسرے روز بغیر کھائے ہوئے پھر روزہ رکھا۔ اسی طرح افطار کا سامان تیار ہوا تو ایک قیدی نے دروازہ پر سوال کیا۔ چاروں معصوموں نے اپنا اپنا حصہ اسی طرح سائل کو دے دیا۔ تیسرے دن بھی ایسی ہی صورت پیش آئی اور ایک یتیم نے آکر سوال کیا، چاروں معصوموں نے اپنا اپنا حصہ راہِ خدا میں یتیم کو دے دیا۔ اللہ تعالیٰ کی جانب سے یہ ایک امتحان تھا جس میں آلِ محمدؐ کامیاب ہوئے چنانچہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے ان معصوموں کی مدح فرمائی ہے یہ عید اسی واقعہ کی یاد کو تازہ کرنے کے لئے منائی جاتی ہے اس دن اللہ نے اپنے رسول کے ذریعہ سے طعامِ جنّت سے آلِ محمدؐ کی دعوت کی۔

## ۱۷ رمضان۔ عیدِ فتح بدر

یہ عید ۱۷ رمضان کو منائی جاتی ہے اسی تاریخ کو ۲ھ میں جنگِ بدر میں اسلام کو کفر کے مقابلے میں فتح حاصل ہوئی تھی اور تاریخِ اسلام میں یہ مسلمانوں کی پہلی فتح ہے اس لئے اس کی یاد کو تازہ رکھنے کے لئے یہ عید منائی جاتی ہے۔ حضرت علی مرتضیٰ شیرِ خدا اس جنگ کے ہیرو علمبردار ہوئے تھے۔

## ۲۰ یا ۲۱ مارچ۔ عیدِ نوروز

یہ عید شمسی کیلنڈر کے حساب سے منائی جاتی ہے۔ جب آفتاب برجِ حمل میں داخل ہوتا ہے تو اس عید کے جشن کا آغاز ہوتا ہے۔ یہ جشن آمدِ بہار کے ساتھ مربوط ہے۔

ہر چوتھے سال جب کہ فروری ۲۹ دن کا ہو جاتا ہے عیدِ نوروز ۲۰ مارچ کو ورنہ ۲۱ مارچ کو منائی جاتی ہے اس کی تفصیل اسی جنتری میں نوروز عالم افروز کے بیان میں ملاحظہ کیجئے۔

## عیدِ جمعہ

ہر جمعہ کا دن مومنین کو عالمِ اسلام کے لئے عید کا دن ہوتا ہے۔ اس دن کی اہمیت اور فضیلت کا ثبوت یہ ہے کہ قرآن پاک میں ایک سورہ اسی دن کے لئے مخصوص ہے۔

شبِ جمعہ اور یومِ جمعہ دونوں کے لئے مخصوص اعمال ہیں جن کی تفصیل متعلقہ کتابوں میں موجود ہے۔

## عید ہائے میلادِ معصومین

ہر معصوم کے یومِ ولادت پر اظہارِ مسرت کے لئے عیدِ میلاد منائی جاتی ہے۔ اس اعتبار سے چہاردہ معصومینؑ کے یوم ہائے ولادت کی مناسبت سے مزید ۱۴ عیدیں ہونی چاہئیں لیکن امام ششم کا یومِ ولادت ایامِ عزائے حسینؑ میں آنے کی وجہ سے عید نہیں منائی جاتی چنانچہ عید ہائے میلاد حسبِ ذیل تاریخوں میں منائی جاتی ہیں:۔

۱۷۔ ربیع الاوّل ——— میلادُ النبی صلعم

۱۳۔ رجب ——— میلادِ مرتضیٰ علیہ السلام

۲۰۔ جمادی الثانی ——— میلادِ سیدہ سلام اللہ علیہا

۱۵۔ رمضان ——— میلادِ حسن علیہ السلام

۳۔ شعبان ——— میلادِ حسین علیہ السلام

● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ●

### جائز مقدمہ میں کامیابی کے لیے وِرد

# یَاهُوَ یَامَنْ لَاهُوَ اِلَّاهُوَ ۰

بغیر تعداد عدالت میں ورد کرتے رہیں۔

# لوحِ سُلیمانی پر پنجتنؑ پاک کے نام

## (یا محمدؐ - یا علیؑ - یا فاطمہؑ - یا حسنؑ - یا حسینؑ)

## جواہرات سے مُرصّع لوحِ سُلیمانی کی دریافت

خطیب کربلا و نجف علامہ ذوالفقار جعفری راولپنڈی سیکرٹری نشرواشاعت انجمن وظیفہ سادات و مومنین پاکستان لاہور۔ فون: ۱۶۳۱۳۵۵

۱۹۱۶ء — پہلی جنگِ عظیم کا ذکر ہے۔ بیت المقدس سے چند میل دور فوجی دستے یلغار کرتے ہوئے جا رہے تھے کہ "اونترہ" نامی ایک چھوٹے سے گاؤں کے ٹیلے سے اندھیری رات میں عجیب سی چمک نکلتی دکھائی دی۔ ایک فوجی دستہ جو اس کے قریب سے گزر رہا تھا۔ نرالی قسم کی چمک دیکھ کر ٹھہر گیا۔ چند سپاہی اس روشنی کی طرف بڑھے۔ جب وہ نزدیک پہنچے تو کیا دیکھتے ہیں کہ خاک و سنگ کا ایک تودہ استدادِ زمانہ سے شق ہو چکا ہے اور اس کی دراڑوں سے حیرت ناک روشنی نکل کر ہر راہ گیر کو مشتاق نظارہ بنا رہی ہے۔ سپاہیوں نے اس مقام کو کھودنا شروع کر دیا تو چار گز کی روشنی میں چاندی کی ایک مرصع لوح نظر آئی جس سے روشنی کی سفید شعاعیں پھوٹ پھوٹ کر تحیر و استعجاب میں مبتلا کر رہی ہیں۔ انھوں نے نقرئی لوح کو جو ایک گز لمبی نصف گز چوڑی تھی۔ باہر نکالا تو روشن شعاعوں کا نکلنا بند ہو گیا۔ انقطاعِ نور کے اس واقعہ نے متحیر انسانوں کو اور بھی حیرت میں ڈال دیا۔ ایک طرف وہ انمول لوح کے حصول پر شاداں اور فرحاں دکھائی دیتے تھے۔ دوسری طرف اس کی روشنی یکا یک منقطع ہو جانے سے خوف و دہشت بھی طاری تھی۔ آخر وہ لوح کو لے کر اپنے افسرِ اعلیٰ کے پاس پہنچے۔ یہ انگریزی فوجی افسر میجر اے۔ این گرینڈل تھا۔ اس نے ٹارچ کی روشنی میں لوح کو دیکھا تو وہ مبہوت رہ گیا۔ اس کا حاشیہ گراں بہا جواہرات سے مرصع تھا اور درمیان میں سنہری الفاظ تھے۔ میجر کو حروف کی شناخت تو نہ ہو سکی لیکن اس کو یہ علم ضرور ہو گیا کہ یہ کوئی معمولی چیز نہیں اپنے اندر کوئی بڑی فضیلت اور اہمیت اور تقدیس و تکریم رکھتی ہے۔ میجر گرینڈل کی سعی و وساطت سے لوح موصوف منزلیں کاٹتی پایان کارافسر انچارج برطانیہ لیفٹیننٹ جنرل ڈی اور گلیڈسٹون کے ہاتھ میں پہنچی جس نے اس کو برطانیہ ماہرین آثار قدیمہ کے سپرد کر دیا۔

جنگِ عظیم کے خاتمہ پر ۱۹۱۸ء میں اس لوح سے متعلق تحقیق و تدقیق کا آغاز ہوا۔ ماہرین کی ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں برطانیہ، امریکہ، فرانس اور بعض دوسرے یورپی ممالک کے EXPERTS OF OLD LANGUAGES نے شمولیت کی محنت شاقہ کے بعد یہ راز کھلا کہ یہ ایک مقدس لوح ہے۔ جو لوح سلیمانی کہلاتی ہے۔

۳ر جنوری ۱۹۲۰ء کی صبح کو وہ اس صدیوں کے مکتوم راز اور سرِ مکنون یعنی چھپے ہوئے راز کو منکشف کرنے میں کامیاب ہو گئے لوح مقدس کے عبرانی الفاظ اردو زبان کے (ہجے) میں مع ترجمہ ذیل میں :

| | | |
| --- | --- | --- |
| اللہ | احمد | ایلی |

| | |
| --- | --- |
| ۱- یاہ احمد مقذا | یا احمدؐ پہنچو |
| ۲- یاہ ایلی انصطاہ | یا علیؑ ! میری مدد کیجیو۔ |
| ۳- یاہ باھتول اکاشی | یا بتولؑ نگاہ رکھو۔ |
| ۴- یاہ حسن افرمطع | یا حسنؑ کرم فرماؤ |
| ۵- یاہ حامین بارفو | یا حسینؑ خوشی بخشو |
| ۶- ایلی ایلی ایلی | یا علیؑ یا علیؑ یا علیؑ |

امر سلیمان صوْرۃ عنجب — یہ سلیمانؑ اسی پانچوں

نالہلا واقتا — سے فریاد کر رہے ہیں۔

بذت اللہ کہرایلی — اور اللہ کی قوت علیؑ ہے۔

چاندی کی لوح کے الفاظ کا محقق ہونا اور ماہرین کی تحقیقات کا پایۂ تکمیل کو پہنچنا تھا کہ بالآخر احمدؐ علیؑ بتولؑ حسنؑ حسینؑ کے اسمائے مبارک پڑھ کر ارکان کمیٹی کی آنکھیں کھل گئیں۔ بالآخر فیصلہ یہ ہوا کہ اس پاک لوح کو برٹش امپریل میوزیم (شاہی عجائب خانہ برطانیہ) کی زینت بنایا جائے لیکن جونہی انگلستان کے اسقف اعظم لاٹ پادری (LORD BISHOP) کو تحقیقات کی تفصیل معلوم ہوئی۔ تو یکم مارچ ۱۹۲۳ء کو ایک خفیہ حکمنامہ تحریر کیا جس کا ملخص یہ ہے: "اگر اس لوح کو کسی میوزیم یا کسی ایسے مقام پر رکھا گیا جہاں عام و خاص کی آمد و رفت رہتی ہے۔ تو مسیحیت کی بنیادیں متزلزل ہو جائیں گی۔ لہٰذا بہتر ہے کہ اس کو کلیائے فرنگ کے خفیہ مخصوص کمرہ (SECRET CHURCH ROOM) میں رکھا جائے چنانچہ جب سے آج تک یہ لوح اسی مخصوص کمرہ میں پانچ نفوس مطہرہ کا نور پھیلا رہی ہے (رسالہ تحقیقات عربیہ مؤلفہ ابوالحسن شیرازی صفحہ نمبر ۲۱ تا ۲۴، ۲ — و نذر فضل سٹوریز آف اسلام مصنفہ کرنل پی سی اچیلے لندن صفحہ ۲۲۹)

لوح موصوف کی تحقیق مکمل ہونے کے بعد اسراری گفتگو جو ان محققین کے درمیان ہوئی وہ در و دیوار نے سُنی، باب و آب نے سُنی اور ہوتے ہوتے نسیم سحر اور شمیم گلشن نے سنی اور اسی طرح متعدد افراد تک پہنچ گئی۔ ولیم اور ٹامس اس واقع کی خبر کے فوراً بعد نیو کیسل روانہ ہوئے ان دنوں ایران کے مجتہد مولانا حسن مجتبیٰ تہرانی نیو کیسل میں موجود تھے ان کی خدمت میں پہنچ کر دولتِ اسلام سے مالا مال ہوئے۔ ٹامس کا نام فضل حسین اور ولیم کا نام کرم حسین رکھا گیا۔ اس واقعہ کے دو سال بعد ۱۹۲۵ء میں یہ دونوں نیک بخت زیارت بیت اللہ اور زیارت کربلائے معلیٰ سے مشرف ہوئے۔ مسلم کرانیکل لندن ۳ دسمبر ۱۹۲۶ء

رسالہ "الاسلام" دہلی فروری ۱۹۲۷ء

**طلب حاجت کے لیے:** ۸۶ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور ۸۶ مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پڑھ کر دعا کریں مستجاب ہوگی۔

یا اللہ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — یا محمد

نَادِ عَلِیًّا مَظْہَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ

کُلُّ ہَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِکَ یَا اَللّٰہُ

بِنُبُوَّتِکَ یَا مُحَمَّدُ بِوِلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ

## عمل نادِ علیؑ برائے رہائی قیدی

اگر قیدی بے گناہ ہے تو اس عمل کو اس طرح کرے کہ عروج ماہ جمعرات دن سورج نکلتے ہی شروع کرے۔ بعد غسل باوضو اگربتی سُلگائے۔ ۲ رکعت نمازِ حاجت پڑھے پھر چودہ ۱۴ بار درود اوّل و آخر پڑھے۔ درمیان میں ۱۴۰ بار نادِ علیؑ پڑھے۔ اور روزانہ یہ عمل اکیس ۲۱ دن تک جاری رکھے۔ بعدہٗ عمل چودہ ۱۴ بار پڑھتا رہے۔ درود چودہ ۱۴ بار اوّل و آخر پڑھے۔ مولا مشکل کشاؑ کا واسطہ دے کر اللہ تعالیٰ سے قیدی کی خلاصی کی دعا کرے — انشاء اللہ تعالیٰ قید سے رہائی پائے گا۔ بعد میں مولا مشکل کشا حضرت علی علیہ السلام کی نذر دے۔

## مجرب آزمودہ دعا برائے شفایابی بخار

اگر کسی کو بخار ہو تو مریض کی پیشانی یا شانے پر ہاتھ رکھ کر یہ آیت پڑھے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ۝ و علیٰ پھر مریض کا نام لے اور کہے: بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔ اس طرح تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ (پارہ ۱۷، سورۂ انبیاء آیت ۶۹) (کرنل افتخار نقوی)

**نظر بد سے بچنے کیلئے:** اوّل و آخر ایک ایک تسبیح درود کی پڑھنے کے بعد تین مرتبہ مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ پڑھ کر دم کرے۔

ڈاکٹر سید افضال حسن کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# شرفِ شمس / شرفِ قمر

# حصولِ حاجات کا مجرّب عمل

## حصولِ ملازمت، کاروبار میں ترقی، تسخیرِ خلق، عہدہ میں ترقی، عزت شہرت، بلندیٔ مرتبہ

## اَللّٰہُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ۝ (پارہ ۲۵، آیت ۱۹) (آیت کے اعداد: ۱۲۸۷)

قارئین ماہیہ جنتری! السلام علیکم، ۲۰۰۰ء کے لیے قارئین کی فرمائش پر تیر بہدف عمل پیش کر رہا ہوں۔

اس عمل کو شرف شمس یا شرف قمر میں کر سکتے ہیں۔ ایک عدد انگوٹھی چاندی کی ایک تولہ دو ماشہ کی چھلے سے بنوا کر اپنے پاس رکھ لیں جس کے اوپر نگینہ اور نیچے تیار شدہ نقش آجائے نگینہ سرخ عقیق ہو تو زیادہ بہتر ہے یا پھر جو نگینہ آپ کے لیے مفید ہو۔ مگر شرط یہ ہے اس کا رنگ سرخ ہو۔ عمل کرتے وقت منہ میں سچا موتی ضرور رکھ لیں۔ رجال الغیب پشت پر ہوں۔ بخور لوبان صندل کا کریں۔ اور یہ نقش موم کاغذ پر تیار کریں۔ اس کے نیچے اپنا مقصد بھی تحریر کریں۔ تمام کام مکمل کرنے کے بعد نقش کی چار تہہ کر کے انگوٹھی کے اندر رکھ کر اوپر نگینہ لگا لیں۔ اس انگوٹھی کو اگر شرف شمس میں تیار کریں۔ تو اتوار کے روز بعد نماز فجر پہنے۔

اور اگر شرف قمر میں تیار کریں۔ تو پیر کے روز بعد نماز فجر پہنے۔ یہ انگوٹھی دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کے برابر والی انگلی میں پہننا ہے۔ انگوٹھی پہننے کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت کی نیت سے ادا کریں۔ اور آپ کی جو حاجت ہے۔ اللہ کے حضور میں پیش کریں۔ بعد نماز کے جتنی آپ کی عمر ہے اتنے روپے اللہ کی راہ میں خیرات کریں اور اتنے ہی روپے کی سفید رنگ کی مٹھائی پنجتن پاک کی نذر دلائیں اور معصوم بچوں میں تقسیم کر دیں اور روزانہ وقت مقررہ پر اپنے نام کے اعداد کے مطابق اس آیت کا ورد کریں۔ میری خداوند کریم سے دُعا ہے کہ جو بھی اس عمل کو کرے اُسے صدقہ پنجتن پاک کامیابی ہو بحق آئمہ آمین یا ربّ العالمین۔

میں نے ہر بات کی وضاحت کر دی ہے پھر بھی معلومات کے لیے ازراہِ کرم جوابی لفافہ بھیج کر معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ گزارش ہے کہ جب اللہ تعالیٰ آپ کو کامیاب کر دے۔ تو اپنی دُعاؤں میں مجھ حقیر تقصیر کو ضرور یاد رکھیں۔ مثالی نقش پیش کر رہا ہوں۔

اعداد آیت لیں اپنا نام معہ والدہ کے اعداد قمری لیں پھر جو بھی آپ کا مقصد ہو اس کے اعداد قمری نکالیں اور میرے بتائے ہوئے طریقے سے نقش کو پُر کریں۔ طریقہ کار یہ ہے۔

اعداد آیت = ۱۲۸۷

اعداد نام معہ والدہ = ۹۶۴

اعداد مقصد = ۱۷۸۷

ٹوٹل ——— ۴۰۳۸

قانون کے نفی ——— ۳۰

۴ پر تقسیم ۱۰۰۲ | ۴۰۰۸ | ۴

۴

۸

۸

×

— مثالی نقش —

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۰۹ | ۱۰۱۲ | ۱۰۱۵ | ۱۰۰۲ |
| ۱۰۱۴ | ۱۰۰۳ | ۱۰۰۸ | ۱۰۱۳ |
| ۱۰۰۴ | ۱۰۱۷ | ۱۰۱۰ | ۱۰۰۷ |
| ۱۰۱۱ | ۱۰۰۶ | ۱۰۰۵ | ۱۰۱۶ |

یہاں اپنا نام مع والدہ اور مقصد لکھیں

# نماز برائے حاجت

قارئین امامیہ جنتری کے لیے سنہ ۲ء کا نایاب تحفہ نماز برائے حاجت۔ جو آپ اپنے ہر نیک اور جائز مقصد کے لیے پڑھ سکتے ہیں۔

نوچندی اتوار کے دن صبح ہی ارادہ کرلیں۔ کہ آج اپنی غرض خدائے پاک کے دربار میں پیش کرنی ہے۔ اس کے لیے خاص اہتمام کریں جس طرح کسی سے ملاقات کے وقت کیا جاتا ہے۔ غسل کریں، نئے کپڑے پہنیں اور خوشبو لگائیں جب نماز ظہر کا وقت آئے تو آپ تیار کی ہوئی مقررہ تنہائی کی جگہ میں نماز ادا کریں۔ نماز کے بعد ایک سفید کاغذ پر زعفران سے اپنی حاجت لکھیں۔ حاجت کے لیے صرف چند حروف نہیں ہوں۔ بلکہ جس طرح درخواست لکھی جاتی ہے اس طرح لکھیں اور اس کو سامنے کھلا رکھ لیں۔ پھر دو رکعت نماز حاجت اس طرح ادا کریں کہ ہر دو رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد قل شریف تین بار پڑھیں۔ اور نماز ختم کرکے قبلہ کے رُخ متوجہ ہو جائیں۔ دائیں بائیں دیکھنے کی قطعاً جرأت نہ کریں۔ ہر ضرورت کی چیز اپنے سامنے رکھ لیں جگہ بھی ایسی ہو کہ کسی کے ٹوکنے کا احتمال نہ ہو۔ پھر ۴۱ بار یہ درود شریف پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ وَبَارِكْ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ ۔

پھر گیارہ مرتبہ یہ پڑھیں۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ وَحَسْبِيَ اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ ۔

پھر تین بار سورۃ فاتحہ اور دس بار آیت الکرسی پڑھیں۔ اور قرآن کریم ہاتھ میں لے کر اپنی حاجت کا دل میں دھیان کریں۔ اور جب اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۔ پر پہنچیں تو سجدہ میں گر جائیں۔ اور حاجت خضوع و خشوع کے ساتھ بیان کریں پھر اٹھ کر سورۃ ختم کریں اور آخر میں درود شریف ۴۱ بار اور وافوض ۴۱ بار پڑھ کر اپنی حاجت کی دعا مانگیں۔ پھر دیکھیں۔ اللہ تعالیٰ کیا کرتا ہے۔ دعا کا یہ طریقہ نہایت مستجاب اور قبولیت کا اثر رکھتا ہے۔ ہر شخص ہر جائز حاجت کی درخواست پیش کر سکتا ہے۔ میں یہ پُرزور کہوں گا کہ سورج غروب نہ ہوگا کہ بارگاہ خداوندی سے قبولیت کے اثرات سائل پر ظاہر ہو جائیں گے۔ دریائے رحمت ہے جس کا جی چاہے اپنی پیاس بجھائے کوئی پابندی نہیں کسی قسم کے پرہیز کی ضرورت نہیں۔ ضرورت ہے یقین کامل اور اعتقاد واثق کی۔ پھر کامیابی قدموں میں ہے اور خدائے تعالیٰ کبھی رد نہیں کرتا۔ کامیابی کے بعد اللہ تعالیٰ سے میرے حق میں بھی دعا کریں۔

ڈاکٹر سید افضال حسن، ماہر علوم روحانی، السید کلینک
کوارٹر ۲۶۱/۱ سیکٹر ۵، کورنگی ۲، کراچی ۳۱

# گمشدہ کی واپسی کے لیے عمل

کوئی چیز گم ہو جائے یا آدمی غائب ہو جائے تو پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۔ (سورۃ آل عمران آیت ۹)

اس کے بعد کہیں اِجْمَعْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ (گمشدہ کا نام لیں)

# حَیدِرِی فَالنَامَہ

کسی مشکل یا خطرے کے وقت فال دیکھنا مقصود ہو تو دل و دماغ کو حاضر کرکے اور خدا کو حاضر و ناظر جان کر گیارہ مرتبہ درود شریف تین مرتبہ سورہ الحمد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی انگشت شہادت پر دم کرکے اس انگلی کو مندرجہ ذیل نقش معظم کے کسی حرف پر رکھنے سے پہلے دل میں اپنے مقصد کا تصور کرلے جس حرف پر انگلی پڑے اسی کے آگے لکھی ہوئی عبارت پڑھ لیں انشاء اللہ صحیح جواب ملے گا۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د |
| ھ | و | ز | ح |
| ط | ی | ک | ل |
| م | ن | س | ع |
| ف | ص | ق | ر |
| ش | ت | ث | خ |
| ذ | ض | ظ | غ |

**ا** : فال نیک ہے کسی سے ملنے کی خواہش ہے یا کسی چیز کی تلاش ہے تو نا اُمید نہ ہو۔ کامیابی کے آثار ہیں۔

**ب** : فال اچھی نہیں۔ اگر بیماری کا سوال ہے تو مریض کے لیے خوفِ جان ہے یا صحت یاب ہونے میں بہت دیر ہے سفر کا ارادہ ہے تو نقصان ہوگا۔ چار ماہ بعد کامیابی کے آثار ہیں۔

**ج** : اس کام کی ابتدا میں بہت مشکلات ہیں دشمنوں سے شکست ہوگی دل کا ارادہ پورا ہونے کی اُمید نہیں مستقبل شاندار ہوگا مگر ابھی وقت اچھا نہیں۔

**د** : تمہارا ستارہ گردش سے نکل چکا ہے کامیابی کے آثار ہیں۔ آج تم نے کسی اچھی چیز کو دیکھا ہے۔

**ھ** : فال نیک ہے۔ ہر کام میں کامیابی کے آثار ہیں۔ ارادہ جلدی پورا ہوگا۔ مقدمہ ہے تو اس میں کامیابی ہوگی۔ بیماری ہو تو شفا ہوگی۔ سفر ہو تو مبارک ہوگا۔ ایک دشمن دوست کے لباس میں ہے۔

**و** : جلد شادی ہوگی۔ تمہارے گھر میں خوشی ہوگی گھر میں سانپ نکلے تو مارنا نہیں۔ ورنہ نقصان ہوگا۔

**ز** : عنقریب تم کسی امتحان میں کامیاب ہوگے اور تم کو ترقی ملے گی۔ فال نیک ہے۔ مقصد پورا ہوگا۔

**ح** : کسی پر بھروسہ مت کرو۔ ظاہری دوست باطن میں دشمن ہیں۔ کچھ دن صبر کرو۔

**ط** : وقت ہوشیاری کا ہے۔ کامیابی قریب ہے غفلت مت کرو۔ نحوست کے دن کچھ باقی ہیں عبادت کرتے رہو۔

**ی** : ابھی حالات سازگار نہیں۔ اُمید قابلِ اعتماد نہیں تجارت میں فائدہ ہوگا۔ کچھ دن بعد کامیابی ہوگی۔

**ک** : جلدی نہ کرو بگڑے کام بن جائیں گے ایک ماہ بعد کامیابی ہے سفر پر جانے والے ہو۔ آج جھگڑا کیا ہے۔

**ل** : ملازمت جلد ملنے والی ہے خوشی ہوگی سفر میں نقصان ہے۔

**م** : تمہاری بیماری کا روحانی علاج سے فائدہ ہوگا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے خیرات کرو صدقہ دو۔

**ن** : جس کی ملاقات چاہتے ہو وہ جلد ملنے والا ہے حاکم سے عنقریب نفع ہوگا خوشی ہوگی کام ملے گا۔

**س** : فال نیک ہے۔ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ تمہارا ارادہ پورا ہوگا بگڑی بنے گی۔

**ع** : اللہ کا نام لے کر اُٹھو کامیابی منتظر ہے دشمنوں سے ہوشیار رہو۔ کسی کا دل نہ دکھاؤ گفتگو میں احتیاط سے کام لو۔

**ف** : ستارہ گردش میں ہے صبر کرو۔ اللہ پر بھروسہ رکھو ابھی دن اچھے نہیں کامیابی نصیب ہوگی۔

**ص** : یہ خیال دل سے نکال دو تھوڑے دن صبر کرو بگڑے کام بن جائیں گے۔

**ق** : فال نیک ہے اولاد ہوگی۔ تجارت میں نفع ہوگا خوشی کی خبر ملے گی کامیابی ہوگی۔

**ر** : اس خیال کو ترک کردو۔ ستارہ گردش سے نکل چکا ہے وقت نازک ہے ابھی صبر کرو۔

**ش** : شکر اور صبر سے کام لو۔ اللہ پر بھروسہ رکھو۔ وہ اپنے بندوں کی مدد کرتا ہے۔

**ت** : نیک ساعت آچکی ہے انشاء اللہ تعالیٰ بہتری ہوگی۔

فال نیک ہے انشاء اللہ تمہاری تمنا پوری ہوگی کامیابی کی امید رکھو۔ بیماری بہ تصدق خاص آلِ عبا علیہم السلام دُور ہوگی۔

**خ** : خداوند تعالیٰ اپنے بندوں پر مہربان ہے فرمانبرداروں کی ضرور سنتا ہے عبادت کرو اور خوشیاں سمیٹ لو۔

**ذ** : کامیابیوں کی ساعت قریب آرہی ہے باقاعدہ نماز پڑھو۔

**ض** : اللہ تعالیٰ صابروں کے ساتھ ہے اس کے یہاں دیر ہے اندھیر نہیں۔

**ظ** : محتاط رہنے کی ضرورت ہے آیت الکرسی کا ورد کرتے رہو۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

**غ** : صبر کا پھل ہمیشہ میٹھا ہوتا ہے۔ شکر اور قناعت میں بڑا فائدہ ہے۔

# لڑکوں اور لڑکیوں کے تاریخی نام

## سنہ ۲۰۰۱ عیسوی / سنہ ۱۴۲۲ ہجری

### لڑکوں کے نام سنہ ۲۰۰۱ عیسوی

• خضرالدین شاہ • سید فضل اللہ کاظمی
• سلامت مرتضیٰ • ذاکر جلال بخاری
• مخدوم حسن شاہ بخاری • مخدوم قربان احمد بخاری
• سید فاضل رضوی • مخدوم تاج الدین بخاری • سید افضل رضوی
• سید قاضی رضوی • حافظ رحمت جعفری

### سنہ ۱۴۲۲ ہجری

• توثیق شاہ کلیم • شوق رضوی
• شافع کاظمی • سید مبصر رضوی
• سید مظہر تبریزی • علی رضا عامر • عامر رضا علی

### لڑکیوں کے نام سنہ ۲۰۰۱ عیسوی

• ظلّی ازفر • سیدہ ظلّی سراج جہاں
• محتشم خاتون نقوی • ناظرہ جبیں فرح
• فرح سلطان کاظمی • ارشاد صغریٰ
• نوشابہ برکات جعفری • خوش بخت رضا

### سنہ ۱۴۲۲ ہجری

• شاہجہان خاتون • شافع کاظمی
• سیدہ مختار مبین • درخشاں زریں • روبینہ امان خاتون

مرتبہ : عامل سید غیور حسین کاظمی تحصیل علی پور ضلع مظفر گڑھ



# وظائفِ نادِ علی علیہ السلام

○ حصولِ علم و حکمت : ہر روز ۱۰۰ بار پڑھے ○ دفع امراض کے لیے : آبِ باراں پر ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر مریض کو پلائے ○ کشفِ اسرار : ہر روز ۱۰۰ مرتبہ پڑھے ○ اُمورِ غیب کے لیے : ۱۴۰۰ مرتبہ ہر روز پڑھے۔ ○ ناسور کے لیے : ہر روز ۴۰ مرتبہ پڑھ کر دم کرے ○ قضائے حاجت : ہر روز پڑھتا رہے ○ لاعلاج مرض کے لیے : بہ نیت صحت متواتر پڑھتا رہے ○ سانپ کے زہر کو دُور کرنے کے لیے : مشک، زعفران، گلاب سے سفید چینی کے برتن پر لکھ کر آبِ باراں سے دھوئیں اور پانی پہ بارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پلائیں ○ بچھو کے کاٹے کے لیے : سات مرتبہ پڑھ کر اس مقام پر پھونکے ○ ردِ سحر کے لیے : سات مرتبہ کنوئیں کے پانی پر پڑھ کر دم کرے ○ نظرِ بد کے لیے : تین دن تک ہر روز چالیس مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے ○ دشمنوں کے شر سے بچنے کے لیے : ہر روز صبح ۱۰۰ مرتبہ پڑھے نیز ستر روز تک ہر روز ۱۵۰ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھنے سے دشمن مطیع ہوں گے ○ رنج و غم دُور ہونے کیلئے : ہر روز ۱۱۰ مرتبہ پڑھے ○ عزت و رفعت کے لیے : روزانہ ۱۸ مرتبہ پڑھے۔
○ درجات کی ترقی کے لیے : چھ روز تک ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔
○ کامیابی کے لیے : پانچ روز تک ہر روز ۴۰۰ مرتبہ پڑھے۔
○ حکام کی نظر میں عزت کے لیے : حاکم کے پاس جانے سے پہلے ستر مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے جب سامنے جائے تو تین مرتبہ پڑھے۔
○ حصولِ اولاد کے لیے : کاسۂ چینی پر زعفران و گلاب سے نادِ علیؑ لکھ کر بارش کے پانی یا پاک پانی سے دھو کر عورت کو پلائیں۔

## نقشِ نادِ علیؑ

اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بازو سے باندھیں یا گلے میں ڈالیں۔ ہر مصیبت اس سے دُور ہوتی ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۲۸ | ۱۱۳۲ | ۱۱۳۵ | ۱۱۲۱ |
| ۱۱۳۴ | ۱۱۲۲ | ۱۱۲۷ | ۱۱۳۳ |
| ۱۱۲۳ | ۱۱۳۷ | ۱۱۳۰ | ۱۱۲۶ |
| ۱۱۳۱ | ۱۱۲۵ | ۱۱۲۴ | ۱۱۳۶ |

مرسلہ عطا حسین دریشک ——— منقول از وظائفِ نادِ علیؑ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تحریر حکیم غلام سرور شبلب
ماہر علوم مخفی

# لوحِ تسخیرِ اکبر

[بطور خاص امامیہ جنتری سنہ ۲۰۰۰ء کے لیے]

قارئین امامیہ جنتری! السلام علیکم ۔ میں آپ کو ایسا عمل بتاتا ہوں جس سے آپ اپنی تمام جائز خواہشات کی تکمیل کر سکتے ہیں سیکڑوں خواتین و حضرات اس سے فیض یاب ہو چکے ہیں۔ مقدمات میں کامیابی، کاروبار میں برکت، بیرون ملک سفر اور ملازمت کے مواقع، نفسانی اور جسمانی امراض سے نجات اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ اس عمل کو میں نے لوحِ تسخیرِ اکبر کا نام دیا ہے۔ لوحِ تسخیرِ اکبر میں جن اسمائے باری تعالیٰ اور آیاتِ مقدسہ کی روحانیت سے فیض حاصل کیا جاتا ہے۔ وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

**اسماء الحسنیٰ** ـــــ عزیزُ ۔ نافعُ ۔ باسطُ ۔ نُور ۔ مجیبُ ۔ کبیرُ ۔ ودُود ۔ سریعُ ۔ رؤُف

**آیاتِ مقدسہ** ـــــ سورۃ یوسف ۳۱ ، البقرہ ۔ ۱۶۵ ، طٰہٰ ۔ ۳۹ ، ممتحنہ ۷ ۔

مندرجہ بالا اسمائے باری تعالیٰ اور آیاتِ مقدسہ سے لوحِ تسخیرِ اکبر تیار ہوتی ہے۔ یہ لوح ہارون رشید کی سیاہ فام لونڈی کے پاس بھی تھی جس کی وجہ سے وہ ہارون رشید کو بہت عزیز تھی جبکہ وہ بدصورت تھی۔ اس کا ذکر حضرت علامہ الحاج تلمسانی المغربیؒ نے اپنی تصنیف کنز الاکرام جزو دوم میں اور استاذ الکبیر شیخ علی ابوحی اشد المرزوقی نے امام عبدالحق بن سبعین سے اپنی تصنیف الجواہر اللامعۃ میں ہے۔

۷۸۹

فَلَمَّا رَاَیْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَ قَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ وَ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِیْمٌ ۔ عزیز نافع باسط نور مجیب کبیر ودود سریع رؤف

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۱ | ۳۶ | ۲۹ | ۷۶ | ۸۱ | ۷۴ | ۱۳ | ۱۸ | ۱۱ |
| ۳۰ | ۳۲ | ۳۴ | ۷۵ | ۷۷ | ۷۹ | ۱۲ | ۱۴ | ۱۶ |
| ۳۵ | ۲۸ | ۳۳ | ۸۰ | ۷۳ | ۷۸ | ۱۷ | ۱۰ | ۱۵ |
| ۲۲ | ۲۷ | ۲۰ | ۴۰ | ۴۵ | ۳۸ | ۵۸ | ۶۳ | ۵۶ |
| | | | ۳۹ | ۴۳۱۲ | | | | |
| | | | ۴۳۱۱ | | ۴۳۱۷ | | | |
| ۲۱ | ۲۳ | ۲۵ | ۴۳۱۶ | ۴۳۱۳ | ۴۳۱۰ | ۵۷ | ۵۹ | ۶۱ |
| | | | ۴۳۰۹ | | ۴۳۱۵ | | | |
| | | | | ۴۳۱۴ | ۴۳ | | | |
| ۲۶ | ۱۹ | ۲۴ | ۴۴ | ۳۷ | ۴۲ | ۶۲ | ۵۵ | ۶۰ |
| ۶۷ | ۷۲ | ۶۵ | ۴ | ۹ | ۲ | ۴۹ | ۵۴ | ۴۷ |
| ۶۶ | ۶۸ | ۷۰ | ۳ | ۵ | ۷ | ۴۸ | ۵۰ | ۵۲ |
| ۷۱ | ۶۴ | ۶۹ | ۸ | ۱ | ۶ | ۵۳ | ۴۶ | ۵۱ |

# ترکیب تیاری لوح

اس لوحِ مبارک میں نو نقش مثلث ہیں اور کل اکیاسی ۸۱ خانہ ہیں۔ ایک تا اکیاسی تک اعدا
پُر ہوتے ہیں اور دسویں مثلث اس کے وسط میں اعداد اسمائے باری تعالیٰ اور آیات مقدسہ قرآنیہ
اور جس کے لیے لوح تیار کرنا ہو۔ اس فرد کے نام مع والدہ کے اعداد سے پُر کی جاتی ہے۔ مثلاً روحی سیّد کے لیے لوح مثالی تیار کی گئی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| اعداد سائل مع والدہ ـــــ روحی سیّد | = | ۲۹۸ |
| اعداد اسمائے باری تعالیٰ | = | ۱۵۵۷ |
| سورۃ یوسف آیت ۳۱ کے اعداد | = | ۳۹۹۹ |
| سورہ البقرہ آیت ۱۹۵ کے اعداد | = | ۱۲۹۳ |
| سورہ طٰہٰ آیت ۳۹ کے اعداد | = | ۲۱۲۳ |
| ممتحنہ آیت ۷ کے اعداد | = | ۳۷۹۹ |
| کل اعداد | ـــــــ | ۱۳۲۲۹ |

۱۳۲۲۹ سے دسویں مثلث پُر کی گئی ہے۔ جب آپ اپنے لیے لوحِ مبارک پُر کریں تو اعداد (۱۲۹۳۱) میں اپنے نام مع والدہ کے اعداد جمع کر کے مجموعہ سے دسویں مثلث پُر کریں۔ باقی نو مثلثوں کے اعداد وہی رہیں گے۔ چاروں طرف اسمائے باری تعالیٰ اور آیات مقدسہ اسی طرح لکھی جائیں گی۔ تسخیر کے لیے یہ عمل نہایت مؤثر، قوی الاثر اور اکسیر اکبر الاعظم ہے۔ لوح مبارکہ عروج ماہ میں ساعت قمر، زہرہ، مشتری، زعفران اور ماء الورد کی روشنائی سے سفید پاکیزہ کاغذ پر تحریر کریں۔ پھر زعفران کا بخور دے کر تہہ کر کے اپنے پاس رکھیں اور ہر ماہ کے پہلے جمعہ کو اسے صندلین کا بخور دیا کریں۔ اور گیارہ مرتبہ یہ پڑھ کر لوح پر دم کریں:

## اَجِیْبُوْا یَا رُوْحَانِیَۃَ الْعُقُوْلِ وَاَجِلُبُوْھُمْ بِحَقِّ اَبِی الْقَاسِمِ الرَّسُوْلِ۔

لوح تسخیر اکبر ان کنواری بچیوں کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے جن کا رشتہ نہ آ رہا ہو۔ اور شادی کی عمر گزرتی جا رہی ہو۔ شادی شدہ بیٹیاں اپنے پاس رکھیں۔ تو سسرال کے غلط رویّہ سے محفوظ رہیں گی۔ اور ان کی عزت و توقیر بڑھ جائے گی۔ لوح کی تیاری سے متعلقہ ہر بات کی وضاحت کر دی ہے پھر بھی کسی کو سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافہ بھیج کر معلوم کر سکتے ہیں۔ میری دُعا ہے۔ ہر ضرورت مند اس عمل سے فیض حاصل کر سکے

ـــــ حکیم غلام سرور شباب، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ۔ فون: ۳۳۷۴۳۷ – ۳۳۳۲۔

## نقشِ اسمائے پنجتن پاک علیہم السلام

برائے حل مشکلات و مہمات اعداد: ۵۸۳

۷۸۶

محمدؐ علیؑ فاطمہؑ حسنؑ حسینؑ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴۸ | ۱۵۲ | ۱۴۸ | ۱۳۵ |
| ۱۴۹ | ۱۴۴ | ۱۳۹ | ۱۵۱ |
| ۱۴۳ | ۱۴۶ | ۱۵۴ | ۱۴۰ |
| ۱۵۳ | ۱۴۱ | ۱۴۲ | ۱۴۷ |

## نقشِ آیۃ الکرسی: اعداد: ۱۴۰۷۱

حمل محفوظ رکھنے کے لیے، بچوں کو بیماری اور آسیب سے محفوظ رکھنے کے لیے اور پاک محبت کے لیے سات تعویذ پلائیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۵۱۰ | ۳۵۲۴ | ۳۵۲۰ | ۳۵۱۷ |
| ۳۵۲۱ | ۳۵۱۶ | ۳۵۱۱ | ۳۵۲۳ |
| ۳۵۱۵ | ۳۵۱۸ | ۳۵۲۶ | ۳۵۱۲ |
| ۳۵۲۵ | ۳۵۱۳ | ۳۵۱۴ | ۳۵۱۹ |

ـــــ از عملیات الٰہیات مؤلف سیّد ظہور حیدر جارچوی ـــــ

# اعجاز الجفر

ڈاکٹر سید ریاض الرحمٰن (حیدری ملنگ) نقوی البحاکری بی۔اے، بی۔ایڈ، واقف رموز فلکیات ماہر تعویذات و تکسیرات، چکوال۔

قارئین! اگست ۱۹۹۹ء میں میرا مضمون "حروف کے کرشمات" چھپا ہی تھا کہ خطوط کا لا متناہی سلسلہ چھڑ گیا۔ بہرحال ہر خط اور ہر استفسار کا معیاری اور حوصلہ افزا جواب دے کر مطمئن کر دیا۔۔۔ اس مرتبہ اس سے متعلقہ عمل طریقہ امداد پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ پہلے مستحصلہ اور جواب اخذ کریں۔ اس کے بعد درج ذیل عمل سے معاونت حاصل کریں۔

صرف شمس و قمر ہی نظام شمسی میں تیز رفتار اور سیدھے چلنے والے سیارے ہیں۔ قمر تیز ترین سیارہ ہے۔ یہ بارہ بروج کو ایک ماہ طے کرتا ہے۔ چونکہ قمر کا ہماری زندگی میں زیادہ دخیل کار ہے۔ اور ہر فعل اور ہر کام کو متاثر کئے بغیر نہیں رہتا۔ اس لئے اس سے فائدہ اٹھانے کا کلیہ / طریقہ لکھ رہا ہوں۔

قمر کو ہر ماہ ۳، درجے برج ثور میں شرف اور ۳، درجے برج عقرب میں ہبوط ہوتا ہے۔ شرف میں فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ اور نقصان سے بچنے کی ترکیب نکال جا سکتی ہے۔ جبکہ ہبوط میں نقصان دیا جا سکتا ہے۔ میرا کام صرف اور صرف فائدہ پہنچانا ہے۔ قمر میری زندگی کا محور ہے۔ اس سے عوام کو فائدہ پہنچا رہا ہوں۔

جس امر کی ضرورت ہو۔ اس سے متعلقہ آیت لے کر اعداد حاصل کریں۔ اور انہی اعداد سے موکل تیار کریں جس کا قاعدہ یہ ہے کل اعداد سے ۴۱ تفریق کر کے باقی اعداد کے حروف قمری بطریق درجاتی لیں۔ اور آخر میں ایل کا اضافہ کر دیں۔

نام مع والدہ اور متعلقہ مقصد والی آیت کا مجموعہ معلوم کر کے قانونی عدد ۱۲۰ تفریق کر کے چار پر تقسیم کر کے نقش آتشی چال سے پُر کریں۔ ہر خانہ میں چار، چار کا اضافہ کریں۔ اگر ایک بچے تو خانہ ۱۳ میں، دو بچے تو خانہ نہم، تین بچے تو خانہ پنجم میں ایک کا اضافہ کر کے نقش مکمل کر لیں۔ اس کے نیچے جو مقصد ہو۔ اس کی عزیمت لکھیں۔

دو نقوش تیار کر کے سامنے رکھ کر مجموعہ کے مطابق آیت پڑھیں۔ اگر ایک نشست میں پڑھائی ہو جائے تو بہت ہی بہتر ہے بصورت دیگر اپنی سہولت کے لیے مختلف اوقات (نمازوں) میں بانٹ کر ورد مکمل کریں۔ ایک نقش کو تہ کر کے خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھیں۔ دوسرے کو کھلا چھوڑ کر، دھاگہ ڈال کر مکان میں اونچی جگہ لٹکا دیں۔ انشاء اللہ کام کے ایسے اسباب پیدا ہوں گے جن کا تصور انسان کیلئے محال

| | | |
|---|---|---|
| نام سائل | ریاض الرحمٰن | ۱۳۴۱ |
| مقصد | رزق متعلقہ آیت | ۲۰۷۴ |
| مجموعہ | | ۳۴۱۵ |
| قانونی اعداد | | ۱۲۰ |

۴ ) ۳۲۹۵ ( ۸۲۳

۳۲
۹
۸
۱۵
۱۲
۳

| | |
|---|---|
| آیت کے اعداد | ۲۰۷۴ |
| قانونی عدد | ۴۱ |
| | ۲۰۳۳ |
| حروف قمری | ج ل غ غ یا ج ل ب غ |
| موکل | جلغغائیل یا جلبغائیل |

—— چال ——

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

۵۱۳۳ مرتبہ آیت یہی پڑھنی ہے :
"واللہ یرزق من یشاءُ بغیر حساب"

۷۸۹

یا جبرئیل

قول

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۲۳ | ۸۷۶ | ۸۶۳ | ۸۵۲ |
| ۸۶۸ | ۸۳۸ | ۸۲۷ | ۸۷۲ |
| ۸۴۳ | ۸۵۶ | ۸۸۴ | ۸۳۱ |
| ۸۸۰ | ۸۳۵ | ۸۴۰ | ۸۹۰ |

یا میکائیل

یارزاق ارزقنی ریاض الرحمٰن بن .......
اجب جلبغائیل بحق واللہ یرزق من یشاءُ بغیر حساب

اپنی کوشش اور علم کے مطابق ہر چیز کی وضاحت کر دی۔ اگر کوئی چیز استفسار طلب ہو تو مذکورہ بالا پتہ پر بذریعہ خط و کتابت جواب لیا جا سکتا ہے۔ جوابی لفافہ ہمراہ ہو۔ بغیر جوابی لفافہ کے جواب نہ دے پاؤں گا۔ —— ڈاکٹر سید ریاض الرحمٰن (حیدری ملنگ)

# عریضۂ آیات

(نقل از شفاء الاسقام)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا جو شخص مندرجہ ذیل آیات کو لکھ کر دریا میں ڈالے۔ تو انشاء اللہ ایک ہفتہ میں اس کی جائز حاجت پوری ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَاحَوْلَ وَلَا
نام ہے اللہ کے جو مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اور نہیں ہے کوئی طاقت اور نہیں ہے
قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ٭ بِسْمِ اللّٰهِ
کوئی قوت سوائے مدد خدا کے جو بلند ہے عظیم ہے۔ نام ہے اللہ کا جو
الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ۔
مالک ہے حق کو ظاہر کرنے والا ہے (پروردگار یہ عریضہ ہے) ایک بندہ کمترین کی طرف سے
وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ٥
اور تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے رحم کرنے والوں میں۔

اور جب عریضہ پانی میں ڈالے۔ تو کہے :

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ
یا اللہ! درود بھیج اوپر حضرت محمدؐ اور آنحضرتؐ کی اولاد پاکیزگان اور
وَصَحْبِهِ الْمُرْضِيِّيْنَ ٥
آنحضرتؐ کے اصحاب پسندیدہ کے اوپر

(گوہر نگات)

# بیماریوں اور تکلیفوں کو دور کرنے کی دعا

سید ابن طاؤس فرماتے ہیں کہ ہم نے اسے آزمایا ہے بس ایک کاغذ پر لکھے :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مَنِ اسْمُهٗ دَوَآءٌ وَّذِكْرُهٗ شِفَآءٌ يَّا مَنْ يَّجْعَلُ الشِّفَآءَ فِيْمَا يَشَآءُ مِنَ الْاَشْيَآءِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ شِفَآئِيْ مِنْ هٰذَا الدَّآءِ فِي اسْمِكَ هٰذَا ٥

ترجمہ : اے وہ جس کا نام دوا اور جس کا ذکر شفاء ہے اے وہ کہ چیزوں میں سے جس میں چاہے شفاء رکھ دے۔ رحمت فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور اپنے اس نام میں میرے لیے اس بیماری سے شفا قرار دے دس مرتبہ لکھے یَا اَللّٰهُ۔ دس مرتبہ لکھے یَا رَبِّ۔ دس مرتبہ لکھے يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔ (اے اللہ اے رب اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے) (مفاتیح الجنان)

# اولاد کے لائق ہونے کے لیے وظیفہ

اولاد کے لائق اور خوش کردار ہونے کیلئے ہر نماز کے بعد پڑھیں، وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ دس مرتبہ پڑھیں "اَلْبَرُّ" اولاد صالح ہوگی۔ (سورہ الاحقاف آیت ۱۵)

# صدائے کوکب یا نوشتہ تقدیر

## سنہ ۲۰۰۱ء میں کیا پیش آنے والا ہے؟

پروفیسر محمد سلیم خان ایم بی اے ایم اے، ایس، ماہر فلکی علوم فلکیات و عملیات

### افلاک کی شعاعیں اور ہمارا باہمی رابطہ

قدیم اور جدید سائنٹیفک نظریات و تجربات اور مشاہدات سے یہ تسلیم شدہ امر ہے کہ نظام شمسی اور انسانی نظام عصبی کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ اس لئے سیاروں کی کاسمک شعاعیں ہمیں اور ہمارے امور کو متاثر کرتی ہیں کیونکہ یہ برقی مقناطیسی قوت کی حامل شعاعیں انسانی جسم کا احاطہ کیے رہتی ہیں اور ہمارے خیالات، عادات، مزاج اور رنگ روپ پر اثر انداز ہوتی ہیں اور ہمارے جذبات میں مدوجذر پیدا کرتی ہیں۔

**برج: حمل — ARIES — سیارہ: مریخ**

دن: منگل — عدد: ۹ — ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل — حروف: ا۔ ل۔ ع۔ ی



رنگ : ——— گہرا لال، نارنجی

عنصر : ——— آتش

جواہر : مرجان یا قوت، ہا ہی، عقیق، ہیرا

بہترین شریک حیات : اسد، قوس

ناموافق ساتھی : ——— سرطان، میزان

بیماریاں : تیز بخار، سر کا درد، نکسیر، شدید سر کا درد، دورہ، لقوہ

**سیاروں کی کاسمک شعاعوں کے برج حمل پر اثرات!**

سنہ ۲۰۰۱ء حمل افراد کیلئے اہم نوعیت کی تبدیلیاں لائیگا زائچے کے چوتھے اور دسویں گھر کے معاملات پر زیادہ دباؤ پڑے گا۔ اپریل سے آخر اگست تک خاص طور پر ایسا ہوگا۔ آپ کے طرز زندگی میں نئے آغاز کی نشاندہی ہو رہی ہے اس وجہ سے موجودہ حالات میں کچھ انتشار پیدا ہوگا اور از سرنو ترتیب اور تعمیر کی ضرورت پڑے گی۔ تاہم یہ تمام تبدیلیاں پہلے سے بہتر حالات لانے اور پرانے حالات ختم کرنے کیلئے ہوں گی۔

شروع سال میں آپ کے کیریئر، بنیادی مقاصد اور معاشرے میں عزت و مرتبے سے متعلقہ معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ ذہنی لحاظ سے سنجیدہ ہوجائیں گے اور اپنے حال اور مستقبل کو زیادہ محفوظ بنانے کی طرف زیادہ توجہ دیں گے۔ تاہم اپنے مقاصد میں یک طرفہ ہونے یا محدود ہونے کے رجحان سے بچیں بہتر ہوگا کہ اپنے رویئے میں لچک رکھیں۔ سال کے پہلے چھ ماہ میں اگر کیریئر کے معاملات میں ترقی کے خواہاں ہیں تو ان ہدایات پر خاص طور پر عمل کریں۔

اس وقت اپنی زندگی کے رخ خاص طور پر جاہ طلبی اور دنیوی مقاصد سے متعلقہ معاملات پر زیادہ کنٹرول حاصل کرنا چاہیں گے۔ لیکن خیال رہے کہ اگر یہ بات آپ میں ضرورت سے زیادہ پیدا ہوگئی تو بدلتے ہوئے حالات کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنا خاصا مشکل ہو جائیگا۔ جب کہ یہی وہ وقت ہے جب تبدیلیوں کو قبول کرنے اور میسر آنے والے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے خاص طور پر تیار رہنے کی ضرورت ہوگی۔

جنوری کا آخر، فروری کا دوسرا ہفتہ، اپریل کا آخر، مئی کا زیادہ تر عرصہ، اگست کا وسط، ستمبر اور دسمبر وہ اوقات ہیں جو ترقی کے مواقع لائیں گے۔ ان وقتوں میں آپ کی مہم جوئی اور ہمت و جرأت مثبت اور فوری نتائج لائے گی اور ماضی کی کوششوں کا اجر ملے گا۔

آپ کا حاکم سیارہ مریخ شروع سال سے 14 فروری تک آپ کے زائچے کے آٹھویں گھر میں حرکت پذیر رہے گا۔ اس گھر کا تعلق شریک حیات، شریک کار اور دوسروں سے حصول زر سے ہے۔ اس دوران بنک سے قرضہ حاصل کرنے کی کوشش ثمر آور ثابت ہوگی۔ دوسرے لوگوں سے بھی روپیہ لینا آسان ہوگا اس کے بعد 15 فروری سے 7 ستمبر تک خانہ نہم میں رہے گا۔ جہاں سیارہ پلوٹو پہلے سے ہی موجود ہے۔ اس دوران سفر و زیارات مقامات مقدسہ کے مواقع میسر آئیں گے نیز بیرون ملک جانے کے خواہاں لوگ اس دوران اگر کوشش کریں تو کامیاب ہونگے۔ سیارہ زحل آپ کے خانہ مال میں 21 اپریل تک رہے گا چونکہ زحل اس گھر میں اچھی حالت میں ہے۔ اس لئے اس کے اثرات مالی حالات کو مستحکم کرنے کیلئے مددگار ثابت ہونگے اور مالی حالت بتدریج بہتر ہوتی جائے گی۔

زحل کی پابندیاں لانے والا اثر گذشتہ سال آپ دیکھ ہی چکے ہوں گے۔اس کا اثر نہ صرف آمدن پر پڑتا ہے بلکہ مالی شراکت مشترکہ اخراجات اور باہمی آمدن وخرچ پر بھی پڑتا ہے بعض لوگوں کو مقروض بنا دیتا ہے۔


زحل کا ایک اہم عنصر وقت بھی ہے لہٰذا خلاف معمول مستقبل کے تحفظ کی جانب زیادہ توجہ ہوگی۔آنے والے مہینوں اور سالوں کیلئے طویل المعیاد منصوبے بنائیں گے اور مالی منصوبوں کے سلسلہ میں بے حد احتیاط اور سوچ بچار سے کام لیں گے۔ریٹائرمنٹ میں ابھی کئی سال باقی ہونگے اور اکثر لوگ ایسے اخراجات میں کمی لے آئینگے جن کے متعلق آپ پہلے معترض نہیں ہوتے تھے۔
اس کے بعد 21 اپریل کو برج جوزا میں چلا جائے گا جو زائچے کا تیسرا گھر ہے۔
اب ڈھائی سال سے زحل کا جو اثر خانہ مال پر پڑ رہا تھا وہ ختم ہو جائے گا اور مالی امور اور سہولتوں کے لئے یہ گھر بالکل آزاد ہو جائے گا۔برج جوزا میں زحل کی موجودگی دماغی صلاحیتوں کے اظہار کی صلاحیت میں اضافہ لائے گی خاص طور پر رسل ورسائل کے میدان میں آپ کی ان خوبیوں کے پھلنے پھولنے کا موقع ملے گا۔اگر اب تک کیرئیر کے لحاظ سے مطمئن نہ تھے تو اس سلسلہ میں مطالعہ کی ضرورت ہوگی یا جن صلاحیتوں کو نظر انداز کر دیا تھا انہیں دوبارہ چمکانے کا یا کچھ تربیت حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔

سیارہ زحل 27 ستمبر 2001ء سے 7 فروری 2002ء تک حالت رجعت میں رہے گا۔اس دوران نزدیکی رشتہ داروں اور اعزاء کے درمیان ناموافقت پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔آمدورفت میں التوا آئے گا اور اندرون ملک سفر کی سہولتیں نہ دے گا چونکہ سیارہ مشتری بھی زائچے کے تیسرے گھر میں 13 جولائی تک رہے گا اس لئے اس سیارے کی سعادت زحل کے نحس اثرات میں کمی کر دیگی۔تیسرے گھر میں مشتری کی موجودگی ہم اثر رشتہ داروں سے تعلقات بہتر بنائے گی۔تیسرا گھر دراصل آپ کے ذہین خیالات سے سوچنے کے عمل اور اظہار کے انداز اور طریقوں سے بھی گہرا تعلق رکھتا ہے مشتری اس سوچ میں وسعت دے گا اس کے بعد مشتری آخر سال تک گھر اور خاندان پر اثر انداز ہوگا۔اس سے مالی امور میں ترقی ملے گی اور روپیہ گھریلو امور اور خاندانی نسبتوں سے ملے گا۔وہ لوگ جن کا کاروبار گھر میں ہوگا ان کو ترقی ہوگی۔چونکہ سیارہ مشتری کو برج سرطان میں شرف حاصل ہوتا ہے 12 اکتوبر سے 15 اکتوبر تک نکتہ شرف سے گذرے گا اسلئے آپ جو بھی کاروبار کر رہے ہیں یا بچوں کی اشیاء کے کاروبار میں بھی خاصی

آمدن ہوگی بچوں کے ذریعے نفع پائیں گے تخلیقی امور سے بھی روپیہ لائیگا سوشل دعوتیں فائدہ دیں گی ذاتی گھر میں وسعت یا مرمت بھی آسانی سے کرسکیں گے۔
سیارہ یورینس آپ کے زائچہ کے گیارہویں گھر کو متاثر کرتا رہے گا۔
آپ کی سوشل زندگی اور اجتماعی سرگرمیوں میں جان ڈال دے گا۔نیا حلقہ اور نئے دوست دے گا۔غیر معمولی لوگوں سے ملنے کا موقع ملے گا جن سے پہلے کبھی واقف نہ تھے سیارہ پلوٹو سفروں کے گھر پر ہے لہٰذا اس سال 17 مارچ سے قبل یا 22 اگست کے بعد غیر ممالک کے سفر کے حق میں ہوگا۔نیز تعلیم اور کیرئیر بنانے کے متعلق بیرون ملک سفر کا موقع ملے گا۔

برج: ثور **TAURUS** سیارہ: زہرہ

... اپریل تا ۲۰ مئی



رنگ : ———— گہرا نیلا
عنصر : ———— خاکی
جواہر : ———— الماس، نیلم، فیروزہ
بہترین شریک حیات : ———— سنبلہ، جدی
ناموافق ساتھی : ———— اسد، عقرب، دلو
بیماریاں : حلق اور کانوں کے عوارض، پھوڑے پھنسیاں، تولیدی مسائل

## سیارگان کی کاسمک شعاعوں کے اہل ثور پر اثرات

گذشتہ سالوں سے زحل نے زندگی کے کچھ شعبوں شاید کام صحت اور تعلقات وغیرہ میں پریشان کن حالات پیدا کر دیے ہونگے اور ابھی پہلے چار ماہ بھی اس قسم کے حالات سے واسطہ پڑے گا۔تاہم کاروبار کی ترقی پیشہ ورانہ معاملات اور کیرئیر کے منصوبوں کو آگے بڑھانے کے نئے مواقع فراہم ہونگے۔ بارسوخ افراد مدد کے لئے تیار ہونگے۔افسران بھی ملازمین سے خوش ہونگے اور ان کے کام کو پسند کریں گے۔ان مہینوں میں نئے منصوبوں کو مکمل کرنا چاہیے اور اپنے کام کی بنیادیں مضبوط کرنی چاہیے۔کاروبار کو وسعت دینے اور منصوبوں کو آگے بڑھانے یا سال کے شروع میں جو کام کرینگے باقی سال میں ان کا معقول معاوضہ ملے گا۔

21 اپریل کو زحل برج جوزا میں داخل ہو جائے گا جو آپ کا خانہ مال ہے۔اس وقت سابقہ دباؤ اور پریشانیوں سے امن آزاد ہو جائے گا۔زندگی یا کردار میں کوئی کمزوری یا خامی تھی وہ اب ظاہر ہو جائیگی۔مثال کے طور پر آپ اپنی صحت یا کسی ایک تعلق یا کام کو نظر انداز کرتے رہے اور ذمہ داریوں سے

بھاگتے رہے تو اب زحل اس قسم کی غفلت اور لاپرواہیوں کو ظاہر کردے گا تاکہ آپ انہیں دور کرلیں۔ ذاتی تعلق میں بھی آزمائش کا وقت آن پہنچا ہے۔ کام یا کیریئر کے سلسلے میں اگر دباؤ تھا تو آپ محنت و مشقت اور ذمہ داریوں کو قبول کرنے کا اجر ملے گا جبکہ دوسری جانب اگر آپ نے اپنا کام پوری دیانتداری سے انجام نہیں دیا تو اس کا بدلہ بھی مل جائے گا۔

اگر آپ فطرتاً تخلیقی ذہن رکھتے ہیں اور مالی معاملات میں طویل المدت کام مدِ نظر ہیں لیکن اب جوزا میں زحل کی موجودگی آپ کے رجحان میں اضافہ کردے گی۔ ممکن ہے اس دوران کسی بھی نوعیت کی مالی شراکت میں حصہ لینے کی طرف مائل ہو جائیں۔ ملازم پیشہ افراد جن کوئی ملازمت ملی ہو۔ وہ قدم جمانے کی طرف توجہ دیں اور اپنے رتبے کو حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ اس وقت صاحب اقتدار لوگوں کی مدد ملے گی۔ جن لوگوں کی پسند کی ملازمت نہیں ان کو بھی کوشش کرنی چاہیے۔ اس سال غیر معمولی طور پر بہتر کام کریں گے تو اس کا صلہ ملے گا اور نقصانات کی تلافی بھی ہوگی۔

سیارہ مشتری چونکہ آپ کے خانہ مال میں 12 جولائی تک مقیم رہے گا اس لئے اس وقت اپنے علم و معلومات اور صلاحیتوں کو بہتر بنانا مالی لحاظ سے مفید ثابت ہوگا۔ جو افراد اپنی تعلیمی قابلیت میں اضافہ کرنا چاہ رہے ہیں انہیں باآسانی کامیابی حاصل ہوگی کیونکہ آپ کا ذہن نئے خیالات قبول کرنے کیلئے تیار ہوگا اور جو بھی نیا علم حاصل کرنا چاہیں گے اسے باآسانی سمجھ سکیں گے۔

سیارہ مشتری 13 جولائی کو برج سرطان کے تیسرے گھر میں داخل ہو جائے گا اور آخر سال تک اسی گھر میں رہے گا۔ اس دوران سفر آپ کی زندگی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ وہ افراد جنہیں پیشہ ورانہ یا کاروباری سرگرمیوں کے سلسلے میں خاصی نقل و حرکت کرنی پڑتی ہے ان کے لئے یہ سال کامیابی لائے گا اور بہت سے مفید اور خوش قسمت کاروباری تعلقات قائم ہونگے کیونکہ سیارہ مشتری کو برج سرطان میں شرف حاصل ہوتا ہے۔ سفر کے ذریعے نئے دوست بھی زندگی میں داخل ہوں گے۔ مشتری کے سعد اثرات سفر میں کسی نہ کسی طرح غیر متوقع طور پر خوش قسمت ثابت ہوں گے۔ خاص طور پر کاروباری یا تعلیمی نوعیت کے سفر کے لئے یہ عرصہ خوش قسمت ثابت ہوگا۔ نیز قریبی دوست یا رشتہ دار آپ کو فائدہ پہنچائے گا یا مفید مشورے یا تجاویز پیش کرے گا۔ ان دنوں آپکے معمولات میں بھی کچھ دلچسپ تبدیلیاں آسکتی ہیں جو کامیاب ثابت ہوسکتی ہیں۔


خوش قسمتی کا سیارہ مشتری 12 سال بعد شرفی برج میں آرہا ہے اور 12 اکتوبر سے 15 اکتوبر تک عین شرفی درجات سے گذرے گا۔ آپ کا حاکم سیارہ زہرہ بھی 4 جنوری سے 2 فروری تک شرفی برج میں رہے گا اور 29 جنوری سے 31 جنوری کو عین نقطہ شرف سے گذرے گا۔ آپ کا حاکم سیارہ زہرہ 21 ستمبر سے 14 اکتوبر تک پانچویں گھر میں رہے گا۔ اس گھر کا تعلق بچوں، اولاد، زائد آمدن اور انعامی سکیموں سے ہوتا ہے۔ اس دوران ان معاملات کیلئے مناسب اقدامات کرنا نتیجہ خیز اور ثابت ہوگا۔ بے اولاد حضرات مناسب علاج معالجہ کر کے اولاد کی نعمت حاصل کرسکتے ہیں۔

آپ کا حاکم سیارہ زہرہ 8 نومبر سے 2 دسمبر تک بیت الزوج نسبت و شادی کے گھر میں حرکت پذیر رہے گا لہٰذا غیر شادی شدہ حضرات اس دوران نسبت و شادی کا اہتمام کریں۔ نیک بخت شریک حیات میسر آئے گا اور شادی بھی خوش قسمت ثابت ہوگی اور مالی فوائد بھی حاصل ہوں گے۔

سیارہ مریخ برج جدی میں 8 ستمبر سے 27 اکتوبر تک شرفی برج میں رہے گا۔ اس گھر کا تعلق نصیب اور بیرون ملک اور قانونی معاملات سے اور اعلیٰ تعلیم کے حصول سے ہوتا ہے۔ اس دوران ان معاملات کے لئے کوشش کرنا کامیابی کی دلیل ہے بالخصوص 23 اکتوبر سے 25 اکتوبر تک۔ جس دوران سیارہ مریخ عین شرفی درجات سے گذرے گا مریخ مردانگی طاقت اور قوت عمل کا مظہر ہے اور آپ کے برج ثور سے سعد ترین زاویہ پر ہوگا۔

سیارہ یورینس جو بیت العزت اور کیریئر کے گھر میں ہے چونکہ یورینس اس گھر برج دلو کا حاکم ہے اس لئے کیریئر بنیادی مقاصد ملازمت اور مرتبے کے سلسلے میں مددگار ثابت ہوگا۔ ترقی اور کامیابی میسر آئے گی اب زندگی میں ضرور موقع ملے گا کہ اپنی صلاحیت کو بہتر انداز میں پیش کرسکیں گے۔ اس کے اکثر اثرات غیر متوقع اور اچانک ہونگے۔ جذبات میں آئے بغیر یا کسی خوف کے بغیر فوری ردِ عمل اور فیصلہ کرنا یورینس کی لائی ہوئی تبدیلیوں سے فائدہ اٹھانے کے لیے بے حد ضروری ہے۔ اپنے جمود سے باہر نکلیں اور کیریئر کے متعلق جو کچھ ہو اس کو زیرِ نظر رکھیں مثلاً جہاں آپ کام کرتے ہیں وہاں کے نظام کو از سر نو ترتیب دیا جائے اور آپ کو موقع دیا جائے کہ اپنی تخلیق اور اختراعی سوچ کو استعمال کریں اور بعض مسائل خود بخود حل ہو جائینگے اور جو لوگ کسی ٹریک میں رہے ہونگے اُن کا کیریئر بن جائے گا۔

| | |
|---|---|
| برج جوزا | GEMINI |
| عدد 5 | [illegible] |



رنگ : پیلا زرد

عنصر : ہوائی

جواہر : زمرد [illegible] عقیق

بہترین شریک حیات : میزان، دلو

ناموافق ساتھی : حمل، قوس، حوت

بیماریاں : نمونیہ، پھیپھڑے کے عوارض، کمر اور سانس کی تکلیف، اعصابی تکلیف

[illegible]

سنہ ۲۰۰۱ء میں جائیداد کے معاملات، مشترکہ روپیہ، کیریئر، کاروبار اور اپنے پیشے یا روزگار کو ترقی دینے اور شراکت کے معاملات سے فائدہ اٹھانے کا اچھا موقع ملے گا۔ کام میں ترقی اور کاروبار میں ذمہ داری کا امکان ہے مشتری کی نحوست سے حکمت رومان اور بہترین شادی کا امکان لائے گی اور تخلیقی و ذہنی فطرت کو بلند کرے گی۔ آپ کو چاہیے کہ جون سے قبل تمام اہم کاموں کو شروع کر دیں تاہم گھر اور خاندان کے چند مسائل کی طرف توجہ رہے گی۔ جو پریشانی کا باعث بنیں گے۔ سیارہ زحل 21 اپریل تک بارہویں گھر میں رہے گا اس گھر کا تعلق خفیہ امور خفیہ دشمنوں، قید و بند، حادثات اور ہسپتال سے ہے۔ لہٰذا اس دوران نہایت محتاط انداز اختیار کرنا چاہیے۔ اس وقت ذاتی تحفظ کی نہایت ضرورت ہوگی اس لئے کہ جھگڑا کرنے والے واقعات پیدا ہوں گے جس سے غیر معمولی حادثہ کا اندیشہ ہو سکتا ہے اس طرح اپنے لگے ہوئے روپیہ کا تحفظ بھی ضروری ہے تاکہ نقصان نہ ہو۔ اس وقت ذاتی کاموں میں کامیابی کیلئے ضروری ہے کہ تہیہ اور محنت سے کام کیا جائے۔ زحل کے اثر کی وجہ سے خیال اور ارادوں میں ناکامی ہوگی۔


21 اپریل سے سال کے آخر تک زحل آپ کے طالع برج جوزا میں حرکت پذیر رہے گا۔ اس دوران ذہن پر بے سکونی چھا جائے گی کچھ سمجھ میں نہیں آئے گا کہ کیا کیا جائے اور کیا نہ کیا جائے۔ اس وقت بلا اقدام سے دوست بھی جدا ہوں گے اور شریک حیات بھی پسند نہ کرے گی۔ سرمایہ کاری، قرض جات اور دیگر مالی معاملات پر کڑی نگاہ رکھنے کی ضرورت ہوگی سارا سال کفایت شعاری سے کام لینے اور بے حد محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔ سیارہ مریخ 15 فروری سے 7 ستمبر تک زحل کے مد مقابل ہوگا اس طرح یہ وقت ایک چیلنج ہوگا۔ ساتویں گھر میں مریخ کی موجودگی رکاوٹ یا مخالفت کے عنصر کی نشاندہی کرتی ہے۔ جس کا بلاواسطہ سامنا کرنا ہوگا اور اس پر قابو پانا ہوگا تاہم ایسی رکاوٹوں کی موجودگی میں جلد بازی کرنے کی بجائے حکمت عملی سے کام لینا بہتر ہوگا اندیشہ ہے کہ بغیر سوچے سمجھے قدم اٹھا کر اور جارحانہ رویہ اختیار کر کے نا سمجھی دشمنی پیدا کر لیں گے۔ اس لئے دی گئی ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔ شریک کار یا شریک حیات سے بحث و تکرار سے گریز کریں۔ اختلافات کی صورت میں دانش مندی و دور اندیشی اور صبر و تحمل سے کام لینا بہتر ہوگا بصورت دیگر علیحدگی ہو سکتی ہے۔ اپنے حالات کا بغور جائزہ لینے کیلئے خود پیچھے رہ کر دوسروں کو مداخلت کرنے کا موقع دیں اگر کوئی کاروباری معاملہ طے کرنا ہے یا اہم اور سخت گفت و شنید کے مرحلے سے گزر رہے ہیں تو آسان حالات کی توقع نہ رکھیں اگر رکاوٹوں کے خلاف نبرد آزما ہوں تو عارضی طور پر کچھ پہلوؤں کو نظر انداز کرنا بہتر ہوگا۔ ملازم حضرات اپنا کام نہایت محنت اور دیانتداری سے کریں۔ بصورت دیگر آپ کی ملازمت ختم ہو جانے کا اندیشہ ہے یہ سخت وقت ہوگا لہٰذا فرائض کی انجام دہی میں قطعاً غفلت اور لاپرواہی نہ کریں۔

سیارہ زحل ایک معلم کی حیثیت رکھتا ہے زحل مرتبے اور حیثیت کی نمائندگی کرتا ہے اور یورینس ان میں تبدیلیاں لاتا ہے۔ زحل استحکام پائیداری اور طویل المیعاد عمل کے ساتھ تحفظ، مرتبہ، عزت اور اقتدار کی خواہش پیدا کرتا ہے ایسی ذمہ داریاں اور فرائض بھی پورے کرنے پڑتے ہیں جو ناگوار ہوتے ہیں۔ یہ باتیں بعض کو پابندیاں محسوس ہوتی ہیں مگر زحل آسانیاں نہیں دیتا۔

15 اگست اور 2 نومبر کو زحل اور پلوٹو میں مد مقابل ہوں گے اس وقت کچھ بھی ہو سکتا ہے۔ لہٰذا بے صبری اور جلد بازی سے پرہیز کرنا ضروری ہوگا۔ یہ گمراہ آپ کی شریک حیات و شریک کار عجیب ساتھ کام کرنے والوں اور مریضوں کے ساتھ تعلقات میں مد و جزر پیدا کرے گا نیز ساتویں گھر کا تعلق ان تمام لوگوں سے ہوتا ہے جن سے آپ کا قریبی تعلق ہوگا لہٰذا دوسروں سے معاونت حاصل کرنا آسان بات نہ ہوگی۔ مختلف لوگوں سے مختلف وجوہات کی بناء پر تعلقات رکھنے پڑیں گے وجوہات ذاتی بھی ہو سکتی ہیں اور کاروباری بھی زحل سبق سکھاتا ہے۔ ایسی ذمہ داریاں اور فرائض بھی پورے کرنے پڑتے ہیں جو ناگوار گزرتے ہیں۔ یہ باتیں بعض کو پابندیاں محسوس ہوتی ہیں مگر زحل آسانیاں نہیں دیتا۔ لہٰذا شرکت میں درد پیدا کرنا یا اس دوران شادی ہونی ممکن ہے وہ آپ کی فطرت کے بالکل خلاف ہو لیکن کرنا پڑے گا۔ سیارہ پلوٹو اور زحل تمام سال مد مقابل ہیں گے سیارہ پلوٹو کا

اصول ہے کہ جو کام وبات یا تعلق نا سور بن جائے اس کو کاٹ کر الگ کر دیتا ہے اور نئی سمت متعین کرتا ہے۔ آپ کا حاکم سیارہ عطارد 6 مئی سے 12 جولائی تک آپ کے طالع برج جوزا میں زحل کے ہمراہ ہوگا اور پلوٹو سے مقابل ہوگا۔ آپ کا حاکم سیارہ عطارد 4 جون سے 27 جون تک رجعت کی حالت میں رہے گا اس دوران کسی معاہدے پر دستخط نہ کریں کیونکہ اس وقت دھوکہ فریب کا اندیشہ ہے آپ کی تحریرات میں غلطیاں ہونگیں یا دوسرا کوئی غلط مطلب لے گا جس سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس وقت خاص طور پر محتاط رہنا چاہیے۔ سیارہ مشتری 12 جولائی تک زحل کے ہمراہ رہے گا۔ اس کے سعد اثرات زحل کے نحس اثرات کم کرنے کا باعث بنیں گے۔ سیارہ مشتری 13 جولائی سے آپ کے خانہ مال میں برج سرطان میں داخل ہو جائے گا اور تمام سال یہیں رہے گا۔ برج سرطان میں مشتری کو شرف حاصل ہوتا ہے۔ یہ موقع آپ کو 12 سال بعد میسر آ رہا ہے لہٰذا لوح شرف مشتری لازماً بنوا کر پاس رکھیں۔ تاکہ مذکورہ سیاروں کی نحوست سے محفوظ رہ سکیں چونکہ سیارہ مشتری کا تعلق دولت سے بھی ہوتا ہے اس لئے اس کی لوح بنوا کر پاس رکھنے سے خوشحالی کا دور شروع ہو جائے گا اور مالی پوزیشن مستحکم ہوگی۔ لوح شرف مشتری سے آپ آنے والے 12 سال میں مستفید ہوتے رہیں گے اور کاروبار بھی عروج پر ہوگا۔

| | |
|---|---|
| برج سرطان | **CANCER** |
| رنگ | سفید اور ہرا |
| عنصر : | آبی |
| جواہر : | کیٹس آئی، موتی، زمرد، عقیق |
| بہترین شریک حیات : | عقرب، حوت |
| ناموافق ساتھی : | حمل، جدی، میزان |



بیماریاں : پھیپھڑوں اور سانس کی تکلیف، معدہ، گردوں اور پیشاب کی تکلیف

عطارد آپ کے تیسرے گھر کا حاکم ہے جو ڈاک، پیغامات اور ہر قسم کے رسل و رسائل سے متعلق ہے۔ یہ نقل و حمل کے علاوہ آپ کی سوچ پر بھی حکمران ہے۔ رجعت کی حالت میں ڈاک میں دیر ہوگی دوستوں میں غلط فہمیاں پیدا ہوں گی اور تحریرات میں بھی احتیاط کی ضرورت ہوگی۔ جب عطارد کی رجعت ہو تو کوئی اہم کام نہ کریں یہ وقت 4 فروری سے 24 فروری تک پھر 4 جون سے 27 جون تک پھر 2 اکتوبر سے 22 اکتوبر تک ہوگا اس وقت سفر کرنا اور معاہدات کرنا بھی

درست نہ ہوگا۔ سیارہ زہرہ آپ کے نویں گھر میں 4 جنوری سے 2 فروری تک رہے گا۔ یہ زہرہ کا شرفی برج ہے زہرہ شرفی درجات 30 جنوری تا یکم اگست گذرے گا۔ اس گھر کا تعلق بیرون ملک سفر حج، عمرہ اور مقدس زیارات سے ہے لہٰذا اس دوران اس سلسلے میں سفر اختیار کرنا نیک اور مبارک ثابت ہوگا۔ دوران سفر نئے تعلقات بھی قائم ہونگے۔ خوش بختی کا سیارہ مشتری 12 سال بعد آپ کے طالع برج سرطان میں داخل ہوگا طالع میں مشتری کا 13 جولائی کا داخلہ زندگی میں سنہری دور کے آغاز کی نشاندہی ہے۔ یہاں مشتری یکم اگست 2014ء تک قیام پذیر رہے گا۔ سیارہ مشتری چونکہ دولت سے بھی منسوب ہے اس لئے اس دوران غیر معمولی آمدن میسر آئے گی۔ یہ ستارہ ذاتی حالات، کام کی صورت حال اور باطنی شخصیت کو وسعت دینے اور بہتر بنانے کے زائد مواقع لائے گا۔ اس سال بعض اوقات آپ کو تقدیر پر یقین آ جائے گا۔ آپ کی زندگی میں اہم اور دور رس تبدیلیاں آنے کی زبردست نشاندہی ہو رہی ہے اس عمل کے دوران اگرچہ انتشار سے واسطہ پڑے گا تاہم آخری نتیجہ آپ کی موافقت میں ہوگا۔


سرطانی افراد تحفظ کو بہت اہمیت دیتے ہیں چنانچہ مشتری کی طالع میں موجودگی کے دوران خاندانی اور گھریلو معاملات کو سب سے زیادہ اہمیت حاصل رہے گی۔

5 اپریل مشتری نیپچون سے سعد ترین زاویہ نظر قائم کرے گا جبکہ 19 جون کو مشتری یورینس کے ساتھ سعد ترین زاویہ نظر قائم کرے گا۔ ان سعد اوقات سے مستفید ہونا آپ پر منحصر ہے۔ جب کہ 6 مئی کو مشتری اور پلوٹو میں نظر مقابلہ قائم ہوگی۔ یہ صورت حال ایسے تعلقات کے لئے موافق نہیں ہوگی جہاں در پردہ جذباتی تناؤ کی وجہ سے تعلقات خوش گوار نہیں ہیں۔ صحت بھی متاثر ہو سکتی ہے اور ملازمین سے بھی نقصانات سرزد ہو سکتے ہیں۔ کوئی سواری چلاتے وقت نہایت محتاط انداز اختیار کرنے کی ضرورت ہوگی خدانخواستہ کہیں کوئی حادثہ پیش نہ آ جائے۔ مذکورہ اوقات میں گھر کا کوئی فرد گھر چھوڑ دے گا غالباً کسی غیر ملک کو چلا جائے گا۔ بہر حال حالات جو بھی ہوں یہ وہ اوقات ہیں جب گھریلو زندگی کی از سر نو ترتیب اور تنظیم کریں گے۔ 2013ء ایسا سال ہوگا جب قریبی تعلقات یعنی شادی اور محبت کی بنیادوں پر قائم تمام تعلقات کو زیادہ اہمیت حاصل ہو جائے گی۔ مشتری ان معاملات میں خوش بختی کی نشاندہی کر رہا ہے۔ تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صورت حال مشروط ہوگی۔ سیارہ مشتری اکتوبر 12، 13 اور 14

کو عین شرفی درجات سے گذرے گا۔ یہ عرصہ یعنی 13 جولائی ۲۰۰۱ء سے لے کر یکم اگست ۲۰۰۲ء تک خوش بختی لے کر آئے گا لہٰذا زندگی کو بہتر بنانے کے کئی مواقع مختلف انداز سے لائے گا۔ اُمیدیں اور خواہشات پوری ہوں گی آمدنی کے ذرائع میں استحکام پیدا ہوگا ان لوگوں کو حصولِ مقاصد کی پوری پوری کوشش کرنی چاہیے۔ اس سال بہت کم مسائل پیدا ہوں گے اور جو ہوں گے اطمینان بخش طور پر حل بھی ہو جائیں گے۔ کاروباری معاملات کا انحصار ساتھ کام کرنے والوں، قریبی افراد اور ان کے تعاون پر ہوگا۔ ان کی امداد اور مشوروں سے غیر معمولی فائدہ ہوگا بعض اوقات جب وہ خود ان منصوبوں پر واضح طور پر بات نہ کر سکیں تو ان کے منصوبوں پر ہرگز عمل نہ کریں ورنہ شدید مشکلات کا سامنا ہوگا کاروباری ترقی کے کافی مواقع ملیں گے۔ ان سے ضرور فائدہ اُٹھائیں۔ زندگی میں جو بنیادی مقاصد ہیں یہ سال ان کے حصول کے لئے بہترین ہے۔ اگر یہ مواقع نہ بھی ملیں تو بھی ان کے حصول کے لئے صحیح راستے پر چل نکلیں گے اور دیر یا سویر سے ان پر کامیابی حاصل ہو جائے گی۔ وہ لوگ جو ملازمت میں ترقی چاہتے ہیں یا شادی کرنا چاہتے ہیں۔ ان کو اس سال کامیابی ہوگی۔ بہرحال جو بھی مقاصد ہوں گے یہ سال آپ کو ان مقاصد کے حاصل کرنے کے لئے صحیح سمت میں لگا دے گا بعض سرطانی افراد میں شاہ خرچی آ جائے گی۔ بعض اوقات ضرورت سے زائد خوش اُمیدی بھی نقصان دے گی۔ ان لوگوں کی اعتدال پسند فطرت زائد خرچ کی طرف مائل ہو جائے گی حالانکہ اس سال مستحکم اقدامات اور خوش بختی فائدہ لائے گی اور بینک بیلنس بھی بنے گا اور بعض اوقات غیر متوقع فوائد بھی حاصل ہوں گے۔ 8 ستمبر سے 27 اکتوبر تک سیارہ مریخ بھی اپنے برج جدی میں حالت شرف میں مشتری کے بالمقابل رہے گا یعنی دونوں منہ زور سیاروں کا زبردست مقابلہ ہوگا یہ اوقات بہت خطرناک ثابت ہوں گے۔ اس دوران کچھ بھی ہو سکتا ہے بالخصوص شراکتی معاملات خواہ وہ شریک کار یا شریک حیات سے متعلق ہوں وہ تشویشناک صورت حال اختیار کر جائیں گے۔ علیحدگی بھی ہو سکتی ہے خواہ وہ کسی طریقہ سے ہو۔ سیارہ زحل کی ساڑھ ستی کا دور 21 اپریل سے شروع ہو چکا ہے لہٰذا جملہ امور میں نہایت محتاط انداز اختیار کرنا ضروری ہوگا۔ اس کا طلسم بنوا کر رکھنا مفید ہوگا۔

[illegible] فیس مبلغ -/100 روپے [illegible]
[illegible] 70/A [illegible] 107 [illegible]

| | |
|---|---|
| برج : اسد | سیارہ : شمس |
| LEO | |
| دن : اتوار | عدد : ۱ |
| ۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست | حروف : م۔ٹ |



رنگ : گولڈن، نارنجی
عنصر : آتش
جواہر : ہیرا، سنگِ یشب
بہترین شریک حیات : حمل، قوس، اسد
ناموافق ساتھی : عقرب، دلو، ثور
بیماریاں : ہائی بلڈ پریشر، ریڑھ کی ہڈی، کمر کی تکلیف، دل کی تکلیف

## سیارگان کی کاسمک شعاعوں کے اہل اسد پر اثرات

شروع سال میں اگر موجودہ ملازمت و کاروبار اور کیریئر سے متعلق مشکلات کا سامنا ہوا تو بہتر حالات بنانے کے لئے جو بھی کوشش کریں گے وہ کامیاب رہے گی۔ مواقع عین اس وقت میسر آئیں گے جب آپ کو ان کی بالکل کوئی توقع نہ ہوگی یہ در پردہ مدد مشتری کی طرف سے ہوگی جو بارہویں گھر میں ہے آخر سال تک یہ صورت حال برقرار رہے گی۔ اس وقت تک مشتری ایک راہ نما کا سا کردار ادا کرے گا۔ پس پردہ حالات جو شکل اختیار کریں گے ان کے آپ پر دُور رس مفید اثرات مرتب ہوں گے۔ شاید کسی ایسے فرد سے ملاقات ہوگی جو آپ کو اپنی صلاحیتوں کو زیادہ بہتر طور پر استعمال کرنے کے لئے نئے خیالات اور مشورہ دے گا۔ مشتری کی بارہویں گھر میں موجودگی اس بات کی نشاندہی بھی کر رہی ہے کہ اکثر اسدی افراد کو اپنی کچھ مخفی صلاحیتوں کا پتہ چلے گا جو ان کے طرزِ زندگی، مقاصد اور جاہ طلبیوں پر گہرا اثر ڈالیں گی قدیم اور پُر اسرار علوم و روحانیت شفا بخشی کی صلاحیتوں کی طرف توجہ دینے کے لحاظ سے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ 13 جولائی سے آخر سال تک مشتری خاص طور پر ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو دیکھ بھال کرنے والے پیشوں سے منسلک ہیں یا کسی خیراتی اور فلاحی تحریک کی کامیابی کے خواہاں ہیں صحت کے نقطۂ نگاہ سے مشتری صحت یابی کی زبردست قوت عطا کرے گا۔ وہ افراد جو خاصے لمبے عرصے سے بیماری کا شکار ہیں آنے والے مہینوں میں ان کی صحت یابی کی رفتار تسلی بخش ہو جائے گی یا اگر کسی رشتہ دار یا دوست کی صحت کی طرف سے فکر مند ہیں تو بہت جلد اس کی حالت میں نمایاں بہتری دیکھیں گے۔

سیارہ عطارد 30 جولائی سے 13 اگست تک آپ کے برج اسد میں حرکت پذیر رہے گا۔ اس دوران کام کے حالات بہتر بنانے کے لئے بھرپور کوشش کریں تو مثبت نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ اس وقت خط و کتابت میں

کسی قدر سست روی نظر آئے گی اگر ملازمت کے لئے درخواست دی ہے یا دینے والے ہیں تو اس تاریخ کے بعد حالات بہتر ہونے لگیں گے۔ دوسروں کی وجہ سے زیادہ کام اور ذمے داریوں سے واسطہ پڑے گا جس کی وجہ سے ذاتی منصوبوں اور دلچسپیوں کو عارضی طور پر پس پشت ڈالنا پڑے گا۔ اس وقت ہر چیز کو منظم رکھنے کے لئے زائد کوشش کرنی پڑیں گی اگر آپ کا ذاتی کاروبار ہے یا کسی ذمہ دار عہدے پر ہیں تو خاص طور پر ایسا ہوگا۔ اگر آپ نے بنیادی ضروریات کی طرف توجہ دی اور دوسروں کو اپنی فیاض فطرت سے فائدہ اٹھانے کا موقع نہیں دیا تو اس قسم کے مسائل سے بچ سکیں گے اگر آپ کا کام جسمانی نوعیت کا ہے یا مشینری سے تعلق رکھتا ہے تو خاص طور پر محتاط رہیں اور جلد بازی میں کوئی کام ہرگز نہ کریں چنانچہ ان دنوں آپ بے صبری یا جلد بازی کریں گے یا کم وقت میں بہت کچھ حاصل کرنا چاہیں گے تو ان دنوں حادثات کا اندیشہ بھی ہے محتاط انداز اختیار کریں

سیارہ پلوٹو پانچویں گھر میں حرکت پذیر ہے۔ اس گھر کا تعلق اولاد، بچوں اور بچوں کے کیریئر زائد آمدن اور انعامی سکیموں سے ہے۔ نصف مارچ سے پہلے ان معاملات میں خوش کن خبریں ملیں گی۔ جب کہ 17 مارچ سے 22 اگست تک ان معاملات میں محتاط انداز اختیار کرنا ضروری ہوگا۔ کچھ افراد کے لئے 22 اگست کے بعد رومانی زندگی کا آغاز لائے گا اور بعض افراد کو دفتر میں زائد تخلیقی کام کرنے کے مواقع فراہم کرے گا۔ جو اس امر کے لئے اور تعلیمی یا پبلشنگ کام یا شادی نسبت کے لئے خواہاں ہیں ان کو کامیابی حاصل ہوگی۔

آپ کے خانہ مال کا حاکم سیارہ عطارد 14 اگست سے یکم ستمبر تک خانہ مال میں رہے گا۔ اس کے اثرات آپ کے آمدن میں اضافہ کا باعث بنیں گے۔ لہٰذا اپنی مالی حالت بہتر بنانے کے لئے بھرپور کوشش کریں تو کامیابی ہوگی۔

سیارہ زہرہ 4 جنوری سے 2 فروری تک شرفی برج میں حرکت پذیر رہے گا۔ اس گھر کا تعلق دوسرے لوگوں سے روپیہ یا ترکہ اور میراث وغیرہ اور بنک سے قرض حاصل کرنے کے متعلق ہے۔ لہٰذا ان معاملات میں کوشش کر کے کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر بنک سے قرض لینے کے خواہاں ہیں تو یہ وقت نہایت مناسب ثابت ہوگا کوشش کر کے اپنا مقصد پالیں گے۔

آپ کا حاکم سیارہ شمس 20 مارچ سے 19 اپریل تک اپنے شرفی برج حمل میں قیام پذیر رہے گا۔ یہ آپ کے زائچے کا نواں گھر ہے۔ اس کا تعلق سفر، قانون، حج و زیارات اور بیرون ملک سفر سے ہے۔ اگر آپ اس میں دلچسپی رکھتے ہیں تو مناسب اقدامات کر کے مقصد حاصل کر سکتے ہیں۔

سیارہ مشتری آپ کے گیارھویں گھر میں حرکت پذیر ہے۔ اس گھر کا تعلق امیدوں، دوستوں، خواہشوں اور توقعات سے ہے۔ مشتری کی یہاں موجودگی ان معاملات میں مددگار ثابت ہوگی۔ سوشل زندگی میں وسعت لائے گی اور ساتھ ہی ساتھ اجتماعی سرگرمیاں میں بھی وسعت پیدا ہوگی اور انہی کے ذریعے کیریئر یا ذاتی مقاصد میں یا دونوں میں کامیابی حاصل کرنے کے بہترین مواقع حاصل ہونگے۔ نئی دلچسپیوں کا آغاز و نئے منصوبوں اور نئے کاموں میں پرجوش طریقے سے حصہ لینا بے حد فائدہ مند ثابت ہوگا کیونکہ انہی سے آپ کے لئے زندگی کی نئی راہیں کھلیں گی یا ایسے لوگوں سے ملنے کا موقع ملے گا جو مدد دے سکتے ہیں۔ خیالات کے اظہار کی فطری صلاحیت بھی اضافی آمدنی کا ذریعہ ثابت ہوگی۔ اگر نصف جولائی تک ان منصوبوں پر عمل نہیں کیا گیا جو آپ کے ذہن میں تھے اب یہ وقت ان پر عمل کرنے کے لئے بے حد موافق ہے۔ آپ دوسروں سے ملنے کی ہر ممکن کوشش کریں تاکہ مشتری کے مواقع، وسعت اور کامیابی جیسے بہترین اصولوں کے مطابق اپنے آپ کو تیار کر سکیں۔

| برج : سنبلہ | VIRGO | سیارہ : عطارد |
|---|---|---|
| دن : بدھ | عدد : 5 | ۲۳ اگست تا ۲۳ ستمبر — حروف : پ۔غ |



رنگ : گہرا زرد، نیلا
عنصر : خاکی
جواہر : کرسیڈ کے ذرد، عقیق، فیروزہ
بہترین شریک حیات : جدی، ثور
ناموافق ساتھی : قوس، حوت، جوزا
بیماریاں - معدہ، جگر، آنتوں کی بیماریاں، السر، بدن کی تکلیف

## سیارگان کی کاسمک شعاعوں کے اہل سنبلہ پر اثرات!

سنبلہ والوں کو جن مختلف حالات سے واسطہ پڑے گا۔ ان سے نئی معلومات حاصل ہونگی۔ 21 اپریل سیارہ زحل خانہ نہم میں رہے گا جس کا تعلق بیرون ملک سفر سے ہے۔ وہ لوگ جن کا کاروباری تعلق غیر ممالک سے ہے یا امپورٹ ایکسپورٹ کا کام کرتے ہیں ان کو کاروبار میں التوا اور رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ غیر ممالک کے کاروبار میں مایوسی اور ناامیدی پیدا ہوگی روپیہ رک جائے گا اور اس نظریے کو رکھ کر کاروبار کیا جائے کہ فوری منافع کی اس میں توقع نہیں غیر ممالک کی کاروباری سرگرمیوں میں مسلسل کام اور صبر کی ضرورت ہوگی۔ جو لوگ

اپنے مقام پر ہی کام کریں گے ان کو فائدہ ہوگا۔ 21 اپریل تک لمبے سفر اطمینان بخش ثابت نہ ہوں گے نہ ہی غیر ممالک میں رہنا اطمینان بخش ثابت ہوگا۔ بلکہ غیر ممالک میں جا کر ایسی رکاوٹیں اور پریشانیاں آئیں گی جن سے واپسی کے سوا چارہ نہ ہوگا۔ 21 اپریل کے بعد زحل برج جوزا میں آجائے گا جو آپ کے زائچے کا دسواں گھر ہے جس کا تعلق بیت العزت اور کیریئر سے ہے ان لوگوں کو کاروباری منصوبوں کو آگے بڑھانا آسان نہ ہوگا۔ ترقی اور مرتبہ میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔ لہٰذا صبر و تحمل کی ضرورت ہوگی۔ یہ سال کاروباری بنیادیں مضبوط کرنے یا وسعت دینے کیلئے بہتر ہے اس سال ان لوگوں کی ترقی کا امکان بھی کم ہے۔ بڑی عمر کے افراد (والدین) کی زحل اندازی سے بھی کاروبار متاثر ہوگا یا خاندان کی صحت کی خرابی کام سے توجہ ہٹا دے اس سال اپنی عزت کام اور مرتبے کی خاص حفاظت کرنا چاہیے۔

کاروباری شرکاء سے تعاون نہ ملے گا اور بڑی عمر کے افراد بھی سردردی کا باعث بنیں گے۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ آپ کی کاروباری ترقی منصوبوں پر عمل درآمد اور ذاتی آزادی میں رکاوٹیں اور مشکلات پیدا ہونگی۔ جس سے فکر و پریشانی لاحق ہوگی۔ زحل کی نحوست سے محفوظ رہنے کیلئے سورۃ نحل کی آیت نمبر 12 230 مرتبہ پڑھ کر جبکہ سورۃ نجم کی آیت نمبر 48 کو 300 مرتبہ بعد از نماز فجر پڑھ کر اپنے لئے دعا کرلیا کریں۔ بصورت دیگر اپنے برج اور زحل کا طلسم بنوا کر اپنے پاس رکھیں۔

خوش قسمتی کا سیارہ مشتری اس سال خانہ دہم میں جو عزت و وقار کا گھر ہے میں 12 جولائی تک حرکت پذیر رہے گا۔ آپ کا حاکم سیارہ عطارد بھی 6 مئی سے لے کر 12 جولائی تک اس گھر میں رہے گا۔ اس وقت گورنمنٹ میں مقتدر لوگوں میں عزت بڑھے گی۔ ترقی کے امکانات روشن ہونگے۔ تاہم 4 جون سے 27 جون تک سیارہ عطارد رجعت میں رہے گا۔ جس کے اثرات آپ کی تحریرات میں غلطیاں لائیں گے۔ لہٰذا خط و کتابت کرتے وقت نہایت محتاط انداز اختیار کرنا ضروری ہوگا۔ عطارد کی رجعت کے دوران کسی قسم کے معاہدے پر ہرگز دستخط نہ کریں۔ اس دوران عطارد اور مشتری مئی میں پلوٹو سے نظر مقابلہ کی حالت میں ہونگے۔ چونکہ سیارہ پلوٹو کا اثر خاندان اور گھر پر ہے لہٰذا اس کے معاملات اسی طرح برقرار رہیں گے۔ بعض اوقات کام یا کاروبار کی وجہ سے ان میں خلل پیدا ہوجائے گا لیکن یہ سنگین نوعیت کے نہ ہونگے۔ اہل سنبلہ کو اپنے نوجوان بچوں کی حفاظت بھی کرنی چاہیے ان کے مسائل کا سامنا کرنے کیلئے تیار رہنا چاہیے۔ یہ سال اس لحاظ سے اہم ہوگا کہ یہ اس سمت میں لگاؤ دے گا جو آنے والے سالوں میں کامیابی کا باعث بنے گا۔

سیارہ پلوٹو آپ کے چوتھے گھر میں حرکت پذیر ہے جس کا تعلق جائیداد اور والدین بالخصوص ماں سے ہوتا ہے۔ چونکہ سیارہ پلوٹو 17 مارچ سے 22 اگست تک رجعت میں رہے گا لہٰذا مذکورہ معاملات میں نہایت محتاط انداز اختیار کرنا چاہیے بلکہ اس دوران جائیداد کی خرید و فروخت نہ کرنا بہتر ہوگی اور والدین کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔

آپ کے حاکم سیارہ عطارد کو 3 بار رجعت ہوگی۔ یہ سیارہ رسل و رسائل خط و کتابت اور سفروں سے بھی تعلق ہے لیکن جب یہ رجعت میں ہوتا ہے تو تحریرات میں غلطیاں اور دوسرے لوگوں کے ساتھ غلط فہمیاں پیدا کرتا ہے ڈاک میں خرابی واقع ہوتی ہے۔ اسی لئے جب یہ رجعت میں ہو تو اپنے تمام نجی اور کاروباری اہم کاموں کو روک دینا چاہیے۔ یہ اوقات 4 فروری سے 24 فروری تک پھر 4 جون سے 27 جون تک اور 2 اکتوبر سے 22 اکتوبر تک کے ہیں۔ اگر آپ نے عطارد کی اس نحوست کا خیال رکھا تو سال کا زیادہ حصہ آپ کے حالات کو پرسکون بنا دے گا۔

سیارہ مشتری 13 جولائی سے سال کے آخر تک دوستی اور امیدوں کے گھر میں ہوگا۔ اس دوران بارسوخ اور اہم دوست زندگی میں لائے گا اور ان سے موافقت بھی دلائے گا اکثر امیدیں پوری کرے گا زندگی میں جو نئے دوست داخل ہونگے وہ کسی خاص مقصد کو (جس کیلئے کچھ عرصے سے کام کررہے ہیں) آگے بڑھانے میں مدد دیں گے اور آپ پر سرگرم اثر ڈالیں گے۔

سال کے آخری 4 مہینوں میں کواکب اکثر سنبلہ والوں کیلئے اہم نکتہ انقلاب کی نشاندہی کررہے ہیں۔ سیارہ مشتری اکتوبر کے تیسرے ہفتے میں نکتہ شرف سے گزرے گا۔ جبکہ 14 جولائی سے سیارہ مشتری شرفی برج میں ایک سال کا عرصہ گزارے گا۔ یہ آپ کی زندگی کا سنہری دور ہوگا۔ مشتری بارہ سال بعد شرفی برج میں آیا ہے لہٰذا آپ اس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس کی لوح شرف بنوا کر اپنے پاس رکھیں۔ اس کے سعد اثرات سے آپ آنے والے بارہ سالوں تک مستفید ہوتے رہیں گے اور مالی پوزیشن بھی مستحکم ہوتی جائے گی کیونکہ سیارہ مشتری دولت سے منسوب ہے۔ شادی کے خواہاں افراد نسبت و شادی کے سلسلے

میں 4 جنوری سے 2 فروری تک اور پھر 21 ستمبر سے 14 اکتوبر تک مناسب اقدامات کریں تو خاطر خواہ کامیابی ہوگی۔

سیارہ مریخ آپ کے زائچے میں 8 ستمبر سے 27 اکتوبر تک شرفی برج میں رہے گا جو آپ کے زائچے کا پانچواں گھر ہے۔اس گھر کا تعلق اولاد، بچوں، زائد آمدن اور انعامی سکیموں سے ہے ان معاملات میں مریخ کے اثرات ثمر آور ثابت ہونگے بے اولاد حضرات کو مناسب اقدامات کرنے سے اولاد کی خوشی حاصل ہوسکتی ہے۔

سیارہ یورینس برج دلو میں ہوگا جو آپ کا چھٹا گھر ہے لہٰذا کچھ تبدیلیاں آنے کا امکان ہے۔یہ گھر ملازمت کے ماحول، ساتھ کام کرنے والوں سے تعلقات، صحت کے معاملات اور ان کی خدمات سے متعلق ہے جو آپ دوسروں کیلئے انجام دیتے ہیں۔یورینس تبدیلیاں اور نئے آغاز لانے والا ستارہ ہے۔لہٰذا اس بات کو تقویت ملتی ہے کہ آپ ایسا نیا کام تلاش کریں گے جس کیلئے موجودہ ملازمت یا کام کی نسبت زیادہ موزوں ہونگے تاہم یہ ایک رات میں نہ ہوجائے گا۔یورینس آئندہ کئی سالوں تک اس گھر میں رہے گا۔ان سالوں میں آپ کے ملازمین بھی بدل جائیں گے اور کارگزاری بھی بدل جائے گی۔سیارہ یورینس 29 مئی سے 30 اکتوبر تک رجعت میں رہے گا لہٰذا اس دوران اپنے فرائض کی انجام دہی نہایت محتاط انداز میں کریں۔

برج : میزان — **LIBRA** — سیارہ : زہرہ

دن : جمعہ — عدد : ۶ — ۲۳ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر [illegible]



رنگ : ——— نیلا، زردی مائل سبز، سفید
عنصر : ——— ہوا
جواہر : ——— ہیرا، اوپل
بہترین شریک حیات : ——— دلو، جوزا
ناموافق ساتھی : ——— جدی، حمل، سرطان

بیماریاں : نزلہ، زکام، سر درد، گردوں کا درد، آنکھوں کی بیماریاں

## [illegible] کی کاسمک معلومات [illegible] میزان [illegible]

۲۰۰۱ء کا سال اہل میزان کیلئے خاص اہمیت کا حامل ہوگا کیونکہ جملہ کواکب آپ کے طالع برج میزان کی موافقت میں ہوں گے اور آپ کے جملہ امور میں مددگار اور ثمر آور ثابت ہوں گے۔آپ کا حاکم سیارہ زہرہ شروع سال سے ۲ فروری تک شرفی برج میں ہوگا اس گھر کا تعلق ملازمت ساتھ کام کرنے والوں اور صحت سے ہے۔اس لئے ان معاملات میں زہرہ کے اثرات آپ کے لئے مفید ثابت ہوں گے۔کاروبار کے سلسلے میں زیادہ لوگ آپ کی طرف رجوع کریں گے اور ساتھ کام کرنے والوں سے تعلقات خوشگوار رہیں گے۔صحت بھی بہتر رہے گی۔

سیارہ مریخ جو آپ کے خانہ مال کا حاکم ہے وہ 14 فروری تک خانہ مال میں رہے گا۔لہٰذا مالی حالت میں بہتری آئے گی بلکہ یہ بھی ممکن ہے کہ روپیہ تیزی سے آئے اور تیزی سے خرچ بھی ہوجائے۔اس وقت کیریئر کے معاملات میں بھی بہتری کی نشاندہی ہورہی ہے اگر ان معاملات میں اہم نوعیت کی تبدیلیاں لانے کے متعلق غور کررہے ہیں تو حوصلہ افزا حالات سے واسطہ پڑے گا۔میسر آنے والے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں۔

اس کے بعد سیارہ مریخ 15 فروری سے 7 ستمبر تک تیسرے گھر میں رہے گا جہاں سیارہ پلوٹو پہلے سے موجود ہے۔اس گھر کا تعلق بہن بھائیوں اور قریبی تعلق رکھنے والے افراد، تعلیم اور چھوٹے سفروں سے ہے۔ان معاملات میں غیر معمولی اور طاقتور اثر پڑے گا۔اس دوران گھر میں خاصی گرماگرمی اور جوش نظر آئے گا۔روزمرہ کی سرگرمیوں میں بھی تیزی آجائے گی۔تاہم سفر، خط وکتابت یا لوگوں سے میل جول کی وجہ سے آپ کے حوصلے بلند ہوں گے۔

رشتہ داروں یا پڑوسیوں سے متعلق معمولی نوعیت کے مسائل کا سامنا کرنے کیلئے تیار رہیں۔سیارہ پلوٹو کا اصول ہے جو تعلقات ناسور بن جائیں انہیں کاٹ کر الگ کردیتا ہے اور نئی سمت میں لگا رہتا ہے جو بہتر اور مفید ثابت ہوتی ہے۔ سیارہ پلوٹو 17 مارچ سے 22 اگست تک حالت رجعت میں رہے گا اس کی رجعت کھچاؤ پیدا کرتی ہے ایسی مجبوریاں لاتی ہے جو نقصان دہ ہوں اور ہر امر میں مشکل پیدا کردیتی ہے۔بعض مکار اور دھوکہ باز قسم کے لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے لہٰذا اس کی رجعت کے دوران نہایت محتاط انداز اختیار کرنا چاہیے۔آپ کا حاکم زہرہ یکم اگست سے 26 اگست تک عزووقار اور کیریئر کے گھر میں ہوگا جہاں خوش بختی کا سیارہ مشتری پہلے سے موجود ہے جو آخر سال تک اسی گھر میں رہے گا۔سیارہ مشتری کو اس گھر میں شرف حاصل ہوتا ہے کیونکہ سیارہ مشتری 12 سال بعد اس گھر میں آیا ہے یہ عرصہ آپ کیلئے سنہری دور ہوگا عزووقار بلند ہوگا اور لوگوں میں عزت بڑھے گی ترقی کے امکانات روشن ہونگے۔مشتری کی یہاں موجودگی کے دوران سرکاری اور مقتدر لوگوں میں عزت اور ترقی لائے گی۔دینوی اور دنیاوی مرتبے اور حیثیت میں اضافہ کرنے اور ترقی کے امکانات میں اضافہ کرنے کیلئے جو کوشش بھی کریں

گے کامیاب رہیں گی۔ مدد آور اثرات کی وجہ سے آگے بڑھنے کا راستہ ہموار پائیں گے وہ میزانی افراد جو ذاتی کاروبار شروع کرنا چاہ رہے ہیں ان کیلئے یہ وقت کامیابی اور ترقی لائے گا۔ آپ کے مقاصد جو بھی ہیں مشتری آپ کی موافقت میں ہوگا۔ آپ کے معاملات میں وسعت لائے گا ماضی کی کوششوں کا اجر ملے گا اور ترقی کے مواقع باآسانی میسر آئیں گے۔ وہ میزانی افراد جو کیریئر یا کسی تعلیمی کورس کے متعلق تذبذب کا شکار ہیں اب اپنے آپ کو زیادہ پر اعتماد محسوس کرنے لگیں گے ان کے لئے یہ فیصلہ کرنا آسان ہو جائے گا کہ کس سمت میں آگے بڑھنا چاہیے۔


مشتری وسعت لانے والا سیارہ ہے مشتری کی اس گھر میں موجودگی کاروبار میں وسعت لائے گی اور آمدن میں اضافہ پیدا ہوگا۔ اس خوش قسمت وقت کے دوران دلچسپیوں کو وسعت دینے نئے خیالات کی تلاش اور نئے تجربات کے زائد مواقع میسر آئیں گے۔ کاروباری افراد کیلئے یہ وقت ترقی کے مواقع لائے گا۔ خواہ نیا کام شروع کرنے کا ارادہ ہو خواہ موجودہ کام اور دلچسپیوں کو وسعت دے رہے ہوں قسمت آپ کا ساتھ دے گی چنانچہ مقاصد کے حصول کیلئے زیادہ مہم جوئی اختیار کرتے ہوئے نہ گھبرائیں۔ دوسروں سے رابطے اور گفت وشنید کے ذریعے بھی ذہن کو وسعت ملے گی اور وہ افراد جو روحانی علوم حاصل کرنا چاہتے ہیں انہیں اس وقت ایسے لوگوں سے ملنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اس گھر میں مشتری کی موجودگی مالی لحاظ سے خوش قسمت ثابت ہوگی یا آمدنی میں اضافے کا موقع ملے گا۔ سیارہ مشتری 2 نومبر سے سال کے آخر تک رجعت میں رہے گا لہٰذا یہ وقت احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ سیارہ مشتری کی اس گھر میں موجودگی صرف اپنے ہی نہیں بلکہ دوسروں کے حالات اور زندگی کو بہتر بنانے کی خواہش پیدا کرے گی۔ آپ انجانے ہی میں دوسروں کو بلاواسطہ فائدہ پہنچائیں گے۔

سیارہ زہرہ 15 اکتوبر سے 7 نومبر تک آپ کے طالع برج میزان میں رہے گا۔ اس دوران آپ کی شخصیت کو پر وقار بنا دے گا اور لوگ اپنے مقاصد کے سلسلے میں آپ سے رجوع کریں گے۔ جو آپ کیلئے مالی لحاظ سے فائدہ پہنچانے کا باعث ہوں گے۔ 8 نومبر سے 2 دسمبر تک آپ کا حاکم سیارہ زہرہ خانہ مال میں ہوگا۔ سیارہ زحل 21 اپریل تک آٹھویں گھر میں رہے گا لہٰذا اس دوران شریک کار کے روپیہ مشترکہ آمدنی، اخراجات کاروبار یا شریک حیات کے مشترکہ فنڈ پر اس کا اثر پڑے گا۔ اہل میزان میں روحانیت میں زیادہ دلچسپی پائی جاتی ہے اس وقت روحانی علوم میں خاص دلچسپی لیں گے تاہم دنیاوی معاملات میں ان کا وقت زیادہ گزرتا ہے کیونکہ ان کی توجہ کا مرکز پیسہ، جاہ طلبی، عزت وترقی ہوتا ہے۔ ان کو چاہیے کہ روحانی طاقت میں ترقی کرکے اپنی بہتری کیلئے کام کریں۔

سیارہ یورینس پانچویں گھر میں ہے۔ طالع کے ساتھ اس کی سعد نظر ہوگی لہٰذا زندگی میں محبت اور رومان کے جذبات میں نیا جوش پیدا ہوگا۔ اگر غیر شادی شدہ ہیں تو نئے افراد سے ملنے کے مواقع ملیں گے اور شادی ہو جائے گی۔ تاہم یاد رکھیں کہ یورینس سعد نظریات کے تحت بھی استحکام کو پیدا نہیں کرتا۔ اس کا غیر معمولی اثر تبدیلی جوش اور غیر متوقع بہتری لاتا ہے۔ اس کے دور میں اولاد کا کیریئر بنتا ہے۔ سیارہ نیپچون بھی ان کے پانچویں گھر میں چل رہا ہے لہٰذا رومان کے واقعات نظر فریب ہونگے بعض لوگ محبت کے ذریعے باآسانی دھوکہ میں آجائیں گے لہٰذا محتاط رہیں تاکہ کسی بھی دھوکہ یا فریب سے محفوظ رہ سکیں۔ سیارہ زہرہ 3 فروری سے 5 جون تک نسبت وشادی کے گھر میں ہوگا۔ یہ عرصہ نسبت و شادی کرنے کیلئے زیادہ موافق ثابت ہوگا۔ تاہم 9 مارچ سے 19 اپریل تک یہ سیارہ رجعت میں ہوگا لہٰذا اس وقت کا انتخاب نہ کریں کیونکہ اس وقت ان کاموں کے کرنے سے نہ فائدہ ہوگا نہ خوشی۔

برج: عقرب **SCORPIO** سیارہ: مریخ

دن: منگل عدد: 9 ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر حروف: ن-ل-ع-ی



رنگ: ---------- نیلا، سرخ
عنصر: ---------- آگ
جواہر: ---------- مرجان، عقیق، موتی
بہترین شریک حیات: حوت، سرطان
ناموافق ساتھی: ---------- دلو، ثور، اسد
بیماریاں: ---------- سر، حلق، ناک کی ہڈیاں، فتق، نزلہ، معدہ

## سیارگان کی کاسمک شعاعوں کے اہل عقرب پر اثرات

آپ کا حاکم سیارہ پلوٹو ہے جو گزشتہ سالوں سے برج قوس آپ کے خانہ مال میں حرکت پذیر ہے۔ جب بھی یہ رجعت کی حالت میں ہوتا ہے تو مالی بحران پیدا کرتا ہے آمدن میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے اور ہر امر کو مشکل بنا دیتا ہے۔ سال ۲۰۰۱ء میں 17 مارچ سے 22 اگست ۲۰۰۱ء تک رجعت میں رہے گا اور مالی دشواریاں پیدا کرے گا لہٰذا بہت زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔ مزید برآں آپ کے خانہ مال کا حاکم سیارہ مشتری 12 جولائی تک پلوٹو کے بالمقابل رہے گا جس کے اثرات سے مالی معاملات میں نشیب وفراز کا سامنا کرنا پڑے گا۔

آپ کا ذیلی حاکم سیارہ مریخ ۱۴ فروری تک آپ کے طالع برج عقرب میں رہے گا۔ اس عرصہ میں ترقیاتی کاموں اور ذاتی امیدوں کو کامیاب بنانے کے اقدامات کرنے چاہئیں اس عرصہ کی تبدیلیاں اہم ہوں گی۔ جو زندگی بنادیں گی تاہم الیکٹرک اور مشینوں کے حادثات سے احتیاط کی ضرورت بھی ہوگی۔ 15 فروری سے 7 ستمبر تک سیارہ مریخ آپ کے خانہ مال میں پلوٹو کے ہمراہ رہے گا یہاں اس کی موجودگی سے روپیہ تیزی سے آئے گا اور تیزی سے خرچ ہو جائے گا۔ اس کے بعد سیارہ مریخ برج جدی میں جو آپ کے زائچہ کا تیسرا گھر ہے میں ۸ ستمبر سے ۲۷ اکتوبر تک رہے گا۔ اس گھر میں مریخ کو شرف حاصل ہوتا ہے۔ اکتوبر کے چوتھے ہفتے میں شرفی درجات سے گزرے گا۔ اس دوران اس کے اثرات باقوت ہوں گے۔ کاروبار میں وسعت آنے گی جبکہ ملازم پیشہ حضرات کو ترقی کے مواقع میسر آئیں گے۔ اس دوران لوح شرف مریخ بنوا کر پاس رکھنا بہت مفید ثابت ہوگا اور مالی پوزیشن مستحکم ہوگی خوشحالی نصیب ہوگی۔ چھوٹے سفر نفع بخش ہوں گے۔ سیارہ مریخ چونکہ مردانگی، طاقت اور قوت عمل کا مظہر ہے اور جنگجو عانہ اقدامات سے اس کا گہرا تعلق ہے اس لیے چونکہ اس کی آپ کے طالع برج عقرب سے سعد نظر ہوگی لہٰذا آپ کی قوتوں کو مثبت انداز میں استعمال کرنے میں مدد دے گا۔ آپ زیادہ محترک طاقت ور اور با اثر ہو جائیں گے۔ سیارہ مریخ ۱۱ مئی سے 19 جولائی تک رجعت میں رہے گا۔ اس کی رجعت بہادری حوصلہ اور مہمات کے کاموں کیلئے نحس ہے۔ بدنی قوت کو کم کرتی ہے کم حوصلگی پیدا کرتی ہے۔ غصہ بہت آتا ہے حادثات کے اندیشے لاتی ہے اور جھگڑالو بناتی ہے۔

علاوہ ازیں یہ سیارہ شرفی برج جدی میں زائچہ کے تیسرے گھر 8 ستمبر سے 27 اکتوبر تک رہے گا۔ تیسرے گھر کا تعلق تعلیم، بہن و بھائیوں اور قریبی رشتے داروں ہمسائیوں اور اندرون ملک سفر سے ہوتا ہے۔ اس لئے اس دوران آپ کی تعلیمی کارکردگی یا جو افراد کوئی کورس یا ٹریننگ کر رہے ہیں انہیں خاطر خواہ کامیابی ہوگی۔ عزیز و اقارب سے بھی تعلقات حوصلہ افزا اور خوشگوار رہیں گے اور جو ناراض ہیں وہ بھی صلح پر آمادہ ہو جائیں گے۔ ہمسائیوں سے تعلقات اچھے رہیں گے اور جو سفر اختیار کریں گے اس کے حوصلہ افزا نتائج برآمد ہوں گے۔ سیارہ زحل تقریباً عرصہ دو سال سے طالع کے خلاف کام کر رہا ہے چونکہ یہ آپ کے زائچہ کا ساتواں گھر ہے اس کا تعلق شریک کار، شریک حیات اور قریبی تعلقات رکھنے والے لوگوں پر اس کا اثر لازمی پڑا ہوگا۔ کاروباری شراکت اور شریک زندگی کے حالات اہمیت کے حامل ہوں گے۔ بعض لوگوں کی شادی ہو چکی ہوگی اور بعض کی ہو جائے گی یا کاروباری شراکت کے مواقع ملیں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ مقابلے یا مخالفت کے نظریات کے تحت تعلقات میں لو اور دو کے اصول کی ضرورت محسوس ہوتی ہے زحل طالع کے مخالف ہو تو مخالفت اور کھینچا تانی سے واسطہ پڑتا ہے۔ یہ مخالفت شریک کار سے بھی ہو سکتی ہے اور شریک زندگی سے بھی۔ ساتویں گھر کا تعلق اس رویے سے بھی ہے جس سے دوسرے آپ کے ساتھ پیش آتے ہیں اس گھر میں زحل کی موجودگی سے امیدیں پوری نہ ہوں گی۔ شادی، مادی معاملات اور کیریئر کی ترقی پر برا اثر پڑے گا۔ درحقیقت زحل وہی کچھ لاتا ہے جس کے ہم مستحق ہوتے ہیں۔ زحل کے مقابلے کی وجہ سے جو اثر ملے گا خواہ موافق ہو یا مخالف وہ دوسروں کے ذریعے سے ملے گا۔ اگر کسی سے تعلقات میں خرابی واقع ہو تو صبر و تحمل سے کام لیں۔ ساتویں گھر کا تعلق ان تمام لوگوں سے ہوتا ہے جن سے آپ کا قریبی تعلق ہوگا لہٰذا دوسروں سے معاونت حاصل کرنا آسان بات نہ ہوگی۔ مختلف لوگوں سے مختلف وجوہات کی بنا پر تعلقات قائم رکھنے پڑیں گے۔ یہ وجوہات ذاتی بھی ہو سکتی ہیں اور کاروباری بھی۔ سیارہ زحل اس گھر میں 21 اپریل ۲۰۰۱ء تک رہے گا اور شروع سال 14 فروری تک سیارہ مریخ اس کے بالمقابل ہوگا یہ عرصہ بہت احتیاط طلب ہوگا۔ اس عرصے میں کاروباری شراکت بھی ختم ہو سکتی ہے یا اگر آپ ملازمت کرتے ہیں تو اس سے بھی فراغت ہو سکتی ہے لہٰذا اپنے جملہ امور نہایت محنت اور دیانت داری سے انجام دیں تاکہ کسی شدید قسم کی پریشانی سے دوچار نہ ہونا پڑے۔ سیارہ زہرہ ۴ جنوری سے ۲ فروری تک آپ کے زائچہ کے پانچویں گھر میں ہوگا۔ اس گھر میں زہرہ کو شرف حاصل ہوتا ہے لہٰذا یہ وقت شادی کرانے میں کامیابی اور خوشی دے گا اور شادی مبارک اور مسرت آمیز ثابت ہوگی۔ خصوصاً عورتوں کی شادی یا نسبت خوش بختی لائے گی اور مالی لحاظ سے بھی خوش قسمت ثابت ہوگی۔ مرد و عورت دونوں ایک دوسرے کیلئے خوش بخت ثابت ہوں گے۔ مزید سیارہ زہرہ 6 جون سے 5 جولائی تک آپ کے زائچے کے بیت الزوج اور نسبت و شادی کے گھر میں رہے گا۔ یہ عرصہ نسبت و شادی کیلئے نیک و مبارک ہوگا لہٰذا اس عرصہ میں نسبت و شادی طے کرنے کیلئے کوشش کریں۔

سیارہ یورینس آپ کے زائچے کے چوتھے گھر میں حرکت پذیر ہے۔ اس گھر کا تعلق گھر، گھریلو زندگی، جائیداد اور والدین خصوصاً ماں سے ہے۔ یورینس کے اثرات ان معاملات میں غیر متوقع اور اچانک تبدیلیاں لائیں گے۔ ہو سکتا ہے

آپ کو اپنی رہائش یا دفتر کی تبدیلی لانا پڑے۔ خواہ یہ تبدیلی اپنی مرضی سے ہو یا کسی مجبوری کے تحت لانی پڑے بہرحال تبدیلیاں لازمی آئیں گی۔ یہ سیارہ گھر اور خاندان پر بھی اثر ڈالے گا۔ خاندانی معاملات میں بھی غیر مطمئن صورت حال پیدا ہوگی لہٰذا دوراندیشی اور دانشمندی سے کام لیں۔ سیارہ یورینس 29 مئی سے 30 اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔ اس دوران غیر متوقع واقعات لائے گا۔ حالات جیسے بھی ہوں ان میں اضافہ کردینا اس کا اصول ہے۔ سیارہ نیپچون بھی گھر اور خاندان پہ اثر ڈالے گا۔ یہ سیارہ ذہن کو کنٹرول کرتا ہے اور روحانیت بھی اجاگر کرتا ہے۔ اس کی اس گھر میں موجودگی سے عقل حقرب زیادہ تیز فہم ہو جاتے ہیں۔ خفیہ علوم اور بہت پرانی اور بالکل نئی چیزوں میں بہت زیادہ دلچسپی لینے لگتے ہیں چونکہ سیارہ مشتری 12 جولائی [illegible] تک نیپچون سے سعد ترین نظر رکھے گا۔ اس لئے انکی خیالات اور معاملات سے مالی فائدہ بھی ہوگا جبکہ تعلیم و تدریس سے وابستہ لوگوں کو نیک خیالات ملیں گے۔ آرٹسٹ حضرات کو بھی مالی فائدہ ہوگا۔ نیپچون 10 مئی سے 17 اکتوبر تک رجعت میں رہے گا ور ہیں۔

## برج قوس — SAGITARIUS — سیارہ مشتری

[illegible]



رنگ : —— سفید، سبز

عنصر : —— آتشی

جواہر : —— فیروزہ، عقیق

بہترین شریک حیات : حمل، اسد

ناموافق ساتھی : —— ثور، جوزا، سنبلہ

بیماریاں : عرق النساء، معدہ کی جلن، پاخانے کی ورائیں

[illegible]

آپ کا حاکم سیارہ مشتری برج جوزا میں یعنی طالع کے مقابل شریک کار شریک حیات کے گھر پر ہوگا لہٰذا شروع سال سے 12 جولائی تک مالی معاملات پر گھریلو یا شراکت کی سرگرمیاں بہت زیادہ اثر انداز ہوں گی۔ اس سال دوسروں کے تعاون سے کام کرنا مناسب ہوگا اس لئے کہ روپیہ آپ کو دوسروں کی ہی وجہ سے ملے گا۔ شریک کار پر بھی مشتری کا اثر ہوگا جہاں بھی مشترکہ طور پر روپیہ لگائیں گے تو وہاں سے غیر معمولی نفع حاصل ہوگا۔ چونکہ یہی گھر شریک حیات کا بھی ہے اس لئے جن لوگوں کی شادیاں ہوں گی ان کو بھی مالی فائدہ پہنچے گا اور شریک حیات بھی خوش قسمت ہوگا مشترکہ مالی منصوبوں یعنی شریک کار کے ذریعے سے آمدن، شادی شدہ زندگی سے ہونے والی آمدن کیلئے یہ عرصہ بے حد موافق ہے۔

اس وقت آنے والے وقتوں کیلئے بچت کرنا بھی آسان ہوگا۔ جن لوگوں کا روپیہ کا ہوا ہے وہ بھی مل جائے گا لیکن ذاتی آمدن اور ذاتی کاروبار کے لحاظ سے یہ عرصہ نازک قسم کے حالات لائے گا۔ اخراجات بہت ہوں گے جن کی وجہ سے مالی معاملات اور پیشہ ورانہ سرگرمیوں میں رکاوٹ واقع ہوگی۔ جس قدر ممکن ہو سکے بچت کی کوشش کریں۔ دوستوں کے مشوروں اور منصوبوں پر عمل کرنے سے قبل اچھی طرح سوچ لیں۔ دوست اور بڑی عمر کے افراد بھی غیر ضروری مالی بوجھ کا باعث بن سکتے ہیں۔ ان لوگوں کو اگرچہ دوسروں کو مالی مدد دینا پڑے گی مگر دوستوں کے متعلق کسی ذمہ داری کو قبول نہ کریں۔ مشتری کے جب زہرہ سے سعد تعلقات ہوں گے تو کاروبار میں روپیہ لگانا یا مالی مفادات کیلئے کوشش کرنا مفید ہوگا۔ 6 مئی اور اردگرد کے ایام نحس اثرات مرتب کریں گے۔ ان اوقات میں کسی قسم کا خرچ کرنا یا روپیہ لگانا نقصان دہ ہے گا۔ 13 جولائی کو مشتری شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں چلا جائے گا جہاں وہ سال کے آخر تک رہے گا۔ یہ وقت تمام قوسی افراد کیلئے بہت اہمیت کا حامل ثابت ہوگا۔ گذشتہ سالوں میں قوسی افراد کی شادی شدہ زندگی عدم استحکام کا شکار رہی ہوگی لیکن اب حالات بہتر ہونے لگیں گے۔ مادی بہتری کے ساتھ ساتھ جذباتی سکون بھی ملے گا مشتری چونکہ سال کے آخر تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ یہ گھر تبدیلیوں اور روپیہ کمانے کا ہے۔ زندگی کے نئے طریقے اپنانے اور دوسروں کے ذریعہ روپیہ کمانے کا ہے۔ اب ایسی حالت ہوگی جس میں سرمایہ کیلئے سکیم تیار کی جا سکے گی اور اپنے سرمایہ کی حفاظت کی جا سکے گی۔ اس وقت مالی مشکلات کے حل کو تلاش کریں یاد رکھیں کہ روپیہ شراکت سے حاصل ہوگا۔ یہ وقت قریبی افراد کے وسائل پر بھی اثر انداز ہوگا اور ان کی خوش بختی کے ذریعے آپ کو فائدہ ملے گا اگر شادی شدہ ہیں یا کاروباری شراکت میں ملوث ہیں تو شریک کی مالی حالت میں نمایاں بہتری آئے گی۔ اس وقت کاروباری شراکت اختیار کرنا بہت موافق ثابت ہوگا کیونکہ مشتری 12 سال بعد اپنے شرفی برج میں آیا ہے۔ برج سرطان میں 15 درجے پر مشتری عین نقطہ شرف پر ہوتا ہے۔ اس وقت مالی خوش بختی فراخی رزق زائد آمدن غیر متعلقہ روپیہ اور زر و مال کے حصول کیلئے لوح شرف مشتری تیار کی جاتی ہے جو اسباب تونگری اور مالی مفاد لاتی ہے یہ وقت 12 سال بعد آتا ہے جو اس سال اکتوبر کے دوسرے ہفتے میں آئے گا۔ اس سنہرے وقت سے فائدہ اٹھانا آپ پر منحصر ہے۔ 14 جولائی سے آخر سال تک جن افراد کی شادی ہوگی انہیں خوش بختی اور مالی فائدہ ملے گا آٹھویں گھر میں

موجودگی کے دوران مشتری قرضہ جات اور طویل المیعاد سرمایہ کاری سے متعلقہ تمام معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ وہ تمام افراد جنہیں شیئرز میں دلچسپی ہے یا جو جائیداد خریدنا چاہ رہے ہیں ان کیلئے یہ وقت خوش بختی لائے گا۔ مشتری کی لوح شرف بنوانا فائدہ مند ہے۔ آنے والے 12 سالوں میں لوح مشتری کی سعادت سے مستفید ہوتے رہیں گے۔

سیارہ پلوٹو کی طالع میں موجودگی آپ کی زندگی میں رکاوٹیں اور مایوسیاں لاتی رہے گی۔ یہ صورت حال 12 جولائی تک خاص طور پر رہے گی۔ اس کے بعد مشتری کا شرفی برج سرطان میں داخلہ صورت حال میں تبدیلی لائے گا۔ مشتری 13 جولائی ۲۰۰۱ء سے یکم اگست ۲۰۰۲ء تک شرفی برج سرطان میں رہے گا۔ یہ وقت وسعت اور خوش بختی لائے گا۔ یہ بھی ذہن میں رکھیں کہ سیارہ پلوٹو جو آپ کے طالع برج میں ہے 17 مارچ ۲۰۰۱ء سے 22 اگست ۲۰۰۱ء تک رجعت میں رہے گا۔ پلوٹو کی رجعت بگاڑ پیدا کرتی ہے۔ ایسی پیچیدگیاں لاتی ہے جو نقصان دہ ہوں۔ ہر امر میں مشکل پیدا کرتی ہے۔ دغابازی، مکاری اور غداروں جاسوسوں کے حملہ کو لاتی ہے چونکہ اس دوران سیارہ مشتری بھی پلوٹو کے 12 جولائی تک بالمقابل ہوگا اس لئے آپ کو نہایت محتاط انداز اختیار کرنا بے حد ضروری ہوگا۔

سیارہ زحل 21 اپریل تک آپ کے زائچے کے چھٹے گھر میں ہوگا جس کا تعلق کام، خدمت اور صحت سے ہے لیکن ان امور میں تسلی بخش صورت نہ پائی جائے گی یا ایسے کام کرنے پڑیں گے جن کو آپ خوشی سے نہ کریں گے۔ شاید خاندان کے کسی فرد یا ساتھ کام کرنے والے کی فرد کی خدمت کرنا پڑے یا کسی اور کی صحت کے متعلقہ مسائل کا سامنا کرنا پڑے۔ جو بھی صورت حال ہو اسے دانشمندی اور تحمل مزاجی سے برداشت کریں۔ اس کے بعد سیارہ زحل برج جوزا میں پلوٹو کے بالمقابل بقیہ تمام سال رہے گا جبکہ 5 اگست کو عین بالمقابل ہوگا۔ یہ ایام خرابی کا باعث بنیں گے اور کچھ بھی ہو سکتا ہے اگر ملازمت کرتے ہیں تو ملازمت سے سبکدوش کیا جا سکتا ہے۔ اگر کاروبار کر رہے ہیں تو بندش واقع ہو جائے گی آمدن رک جائے گی۔

سیارہ یورینس کا اثر تیسرے گھر پر ہے جو بھائی بہنوں اور چھوٹے سفروں سے متعلق ہے۔ اس سال پڑوسیوں، بھائی بہنوں اور روزمرہ کے میل جول کے افراد کے ساتھ تعلقات کافی حد تک حساس نوعیت کے ہو گئے ذرا ذرا سی بات پر ناراضگی ہو جائے گی بعض اوقات یہ مدد دیں گے اور بعض اوقات تعلقات قطع کر لیں گے لہٰذا یہ ذہن میں رکھیں کہ ان کو سمجھنا ان کے ساتھ آسان نہ ہوگا۔ آپ کا فرض ہے کہ احتیاط سے کام لیا کریں۔ اس سال خط و کتابت اور معاہدات میں بھی خاص احتیاط کی ضرورت ہے۔ وہ بھی ٹوٹ جایا کریں گے۔ تحریرات کے الفاظ سے غلط فہمیوں کا اندیشہ ہے یا ان کے غلط مطلب لئے جائیں گے۔ یہ تمام حالات آپ کے روزمرہ کے معمول اور کاروبار پر شدید اثر ڈالیں گے لہٰذا ایسی غیر متوقع تبدیلیوں کو ہر وقت ذہن میں رکھیں۔

سیارہ نیپچون بھی تیسرے گھر پر قابض ہے جو نقل و حرکت اور خط و کتابت کا ہے۔ جہاں تک سفر کا تعلق ہے اس سال کسی طویل سفر کا امکان نہیں۔ اس سال رشتے داروں میں بھی غلط فہمیاں پیدا ہونے کا امکان ہے۔ تحریرات میں ان دنوں محتاط رہیں۔ سیارہ عطارد بھی یورینس اور نیپچون کے ہمراہ ہوگا یکم فروری تک۔ اس دوران کوئی معاہدہ ہوا تو نقصان اور رنج ہوگا اور وہ قائم نہیں رہے گا۔ احتیاط کر کے امن قائم کریں۔

## برج: جدی CAPRICORN سیارہ: زحل

دن: ہفتہ   عدد: 8   ۲۳ دسمبر تا ۲۰ جنوری   حروف: ج۔ غ۔ گ



رنگ : سرخ، بھورا، خاکی
عنصر : خاکی
جواہر : سفید رنگ سلیمانی یاقوت
بہترین شریک حیات : ثور، سنبلہ
ناموافق ساتھی : حمل، سرطان، میزان
بیماریاں : دانتوں کی بیماریاں، اعصابی تناؤ، سردرد، نظام ہضم

## سیارگان کی کاسمک شعاعوں کے برج جدی پر اثرات

آپ کا حاکم سیارہ زحل سال کے پہلے چار ماہ یعنی 21 اپریل تک آپ کے زائچے کے پانچویں گھر میں رہے گا جو محبت، رومان، تخلیق اور بچوں کے متعلق ہے۔ یہ زائد آمدن کا گھر بھی ہے لہٰذا ان تمام معاملات میں زحل استحکام بھی دے گا اور نحوست بھی لائے گا لہٰذا شروع کے یہ چار ماہ زائد آمدن کے ذرائع کیلئے نامناسب ہیں کیونکہ ان میں نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ اس وقت غیر ضروری اخراجات بچوں کے یا محبوب کے متعلق ہوں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ آپ کا روپیہ گزشتہ دو سالوں میں ان ہی جذباتی تعلقات کی بنا پر خرچ ہوا ہوگا یہ بھی امکان ہے کہ کوئی افلاطونی قسم کا دوست محبوب کی حیثیت اختیار کر لے یا اب تک کر چکا ہوگا مئی سے دو سال کیلئے زحل برج جوزا چھٹے گھر میں چلا جائے گا۔ جس کا تعلق کام،

صحت اور دوسروں سے متعلقہ خدمات سے ہے۔ لہٰذا کام میں ذمہ داریوں کا اضافہ ہوگا یا کسی ساتھ کام کرنے والے یا کسی بیمار کی مدد کرنی پڑے گی۔ اس بات کا بھی امکان ہے کہ اس عرصہ میں کوئی گھریلو معاملہ طے ہوجائے یا کسی بچے کی تعلیم مکمل ہوجائے یا ان کی تخلیقی صلاحیت کو مختلف سمتوں میں استعمال کریں بہر حال منصوبوں پر نظر ثانی کرنا فائدہ دے گا۔

زحل کے اس گھر میں آجانے کی وجہ سے صحت بھی متاثر ہوگی لہٰذا صحت کو بہتر بنانے کی کوشش کرنی چاہیے ورنہ بے احتیاطی آنے والے وقت میں کام پر بھی اثر انداز ہوگی جس سے آمدن پر اثر پڑے گا۔ دوسروں کی صحت کی خرابی بھی معمول میں فرق لائے گی اور آمدن بھی متاثر ہوگی تاہم اس دوران ملازمت کا تبدیل کرنا یا نئی ملازمت تلاش کرنا مشکل نہ ہوگا۔ اگر کام میں یا ملازمت میں تبدیلی کرنا ہو تو یہ وقت مناسب رہے گا چونکہ زحل 27 ستمبر ۲۰۰۱ء سے 7 فروری ۲۰۰۲ء تک رجعت میں رہے گا اس کی رجعت ان معاملات میں رکاوٹیں اور التوا لائے گی لہٰذا نہایت محتاط انداز اختیار کریں۔

5 اگست اور 2 نومبر کو زحل اور پلوٹو نظر مقابلہ پر ہوں گے۔ یہ نحس ترین نظر ہوگی یعنی زحل چھٹے گھر میں ہوگا۔ اس کا تعلق صحت ملازمت ساتھ کام کرنے والوں سے ہوتا ہے جبکہ پلوٹو آپ کے زائچے میں بارھویں گھر میں ہوگا جس کا تعلق خفیہ امور، خفیہ دشمن، سازشوں، حادثات، ہسپتال اور قید و بند سے ہوتا ہے۔ اسی لئے اس نظر مقابلہ کے نحس اثرات کی وجہ سے کچھ بھی ہوسکتا ہے ان معاملات میں بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہوگی بلکہ زحل اور پلوٹو کا طلسم بنوا کر پاس رکھنا مفید ہے تاکہ ناگہانی خطرات سے محفوظ رہ سکیں۔ جبکہ پلوٹو 17 مارچ سے 22 اگست ۲۰۰۱ء تک رجعت میں رہے گا چونکہ ان کی نظر مقابلہ ان کی رجعت کے دوران ہو رہی ہے اس لئے اس کے اثرات شدید نحوست لائیں گے آپ کیلئے لازم ہے کہ اپنے ذاتی معاملات کسی پر ظاہر نہ کریں۔

سیارہ مریخ بھی 15 فروری سے 7 ستمبر تک پلوٹو کے ہمراہ بارہویں گھر میں رہے گا اور زحل کے بالمقابل رہے گا۔ اس دوران نقل و حرکت اور سفر کرتے وقت محتاط رہیں۔ اپنی سواری یعنی گاڑی وغیرہ چلاتے وقت سخت احتیاط کی ضرورت ہوگی تاکہ خدانخواستہ کوئی شدید حادثہ پیش نہ آجائے۔ اس دوران بحث ومباحثہ اور لڑائی جھگڑے سے پرہیز کریں۔ اسی میں عافیت پوشیدہ ہے۔

سیارہ یورینس گذشتہ سالوں سے آپ کے خانہ مال میں حرکت پذیر ہے لہٰذا آمدن کے ذرائع کو بھی متاثر کرتا رہے گا بلکہ آمدن کے طریقوں کو بھی اور روپیہ کو بھی۔ کسی وقت تو کاروبار بہت اچھا ہوگا کسی وقت نقصان بھی دے جائے گا۔ غیر متوقع حالات کا مقابلہ کرنا پڑے گا اور بہت عقل مندی اور ہوشیاری سے چلنا ہوگا۔ اگر روپیہ بے انتہا آیا بھی تو نامعلوم طریقے سے ختم ہوجائے گا۔ وہ افراد جن کی ملازمت نہیں اب کوشش کریں تو ملازمت مل سکے گی۔ جو لوگ ملازمت چھوڑ کر کاروبار کی طرف آئیں گے ان کو حالات کی تبدیلیاں آمدن کے بدلتے ہوئے ذرائع پریشان کردیں گے۔ وہ لوگ جو آرٹ کا کام کرتے ہیں ان کو ترقی ہوگی بلکہ ہر تحقیق کام کرنے والوں کو ترقی و کامیابی ملے گی۔

یورینس کو رجعت 29 مئی سے 30 اکتوبر تک رہے گی لہٰذا آمدن کے وسائل نہ بڑھیں گے نہ آمدن میں فرق پڑے گا۔ 23 جولائی سے 23 اگست تک یورینس اور شمس کا مقابلہ رہے گا اس لئے مالی معاملات کیلئے یہ وقت مشکل ثابت ہوگا۔ سیارہ نیپچون بھی گذشتہ سالوں سے خانہ مال میں چل رہا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ اپنی مصنوعات کو بازار میں لائیں تو وہ تخلیقی اور جدید قسم کی ہونی چاہئیں۔ نیپچون جب سعد نظرات دوسرے کواکب سے رکھے تو نیپچون مالی معاملات میں مدد کرے گا۔ یہ اوقات 5 اپریل اور 25 جون کے ہیں۔ 23 جولائی سے 23 اگست تک شمس اور نیپچون مقابلہ پر ہوں گے تو زائد اخراجات ساتھ لگ جائیں گے اور مالی مشکلات سر اٹھائیں گی۔ مریخ سے اس کے نحس اثرات نقصان لائیں گے۔ شروع سال میں 14 فروری تک نیپچون اور مریخ کے درمیان نظر تربیع ہوگی۔ اس وقت کسی جگہ روپیہ لگانا نقصان دے گا یا فریب کا شکار ہوجائیں گے۔ اس سال 12 جولائی ۲۰۰۱ء سیارہ مشتری خانہ ششم میں رہے گا جو کام کا گھر ہے لہٰذا آمدنی ذاتی کوششوں سے ملے گی اور خدمات انجام دینے سے ہوگی۔ یہ بات کاروباری افراد اور ملازم پیشہ حضرات دونوں پر اطلاق کرتی ہے۔ چونکہ یہ گھر صحت کا بھی ہے اس لئے صحت فکر جذباتی پریشانیاں اور بدلتے ہوئے حالات سے یقیناً متاثر ہوگی۔ آلات اور مشینوں پر کام کرنے والوں کو بھی احتیاط کی سخت ضرورت ہوگی کیونکہ حادثات با آسانی پیش آسکتے ہیں۔ سفر میں بھی حادثہ کا امکان ہے غصہ اور اشتعال سے بچیں۔ لاپرواہی اختیار نہ کریں اگر احتیاط کریں گے تو یہ وقت آسانی سے گذر جائے گا۔ اس کے بعد مشتری اشتراک کے گھر میں آجائے گا۔ اس کے دو اثر ہوں گے ایک تو یہ کہ اخراجات سے واسطہ پڑے گا

دوسرے دوسروں کے اشتراک سے روپیہ ملے گا۔ کسی کی شراکت میں روپیہ لگانا فائدہ مند رہے گا چونکہ یہ گھر نسبت وشادی سے بھی منسلک ہے اس لئے شادی کے خواہاں لوگوں کی شادی بھی ہو جائے گی اور مالی لحاظ سے خوش قسمت بھی ہوگی۔

سیارہ مریخ 8 ستمبر سے 27 اکتوبر تک آپ کے طالع برج میں رہے گا کیونکہ مریخ کو شرف حاصل ہوتا ہے۔ اس عرصہ میں ترقیاتی کاموں اور ذاتی امیدوں کو کامیاب بنانے کے اقدامات کرنے چاہئیں۔ کاروبار میں وسعت آجائے گی اور آمدن میں بھی اضافہ ہوگا۔ ملازم پیشہ حضرات کو بھی ترقی کرنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ اس عرصہ کی تبدیلیاں اہم ہونگی اور زندگی بنا دیں گی۔ یہ عرصہ آپ کیلئے خوش قسمتی لائے گا اور جو بھی کام کریں گے اس میں کامیابی ملے گی۔

## برج: دلو AQUARIUS سیارہ: یورینس

دن: ہفتہ   عدد: 8   21 جنوری تا 19 فروری   حروف: س۔ ق۔ ص۔ ش



رنگ : ————— نیلی، بھورا، نیلا

عنصر : ——————— ہوا

جواہر : ——— نیلم، سیپ، عقیق سیاہ

بہترین شریک حیات : جوزا، میزان

ناموافق ساتھی : ——— ثور، اسد، عقرب

بیماریاں : ——— آنتوں کی بیماریاں، اختلاج قلب، دمہ

## ستارگان کی کاسمک شعاعوں کے اہل دلو پر اثرات

سیارہ یورینس آپ کے طالع برج میں گذشتہ سالوں سے گامزن ہے چونکہ یہ گھر اس کا اپنا ہے اس لئے یہاں باقوت ہے جبکہ سیارہ زحل آپ کا ذیلی حاکم ہے۔ یہ 21 اپریل تک یورینس سے سعد ترین نظر پر ہوگا۔ یہ فلکی صورت حال زندگی میں دور رس تبدیلیوں کی نشاندہی کر رہی ہے۔ یورینس چونکہ اچانک اور غیر متوقع تبدیلیاں لانے والا سیارہ ہے۔ یورینس کی لائی ہوئی تبدیلیوں کی وجہ سے اپنی زندگی کو نئے سانچے میں ڈھلتا ہوا دیکھیں گے نئی دلچسپیاں پیدا ہوں گی جو آنے والے سالوں میں بہت اہم ہو جائیں گی لہٰذا جو حالات رونما ہوں گے وہ آپ کے معاملات میں وسعت لائیں گے۔ چنانچہ یہ سال اہم ذاتی تبدیلیاں اور نئے چیلنج لائے گا اور پراز واقعات ثابت ہوگا۔ روپیہ کمانے کے طریقے، کام اور دنیاوی مقاصد کے متعلق رویے میں اہم تبدیلیاں آئیں گی۔ یورینس تبدیلیاں لاتا ہے۔ تبدیلیاں لازماً آئیں گی غیر متوقع اچانک حالات بھی پیدا ہونگے جو اچھے بھی ثابت ہو سکتے ہیں اور خراب بھی۔ جس وقت کوئی تبدیلی آئے گی تو ہر چیز مشکل معلوم ہوگی اگر غیر اختیاری تبدیلیاں واقع ہوں گی تو لازماً پریشانی بھی ہوگی مثلاً ملازمت یا کاروبار کی غیر اختیاری تبدیلی سے ممکن ہے کوئی کام از سر نو شروع کرنے پڑے یا ملازمت تلاش کرنا پڑے۔ وہ لوگ جو اپنے کام کی نوعیت، کام یا جگہ میں تبدیلی کرنا چاہتے ہیں انہیں سال کے پہلے چار مہینوں میں کوشش کرنی چاہیے۔ اس وقت اپنی مرضی سے کام کرنے کے زیادہ امکانات ہیں کیونکہ افسران پر با آسانی اثر ڈالا جا سکے گا۔ جو لوگ موجودہ ملازمت سے مطمئن نہیں انہیں پہلے چار ماہ میں اپنی ترقی کیلئے کوشش کرنی چاہیے۔ یہ وقت آمدنی میں اضافہ اور عزت و وقار کیلئے موزوں ہے۔ افسران آپکے کاموں اور صلاحیتوں کو تسلیم کریں گے اور آنے والے وقتوں میں ترقی دیں گے۔ لہٰذا مستقبل کیلئے کام کریں اور اپنی بنیادوں کو مضبوط کریں تا کہ آئندہ سال کے تبدیلیاں لانے والے دور سے محفوظ رہ سکیں۔

نیپچون عرصہ سے طالع میں چلا آ رہا ہے۔ یہ آپ کے مزاج اور طبع کو کنٹرول کرتا ہے لہٰذا ذاتی امور اور رومان پر خاص طور سے اثر انداز ہوتا ہے۔ اس سال گو تمام کاموں میں ترقی اور بہتری کے امکانات موجود ہیں لیکن یہ خیال رہے کہ کسی بھی قسم کی سرگرمیوں میں انتہا تک پہنچنے سے گریز کریں۔ بعض اوقات آپ کا فیصلہ یا اندازہ درست نہ ہوگا جیسا کہ عام طور پر ہوتا ہے لہٰذا مبالغہ آرائی، ضرورت سے زیادہ توقع اور خوش امیدی قائم کرنا مناسب نہ ہوگا۔ وجدانی کیفیت اور تخلیقی خیالات اس وقت پیدا ہوں گے۔ زہرہ یا شمس یا عطارد سے تثلیث ہوگی۔ اس وقت آپ کے مشورے اور ارادے فائدہ دیں گے اور کامیابی بھی ہوگی۔ یہ بھی ذہن میں رکھیں کہ نیپچون 10 مئی سے 17 اکتوبر 2002ء تک رجعت میں رہے گا۔ یہ اوقات بہت نحس ہوں گے کیونکہ نیپچون کی رجعت تمام سیاروں سے زیادہ منحوس ہوتی ہے۔ روحانی قوتوں کو ختم کرتی ہے۔ پراگندگی، افراتفری، فریب اور دغا بازی کے واقعات لاتی ہے جب کسی کے پیدائشی زائچہ میں نیپچون رجعت میں ہو تو اسے بری قوتوں کا مالک بناتی ہے۔


سیارہ مشتری شروع سال سے 12 جولائی تک پانچویں گھر میں ہو گا۔ لہٰذا شادی، رومان، ذرائع آمدن اور آرٹسٹک کاموں میں کامیابی دے گا اور مالی فائدہ بھی دے گا۔ بعض کو بچوں کے ذریعے سے مفاد اور خوشی ملے گی۔ مشتری شروع سال سے آپ کے برج دلو سے سعد نظر رکھے گا چنانچہ سال کا آغاز سوشل زندگی اور میل جول کے مواقع لائے گا۔ جس کی وجہ سے ذہنی لحاظ سے خوش و خرم ہوں گے۔ اس وقت مالی معاملات سے متعلق کچھ خوش کن خبریں بھی ملیں گی۔ اگر

کاروبار یا مالی لین دین کا کوئی معاملہ آگے بڑھانا چاہتے ہیں تو اس دوران اسے مکمل کرلیں ۔5 اپریل مشتری نیپچون سے اور 19 جون کو مشتری یورینس سے سعد ترین نظر قائم کرے گا۔ ان تاریخوں میں یا ان کے قریب قریب جو نیا کام شروع کریں گے وہ کامیاب رہے گا۔ اس وقت ایسی صلاحیتوں کو استعمال کرنے کا موقع بھی مل سکتا ہے جنہیں اب تک نظر انداز کرتے آئے ہیں۔ 12 جولائی تک ان لوگوں کو بچوں کے ذریعے خوش قسمتی ملے گی۔ خوشی اور مسرت لانے والی تمام سرگرمیاں آمدنی کا باعث بنیں گی۔ وہ لوگ جن کا کاروبار بچوں اور نوجوان افراد کی ضروریات سے ہے ان کو فائدہ ہوگا۔ طلبہ اور طالبات کو اپنی تعلیمی سرگرمیوں کا خوش کن اجر ملے گا۔ بعض کو انعامات بھی ملیں گے جو لوگ انعامی اسکیموں میں حصہ لیتے ہیں ان کا کوئی نہ کوئی انعام ضرور نکلے گا۔ ایک اہم بات اور بھی ہے کہ جو لوگ اولاد کی نعمت سے محروم ہیں وہ اگر شروع سال سے مناسب اقدامات کریں اور علاج معالجے کی طرف رجوع کریں انہیں یقینی طور پر اولاد جیسی نعمت کا پھل ضرور ملے گا کیونکہ خوش بختی کا سیارہ مشتری 12 سال بعد خانہ اولاد میں خوش بختی کا پیغام دینے آیا ہے لہٰذا آپ پر لازم ہے کہ اس گراں قدر وقت کو ہرگز ضائع نہ کریں۔

13 جولائی ۲۰۰۱ء سے خوش بختی کا سیارہ مشتری ایک سال تک چھٹے گھر میں رہے گا جو برج سرطان ہے۔ یہاں مشتری کو شرف حاصل ہوتا ہے۔ مشتری چونکہ دولت سے بھی منسوب ہے اور خانہ شرف میں ہے۔ یہ عرصہ آپ کیلئے خوش قسمتی کا زمانہ ہوگا دوسرے معنوں سے مٹی میں ہاتھ ڈالیں گے تو سونا اگلے گی۔ یہ وقت آپ کو 12 سال بعد میسر آرہا ہے اگر آپ اس خوش قسمت سیارے کی سعادت سے پوری طرح مستفید ہونا چاہتے ہیں تو لوح شرف مشتری بنوا کر اپنے پاس رکھیں۔ آپ آئندہ آنے والے بارہ سالوں میں بھی اس کی سعادت سے مستفید ہوتے رہیں گے۔ آپ کی مالی پوزیشن مستحکم ہوجائے گی اور خوشحالی کا دور دورہ ہوگا۔ برج سرطان جو آپ کے زائچہ کا چھٹا گھر ہے اس گھر کا تعلق صحت اور ملازمت کے امور سے ہے سیارہ مشتری کی یہاں موجودگی کے دوران روزگار اور پیشہ ورانہ معاملات پر سعد اثرات مرتب کرے گا۔ قسمت ساتھ دے گی اور صحیح وقت پر ترقی کے مواقع میسر آئیں گے مشتری کی یہ پوزیشن ایسے تمام افراد کیلئے موافق ثابت ہوگی جو اپنے کام میں زیادہ مالی فائدے کے خواہشمند ہیں اگر گذشتہ سال یا اس سے پہلے سے روزگار کے معاملات میں قسمت نے ساتھ نہیں دیا ہے یا لمبے عرصے سے مسائل کا سامنا ہے اب حالات بہتر ہوں گے۔ مشتری ایسے وقت کی نشاندہی کررہا ہے جب آپ کی صلاحیتوں اور مزاج کے مطابق بہتر کام کے حصول کے زائد مواقع میسر آئیں گے کام اور کیریئر کے متعلق مشکل فیصلے نسبتاً آسانی سے کیے جاسکیں گے اور آئندہ حالات کا اندازہ بھی بہتر طور پر لگا سکیں گے۔ جو افراد ملازمت کی تلاش میں ہیں یا زیادہ بااختیار عہدہ یا ترقی کے خواہشمند ہیں تو یہ وقت اکثر افراد کی محنت کا اجر لائے گا یا شاید کوئی نیا آغاز ہوگا جو آنے والے مہینوں میں خوش بختی لائے گا۔ سیارہ مشتری چونکہ برج سرطان میں ہوگا اس لئے یہ وقت ان افراد کیلئے بھی کامیابی لائے گا۔ جن کا تعلق جائداد کی خرید و فروخت سے ہے یہ بات بھی ذہن نشین رہے کہ سیارہ مشتری 2 نومبر ۲۰۰۱ء سے یکم مارچ ۲۰۰۲ء تک رجعت میں رہے گا۔ مشتری کی رجعت ناجائز ذرائع سے حصول زر کی طرف رغبت دلاتی ہے لہٰذا نہایت محتاط انداز اختیار کریں تاکہ آپ کسی مشکل میں نہ پھنس جائیں۔ سعد اصغر سیارہ زہرہ 27 اگست سے 20 ستمبر تک بیت الزوج نسبت و شادی کے گھر میں ہوگا شادی کے خواہاں افراد اس وقت کا انتخاب کریں تو شادی نیک اور مبارک ثابت ہوگی۔

## برج: حوت — PISCES — سیارہ: مشتری

دن: اتوار  عدد: ۳-۱  ۲۰ فروری تا ۲۰ مارچ  حروف: د۔ج



رنگ: سبز، ارغوانی
عنصر: آبی
لکی جواہر: زمرد، یاقوت
بہترین شریک حیات: سرطان، عقرب
ناموافق ساتھی: جوزا، سنبلہ، قوس
بیماریاں: امراض قلب، دورہ، نشہ، مرگی، حلق کی بیماریاں

## سیاروں کی کاسمک معلومات کے ذریعے حوت پر اثرات

آپ کا ذیلی حاکم سیارہ مشتری شروع سال سے 12 جولائی ۲۰۰۱ء تک چوتھے گھر میں رہے گا اس وقت گھر، خاندان اور جائداد کے امور کی موافقت میں ہوگا۔ ان امور میں پسندیدہ تبدیلیاں لائے گا۔ زحل بھی چوتھے گھر میں ہوگا۔ زحل اور مشتری کا یہ امتزاج ایسے وقت کی نشاندہی کررہا ہے جب موجودہ گھریلو صورت حال سے متعلق اپنے آپ کو بے چین اور غیر مطمئن محسوس کررہے ہوں گے تاہم یہ کواکب اس صورت حال کو بہتر بنانے کی ترغیب بھی دیں گے۔ اگر موزوں گھر کی تلاش ہے تو قسمت ساتھ دے گی۔ اگر ماضی میں مالی پریشانی کی وجہ سے

گھر تبدیل نہیں کر سکتے تو یہ رکاوٹ اب دور ہو جائے گی۔ مئی کے آخری ہفتے میں نیا چاند مشتری سے قران کرے گا۔ قمر اور مشتری کی یہ باقوت نظر زندگی میں کسی قدر پابند کرنے والے اور غیر اطمینان بخش وقت کے خاتمے اور بہتر وقت کے آغاز کی نشاندہی کر رہی ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ موجودہ گھریلو صورت حال سے براہ راست طور پر اس کا کوئی تعلق ہو۔ لیکن سال کے وسط میں جو تبدیلیاں آئیں گی۔ ان کے نتیجے میں گھریلو زندگی بہتر ہو جائے گی۔ قمر اور مشتری قران اس بات کی نشاندہی کر رہا ہے کہ یہ وقت گھر کو وسعت دینے، اس کی حالت بہتر بنانے اور ہر قسم کی جائیداد کی لین دین کے لئے بہت خوش قسمت ثابت ہوگا۔ دراصل یہ سارا ماہ جائیداد کی خرید و فروخت کے معاملات کے لئے تیز اور تسلی بخش ثابت ہوگا۔ اس وقت کیریئر کے معاملات میں بھی بہتری کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اگر ان معاملات میں اہم نوعیت کی تبدیلیاں لانے کے لئے غور کر رہے ہیں تو حوصلہ افزا حالات سے واسطہ پڑے گا۔ بہتر آنے والے واقعات سے فائدہ اٹھانے کے لئے تیار رہیں۔ مئی کے آخر سے جون کے آخر تک خاص طور سے تیار رہیں۔ وسط جون سے بعد کا وقت روزگار اور پیشہ ورانہ معاملات کے لحاظ سے بہت ترقی پذیر ثابت ہوگا۔ جون کا مکمل چاند اہم کاموں کی تکمیل اور ترقی لانے والے وقت کی نشاندہی کر رہا ہے۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں یا ذاتی کام کرنا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں جو کوشش بھی کریں گے اس کا مثبت اور حوصلہ افزا جواب ملے گا۔ تاہم کچھ اوقات احتیاط کے متقاضی ہیں۔ 4 جون سے 27 جون تک لکھنے اور بولنے میں محتاط رہیں۔ اس دوران تحریرات میں بھی غلطیاں سرزد ہو سکتی ہیں۔ اس وقت کسی قسم کے معاہدے پر دستخط نہ کریں۔ 2 اکتوبر سے 22 اکتوبر تک مالی لین دین میں بے حد محتاط رہیں۔ اس وقت قانونی مسائل سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ خاص طور پر اس صورت میں کسی معاہدہ یا مشترکہ مالی معاملات میں ملوث ہوں۔ سرمایہ کاری، انشورنس، ٹیکس، ترکے اور قانونی ادائیگیوں پر خصوصی توجہ کی ضرورت ہوگی۔ ان معاملات میں کسی بھی قسم کی لاپرواہی مالی لحاظ سے نقصان دہ ثابت ہوگی۔ چنانچہ مشکلات کا سامنا ہونے پر کسی ماہر سے مشورہ لیتے ہوئے نہ ہچکچائیں۔ مندرجہ بالا اوقات انعامی اسکیموں میں حصہ لینے یا کسی بھی خطرے والی مد میں سرمایہ کاری کے لئے بے حد غیر موافق ہیں۔ اس وقت فوری منافع کی حصول کی کوشش کی بجائے مالی معاملات کو ٹھوس بنیادوں پر استعمال میں لانے کی کوشش کریں۔

خوش بختی کا سیارہ مشتری 13 جولائی 2001 کو برج سرطان جو آپ کے زائچے کا پانچواں گھر ہے، میں داخل ہو جائے گا۔ برج سرطان میں مشتری کو شرف حاصل ہوتا ہے۔ اب مشتری 12 سال بعد اپنے شرفی گھر میں آیا ہے اور یکم اگست 2002 تک یہاں قیام کرے گا۔ یہ عرصہ آپ کی زندگی کا سنہری دور ہو گا۔ مشتری آپ کے طالع برج حوت سے سعد ترین نظر رکھے گا۔ جو اب تک اولاد جیسی نعمت سے محروم ہیں وہ اس دوران مناسب اقدامات کرنے کے بعد یقیناً اولاد جیسی نعمت سے سرفراز ہوں گے۔ اس کے برعکس کے چونکہ پانچویں گھر کا تعلق اولاد، بچوں، شادی، محبت، ذرائع، زائد آمدن اور آرٹسٹک کاموں میں کامیابی اور مالی فائدے سے ہے۔ ان امور میں کامیابی دلانے کا باعث کر بچوں کے ذریعے مفاد اور خوشی ملے گی۔ اس گھر کا تعلق انعامی اسکیموں سے بھی ہے۔ اس لئے جو افراد ان میں دلچسپی رکھتے ہیں، ان کا کوئی نہ کوئی انعام ضرور نکلے گا۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ یا تفریح کی دنیا سے کسی نہ کسی طرح منسلک ہیں ان کے لئے یہ عرصہ ترقی اور ایک سے زائد خوش قسمت مواقع لائے گا۔ مشتری کے سعد اثرات کی وجہ سے قسمت ساتھ دے گی۔ وہ افراد جو اس وقت تعلیم و تربیت حاصل کریں گے سیارگان ان کی موافقت میں ہوں گے۔ مشتری یہاں خوش بختی کا پیغام لے کر آیا ہے۔ یہ موقع آپ کو بارہ سال بعد میسر آ رہا ہے۔ لہٰذا مشتری کی لوح شرف بنوانا آپ کے لئے فائدہ مند ہے تاکہ آپ آنے والے سالوں میں بھی مشتری کی سعادت سے بہرہ مند ہو سکیں۔ سال کے آخری دو ماہ میں سفر کے معاملات پر خوش قسمت اور باقوت دباؤ پڑے گا۔ اس وقت غیر ملکیوں سے رابطہ مفید ثابت ہوگا۔ نہ صرف سفر بلکہ ایسی سرگرمیاں جن کے ذریعے ذہنی یا سماجی لحاظ سے وسعت کا موقع ملے، آپ پر بے حد سرگرم اثر ڈالے گی۔ جہاں تک قریبی تعلقات اور شادی کے معاملات کا تعلق ہے، 4 جنوری سے 2 فروری پھر 21 ستمبر سے 14 اکتوبر کے اوقات اہم ثابت ہوں گے۔ علاوہ ازیں سیارہ زہرہ یکم اگست سے 26 اگست تک مشتری کے ہمراہ ہوگا۔ اس وقت اکثر افراد کا رشتہ طے پا جائے گا شادی شدہ افراد یا وہ جن کی شادی ہونے والی ہے ان کے لئے بھی یہ اوقات نہایت موافق ثابت ہوں گے۔ یہ اوقات محبت کے معاملات سے متعلق امیدوں اور خواہشات کی تکمیل کی نشاندہی کر رہے ہیں۔

سیارہ یورنیس گذشتہ سالوں سے آپ کے زائچے کے بارہویں گھر میں چلا آ رہا ہے۔ یہ گھر آپ کی صحت اور ذاتی مفاد سے متعلق ہے اور خفیہ سرگرمیاں بھی اسی سے متعلق ہیں۔ گو اس سال صحت کے متعلق سنجیدہ نوعیت کے مسائل

سے واسطہ نہ پڑے گا۔ تاہم کھانے پینے اور کام کرنے میں اعتدال کی ضرورت ہو گی۔ یورنس کا اصول تبدیلیاں لانا ہوتا ہے اس لئے یہ ستارہ ایک حال پر رہنے نہ دے گا۔ چونکہ آپ دوسروں کے مقابلہ میں حادثات کا جلد شکار ہو سکتے ہیں اور ہر چیز آپ کو نقصان پہنچا سکتی ہے اس لئے جلد بازی اور اشتعال سے آپ کو بچنا چاہیے۔ اگر صحت میں کوئی خرابی ہو گی تو علاج اور ماہرین کا مشورہ لینا آسان ہو گا۔ آپ کو محض اپنے اندازوں پر نہ چلنا چاہیے۔ تبدیلی نئی دلچسپیاں اور ساتھ ہی ساتھ گزشتہ سالوں کی مشکلات سے نجات کی خوشی دے گی۔ وہ دروازے کھل جائیں گے جو پہلے بند تھے۔ مجموعی طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اکثر حالات آپ کی توقعات اور امیدوں پر پورے اتریں گے اور کامیابی حاصل ہو گی۔

# عرق النساء (رانگن) کے درد کا علاج

بعض مردوں کو گردوں کی کمزوری اور دائمی قبض کے باعث اور اکثر عورتوں کو رحم کی خرابیوں کے باعث ہوا کرتا ہے۔ سیدھی طرف کم اور الٹی جانب زیادہ دیکھنے میں آیا ہے۔ کولہے سے شروع ہوتا ہے اور پوری ٹانگ میں ہوتا ہے اور اکثر رینگتا ہے اسی لیے اسے رانگن کا درد کہتے ہیں۔

**نسخہ:** اسگندھ، ستاور، سنبل کی موصلی، سونٹھ، بدھارا سب ایک ایک تولہ ملا کر باریک کوٹ چھان کر مثل میدہ کے سفوف بنالیں اور ہم وزن کھانڈ شکر ملا کر پاؤ بھر گائے کے دودھ کے ساتھ نہار منہ ایک تولہ کھا لیا کریں۔ اور سوتے وقت معجون سورنجان ایک تولہ گرم پانی سے کھائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں اس موذی مرض سے نجات ہو گی۔

غذا میں شوربا، چپاتی یا صرف گیہوں کا دلیہ دودھ میں پکا کر استعمال کریں تا وقت استعمال دوا چاول سے بچیں۔ (از شیخ شبستان رضا)



# ایام ہفتہ میں اسمائے الٰہی کے ورد کا طریقہ

**جمعہ** تمام دنوں کا سردار ہے مبارک ہے واسطے تزویج اور نکاح کے نماز جمعہ سے قبل سفر کرنا مکروہ ہے۔ ساعت اول میں بعد نماز صبح (۲۵۶) مرتبہ یا نور پڑھے تو چشم خلائق میں عزیز ہو گا۔ کوئی چیز گم ہو جائے تو بوقت شب دو رکعت نماز پڑھ کر یا نور (۲۵۶) مرتبہ پڑھے تو ممکن ہے خواب میں چور کے بارے میں معلوم ہو جائے۔

**شنبہ** سب کاموں کے واسطے خوب ہے خصوصاً سفر کے لئے۔ بعد نماز صبح (۱۰۶۰) مرتبہ یا غنی پڑھے تو بارگاہ خداوندی سے بے حد مال مرحمت ہو گا۔

**یکشنبہ** عمارت بنانے اور شادی کرنے کیلئے خوب ہے۔ اکثر کاموں کیلئے میانہ ہے۔ بعد نماز صبح ساعت اول میں یا فتاح (۴۸۹) مرتبہ پڑھے تو فتح و نصرت حاصل ہو گی۔

**دوشنبہ** نحس ترین دن ہے کسی کام کیلئے مبارک نہیں اگر ساعت اول میں بعد نماز صبح (۱۲۹) بار یا لطیف پڑھے تو باری تعالیٰ اپنی رحمت سے مال عطا فرماتا ہے۔

**سہ شنبہ** میانہ ہے اکثر کاموں کے واسطے۔ سفر کے لئے خوب ہے اس روز نیا لباس پہننا خوب ہے۔ طلب حاجت کیلئے خوب ہے۔ اگر ساعت اول میں بعد نماز فجر (۹۰۳) بار یا قابض پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز عطا فرمائے گا جس کی خواہش ہو گی۔

**چہار شنبہ** اکثر کاموں کے واسطے شائستہ نہیں ہے۔ تعمیر مکان کے لئے نیک ہے۔ بعد نماز فجر ساعت اول میں یا متعال (۵۴۱) بار پڑھنے سے عزت دنیا و آخرت حاصل ہو گی۔

**پنج شنبہ** مبارک ہے۔ سب کاموں کیلئے خوب ہے خصوصاً طلب حاجت اور سفر کے واسطے۔ ساعت اول میں بعد نماز فجر یا رزاق (۳۰۸) مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ بے حد مال عطا فرماتا ہے۔

**ضروری وضاحت** گزشتہ سال بندہ خانگی پریشانیوں کے باعث خطوط کے جواب نہ دے سکا جن حضرات نے فیس وغیرہ بھیجی ہے۔ ان سے گذارش ہے کہ دوبارہ اپنا نام مع نام والدہ اور مقصد روانہ کریں۔ انشاء اللہ ان کا کام کیا جائے گا۔

سید رضا واسطی ماہر جم [illegible] الٰہی بخش کالونی کراچی

# خواب اور تعبیر

## ا

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| [illegible] کو دیکھنا | کامل ایمان کی علامت [illegible] |
| آسمان دیکھنا | مرتبہ بلند ہو |
| انگوٹھی دیکھنا | صاحب اولاد ہو، [illegible] |
| انار دیکھنا | ترقی اور خوشی ہو |
| آئینہ دیکھنا | رزق میں وسعت |
| آنسو دیکھنا | مالی نقصان ہو |
| آم یا امرود دیکھنا | لڑکا ہو، روزی ملے |
| انڈہ دیکھنا | رزق میں کشادگی |
| اونٹ کی سواری | عزت و مرتبہ ملے |
| استغفار پڑھنا | مقاصد میں کامیابی |
| [illegible] دیکھنا | مرتبہ بلند ہو |
| اسپ سے گرنا | مرتبہ میں کمی ہو |
| آسمان کی طرف اڑنا | سفر دراز ہو |
| آگ پر پکانا | کاروبار میں نقصان |
| آگ جلتی دیکھنا | بارش ہو |
| آب رواں دیکھنا | ہر کام قبول ہو گا |
| آنکھ میں درد ہونا | بیماری سے تکلیف ہو |
| اولیا کی صحبت کرنا | خیر الٰہی پہنچے |
| آفتاب دیکھنا | امیر سے ملاقات ہو |
| انگور دیکھنا | کشائش روزگار ہو |

## ب

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| بارش دیکھنا | قحط دور ہو گا |
| بادل دیکھنا | موسم خراب ہو |
| بلندی سے گرتے دیکھنا | مال کا نقصان ہو |
| [illegible] بچے کو دیکھنا | غم و اندوہ سے نجات |
| بال سر کے منڈانا | رنج و مصیبت سے رہائی |
| بال سفید دیکھنا | طول عمر کی خبر |
| [illegible] | پریشانی ہو |
| [illegible] بچے کو دیکھنا | تھوڑی تکلیف ہو |
| [illegible] دیکھنا | عزت زیادہ ہو |
| بلبل دیکھنا | حاکم سے نفع ہو |
| بجلی چمکتے دیکھنا | فریب آدمی [illegible] ہو گا |
| بکری خریدنا | قوم کی سرداری ہے |
| بھینس خریدنا | دولتمندی ہے |
| بڑی عمارت دیکھنا | دولت ملے، غم دور ہو |
| بندر دیکھنا | کسی بیماری کا مقابلہ |
| بیل دیکھنا | رزق میں وسعت |
| بیمار کو بے حال دیکھنا | صحت و راحت کی علامت |
| بازار میں اپنے کو دیکھنا | مرد حق کی خبر |
| بھیک مانگنا | عزت ملے گی |
| بھیڑیا دیکھنا | مشکل پیش آئے |
| بادام کھانا | زر و مال ملے |

## پ

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| پہاڑ پر چڑھنا | مرتبہ بلند ہو |
| پرندے کو پکڑنا | ترقی بلند و بالا ہو |
| پلنگ ٹوٹے دیکھنا | کوئی پیارا شخص مرے |
| پروانہ دیکھنا | حاکم سے ملاقات ہو |
| پیاس لگنا | حرص زیادہ ہو |
| پلاؤ | کشائش روزگار ہو |
| پل صراط سے گزرنا | رنج و غم سے نجات |
| پاخانہ میں گر جانا | دنیا کا مال زیادہ ملے |
| پھول سفید دیکھنا | راحت و آرام ملے |
| پتھر پھینکنا | جھوٹی باتوں سے پریشانی |
| پنجرہ دیکھنا | رنج اٹھائے |
| پل پر چلنا | کار نیک کرے |
| پوری کھانا | خوشی ہو |
| پیشاب خون کا کرنا | رنج و تکلیف ہو |
| پھوڑا دیکھنا | عیش [illegible] ہو |
| پان کھانا | کسی عورت سے ملاقات ہو |

## ت

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| تحریر یا عہد دیکھنا | رنج و آلام سے شرف ہو |
| تخت پر بیٹھے ہوئے دیکھنا | عزت و حکومت میں اضافہ ہے |
| تسبیح و تہلیل میں مشغول ہونا | عبادت گزار ہو گا |
| توبہ کرنا | عزت میں اضافہ |
| تلوار دیکھنا | حکومت ملے یا قوی الطرفی |
| تیر اٹھتے دیکھنا | کسی مصیبت کا سامنا |
| تکیہ دیکھنا | راحت حاصل ہو گی |
| تحفہ پانا | دوری کی نشانی |
| تیمم کرنا | رنج و غم ہو |
| تھوک اپنا دیکھنا | عمر دراز ہو |
| ہر ایک جگہ دیکھنا | مشکل پیش آئے |
| تالاب میں نہانا | عزت و آبرو ملے |
| تیر چلانا | دلی مراد ملے |
| تیتر دیکھنا | اقبال بلند ہو |
| تیل پینا | مرض میں مبتلا ہو |
| توپ دیکھنا | دشمن مغلوب ہو |
| توے دیکھنا | پریشانی ہو |
| تیر کھینچنا | پریشانی ہو |

## ٹ

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ٹوپی اپنے سر پر دیکھنا | بے اندازہ راحت ملے |
| ٹاٹ کا فرش دیکھنا | آسودہ حالی ہے |
| ٹیلہ دیکھنا | خوشی کی علامت |

## ث

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ثروت حاصل ہوتے دیکھنا | دولت ملے یا حسین بیوی |
| ثریا [illegible] دیکھنا | [illegible] ہو گی |

## ج

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| جوتا پہننا | [illegible] |
| جوتا گم ہونا | بیوی سے جدائی |
| جماع اپنی بیوی سے کرنا | مراد پوری ہو اور عزت ہے |
| جماع [illegible] عورت سے کرنا | [illegible] |
| جنازہ پر سوار ہونا | غم و الم سے نجات |
| جھاڑو دیکھنا | سفر درپیش آئے |
| جنازہ دیکھنا | بیماری سے نجات ہے |
| جواہرات دیکھنا | حصول مراد ہو |
| جنگ کرنا | خوشی ملے |
| جامن کھانا | تکلیف دور ہو |
| جانور پکڑنا | کوئی نیک کام کرے |
| جانور خون آلود دیکھنا | ترقی ہو |
| جسم کے ٹکڑے دیکھنا | ترقی ہو |
| جو کھانا | کشائش روزگار ہو |

## چ

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| چاند نکلتے دیکھنا | رنج کی علامت |
| چاند گرہن دیکھنا | قحط گرانی ہو |
| چاول کھانا | غم دور ہو |
| چراغ دیکھنا | اولاد صاحب اقبال ہو |
| چھینک مارنا | مصیبت پیش آئے |
| چڑیا پکڑنا | قدر و منزلت میں اضافہ |

## ح

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| حلوہ دیکھنا | حصول علم ہو |
| حلوہ کھانا | درازی عمر ہو |
| حاکم کو دیکھنا | مقصد کی تکمیل ہے |
| حمام میں غسل کرنا | قرض ادا ہو |
| حرم خانہ کعبہ دیکھنا | خوشی ہو گی |
| حجر اسود کو بوسہ دینا | دلی خوشی حاصل ہو |
| حجامت بنوانا | لمبی عمر کی علامت |

## خ

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| خربوزہ دیکھنا | نعمت ملے |
| خط پڑھنا | خوشی ہے |
| خربوزہ کھانا | مال و دولت ملے |
| خزانہ دیکھنا | دولت ملے |
| خرما کھانا | حلال مال ملے |

## د

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| درخت گلاب دیکھنا | [illegible] محبوب ملے |
| درخت چنبیلی دیکھنا | عورت مالدار اور خوبصورت ملے |
| دولہا دلہن اپنے آپ کو دیکھے | [illegible] خوشخبری ہے |
| دوڑنا | کاموں میں تاخیر ہو گی |
| دریا پار کرنا | مشکلیں دور ہوں گی |
| دریا میں نہانا | بیماری سے نجات ہو |
| دریا سے پانی پینا | مرتبہ بلند ہو |
| دروازہ دیکھنا | عورت سے رنج ہو |
| دیوار سے گرنا | خرابی کی دلیل |
| [illegible] | [illegible] |
| دہی کھانا | سفر پیش آئے |
| درخت گرتے دیکھنا | درازی عمر ہے |

## ڈ

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ڈاڑھی بڑھی دیکھنا | قوم میں صاحب اقبال ہو |
| ڈھول بجتے دیکھنا | دل کی تمنا پوری ہو |
| ڈول دیکھنا | گھر میں [illegible] آئے گی |

## ذ

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ذبح کرنا حلال جانور کا | حکومت سے فائدہ ہو گا |
| ذکر امام حسین سننا | غم دور ہوتے ہیں |

## ر

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| روپیہ دیکھنا | خوشی نصیب ہو گی |
| روزہ رکھنا | قرض ادا ہو گا |
| روٹی کھانا | نعمت ملے گی |
| راستہ دیکھنا | غم و اندوہ کی علامت |

## ز

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| زمرد یا زبرجد دیکھنا | [illegible] دولت ملے گی |
| زاہد شخص کو دیکھنا | پرہیزگاری و خوش اطواری [illegible] |
| زراعت کرنا | حصول نعمت کی علامت |
| زمین کھودنا | کوئی مصیبت ہے |
| زلزلہ دیکھنا | رنج و صدمہ ہو گا |

## س

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| سورج دیکھنا | باعث نعمت اور بیوی کو بیٹے کی بشارت ہے |
| ستارہ روشن دیکھنا | دنیا میں نام روشن ہو گا |
| سانپ مارنا | دشمن سے حفاظت [illegible] |
| سر اپنا [illegible] دیکھنا | [illegible] جلال ہے |
| [illegible] دیکھنا | [illegible] اقبال کی نشانی ہے |

## ش

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| شربت پینا | بیماری سے شفا اور مراد پوری ہو |
| شہد کھانا | مال حلال کی کوشش [illegible] |
| شکر و شیرینی دیکھنا | خوبصورت بیوی ملے گی |
| [illegible] دیکھنا | دلی مقصد پورا ہو گا |

## ص

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| صدقہ دینا | بلائیں دور ہوں گی |
| صابن دیکھنا | کدورت سے دل صاف ہو گا |
| صفائی مکان میں کرنا | نیک اعمال کی بجا آوری ہو گی |

## ض

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ضرب [illegible] دیکھنا | برکت ہے اور خیر و عافیت |
| ضبط و صبر اپنا دیکھنا | غم و الم سے نجات ہو گی |
| ضعیف اپنے کو دیکھنا | [illegible] |

## ط

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| طبیب کو دیکھنا | [illegible] |

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| طوفان دیکھنا | فکریں لاحق رہیں گی |
| سانپ مارتے دیکھنا | دشمن کی بدگمانی کا خاتمہ ہو جاتا ہے |

**ظ**

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ظلم کو دیکھنا | کچھ دن پریشانی رہے گی |
| ظہر کی نماز ادا کرنا | دین داری کی علامت |

**ع**

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| علم ہاتھ میں لینا | کسی اعلیٰ افسر سے دوستی |
| عالم دین کو دیکھنا | ہوگی عزت و دولت |
| عمامہ دیکھنا | دل خوش و شاد رہے گا |
| عقیق دیکھنا | دولت و عزت حاصل ہوگی |
| عصا دیکھنا | رنج و مصیبت اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا |

**غ**

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| غسل کرنا | غم سے رہائی، بیماری سے شفا، قرضے سے نجات |
| غبار دیکھنا | فکریں اور غم پیدا ہوں گے |
| غمگین ہونا | حزن و ملال دور ہوگا |

**ف**

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| فرشتوں کو دیکھنا | دین و دنیا کے کاموں میں کامیابی |
| فرنی کھانا | دولت ہے جو اشراف لوگوں سے ملے گی |
| فاختہ دیکھنا | کسی باوفا عورت سے ملاقات |

**ق**

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| قرآن مجید پڑھنا | حلال روزی ہو، حافظہ تیز ہو |
| قربانی کرنا | بیمار تندرست ہو |
| قلعہ دیکھنا | شہر میں ارزانی ہوگی |

**ک**

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| کعبہ دیکھنا | کسی کی مراد ملے، دوری ختم |
| کرسی دیکھنا | حکومت میں ترقی ہو |
| کبوتر دیکھنا | دور گئے ہوئے واپس آئیں گے |
| کتبہ دیکھنا | علم کی دولت حاصل ہو |

**گ**

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| گھوڑا دیکھنا | دربار میں قدر و منزلت ہو |
| گانا | مصیبت کی نشانی |
| گالیاں کھانا | پریشانی کی علامت |

**ل**

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| لڑکا خوبصورت دیکھنا | ترقی جاہ و جلال ہے |
| لڑکی خوبصورت دیکھنا | ترقی دولت ہے |
| لڑنا | رنج و غم میں مبتلا ہوگا |
| لباس پہننا | درجہ کی بلندی |

**م**

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| مسجد دیکھنا | اعلیٰ عہدہ ملے |
| مردہ دیکھنا | مال حرام ملے |
| مرغ کی اذان سننا | اسلام کی ترقی |

**ن**

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| نماز سوتے میں پڑھنا | سعادت دارین حاصل ہو |
| ناریل دیکھنا | عیاش عورت ملے |
| نوحہ پڑھنا | خلد میں جاگیر ملے گی |

**و**

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| وضو کرنا | غیب سے حاجت روائی |
| وظیفہ پڑھنا | فرحت و مسرت ہوگی |
| وعظ کرنا | ظاہری فائدہ و مخفی نقصان |

**ہ**

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| ہاتھ دھونا | امیدوں کی ناکامی ہوگی |
| ہاتھ دشمن کا پکڑنا | دشمنی رفع ہونا |
| ہاتھ میں مہندی لگی دیکھنا | شادی کی نشانی ہے |

**ی**

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| یاقوت دیکھنا | بیوی حسینہ ملے گی۔ لڑکا شائستہ ہوگا |
| یتیم ہوتے ہوئے دیکھنا | کوئی بڑی مصیبت پیش آنے کی |
| یخنی پینا | قوت بڑھے گی |
| یخ میں سوار دیکھنا | کسی بزرگ سے ملاقات ہوگی |



# صد سالہ کیلنڈر ۱۹۲۸ء تا ۲۰۲۸ء

مرتبہ: الحاج محمد تقی رضا بدایونی مرحوم، کراچی

**چارٹ نمبر 1**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ز | 2012 | 1984 | 1956 | 1928 |
| ا | 2013 | 1985 | 1957 | 1929 |
| ز | 2014 | 1986 | 1958 | 1930 |
| ہ | 2015 | 1987 | 1959 | 1931 |
| ا | 2016 | 1988 | 1960 | 1932 |
| ب | 2017 | 1989 | 1961 | 1933 |
| ج | 2018 | 1990 | 1962 | 1934 |
| و | 2019 | 1991 | 1963 | 1935 |
| ہ | 2020 | 1992 | 1964 | 1936 |
| ب | 2021 | 1993 | 1965 | 1937 |
| ا | 2022 | 1994 | 1966 | 1938 |
| د | 2023 | 1995 | 1967 | 1939 |
| ا | 2024 | 1996 | 1968 | 1940 |
| ز | 2025 | 1997 | 1969 | 1941 |
| ہ | 2026 | 1998 | 1970 | 1942 |
| ب | 2027 | 1999 | 1971 | 1943 |
| ز | 2028 | 2000 | 1972 | 1944 |
| ا | | 2001 | 1973 | 1945 |
| ا | | 2002 | 1974 | 1946 |
| د | | 2003 | 1975 | 1947 |
| ب | | 2004 | 1976 | 1948 |
| و | | 2005 | 1977 | 1949 |
| ز | | 2006 | 1978 | 1950 |
| ا | | 2007 | 1979 | 1951 |
| ز | | 2008 | 1980 | 1952 |
| ہ | | 2009 | 1981 | 1953 |
| ب | | 2010 | 1982 | 1954 |
| ا | | 2011 | 1983 | 1955 |

**چارٹ نمبر 2**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| * | * | مئی | * | * |
| اگست | * | فروری | * | * |
| نومبر | * | مارچ | * | فروری |
| * | * | جون | * | * |
| دسمبر | * | * | * | ستمبر |
| جولائی | * | اپریل | * | جنوری |
| اکتوبر | * | * | * | جنوری |

**چارٹ نمبر 3**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ز | و | ہ | د | ج | ب | ا |
| ا | ز | و | ہ | د | ج | ب |
| ب | ا | ز | و | ہ | د | ج |
| ج | ب | ا | ز | و | ہ | د |
| د | ج | ب | ا | ز | و | ہ |
| ہ | د | ج | ب | ا | ز | و |
| و | ہ | د | ج | ب | ا | ز |


**چارٹ نمبر 4**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| دوشنبہ | سہ شنبہ | چہارشنبہ | پنجشنبہ | جمعہ | شنبہ | یکشنبہ |
| سہ شنبہ | چہارشنبہ | پنجشنبہ | جمعہ | شنبہ | یکشنبہ | دوشنبہ |
| چہارشنبہ | پنجشنبہ | جمعہ | شنبہ | یکشنبہ | دوشنبہ | سہ شنبہ |
| پنجشنبہ | جمعہ | شنبہ | یکشنبہ | دوشنبہ | سہ شنبہ | چہارشنبہ |
| جمعہ | شنبہ | یکشنبہ | دوشنبہ | سہ شنبہ | چہارشنبہ | پنجشنبہ |
| شنبہ | یکشنبہ | دوشنبہ | سہ شنبہ | چہارشنبہ | پنجشنبہ | جمعہ |
| یکشنبہ | دوشنبہ | سہ شنبہ | چہارشنبہ | پنجشنبہ | جمعہ | شنبہ |


**چارٹ نمبر 5**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 29 | 22 | 15 | 8 | 1 |
| 30 | 23 | 16 | 9 | 2 |
| 31 | 24 | 17 | 10 | 3 |
| * | 25 | 18 | 11 | 4 |
| * | 26 | 19 | 12 | 5 |
| * | 27 | 20 | 13 | 6 |
| * | 28 | 21 | 14 | 7 |


اس صد سالہ کیلنڈر سے کسی مہینے کی پہلی یا کسی بھی تاریخ کا دن معلوم کرنا ہو تو چارٹ نمبر ۱ سے سال لو اور اس کے مقابل جو حرف ہے اسے نوٹ کر لیں، پھر چارٹ نمبر ۲ میں مطلوبہ مہینے کے مقابل چارٹ نمبر ۳ میں وہی حرف تلاش کریں اور اسی کالم میں نیچے کی طرف چارٹ نمبر ۴ میں دن کو مقابل کے چارٹ نمبر ۵ سے تاریخ ملائیں، مطلوبہ دن مل جائے گا۔ اگر لیپ ایئر ہو جس میں فروری ۲۹ دن کا ہوتا ہے تاریخ و دن معلوم کرنا ہو تو چارٹ نمبر ۲ کے (جنوری) (فروری) کام میں لائیں۔ مثلاً معلوم کرنا ہے کہ ۱۹۶۸ء میں ۱۴ اگست کو کیا دن تھا۔ ۱۹۶۸ء کے مقابل حرف 'د' ملا۔ اگست کے مقابل چارٹ نمبر ۳ میں 'د' والے کے نیچے چارٹ نمبر ۵ میں ۱۴ کے مقابل پنجشنبہ ہے۔ پس معلوم ہوا کہ ۱۹۶۸ء میں ۱۴ اگست پنجشنبہ کا دن تھا۔




سید علی اس عظیم نورانی نقش کو حضرت امام رضا علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ شکل میں ہر روز دیکھیں یعنی اس کی زیارت کریں اور بوقت زیارت آیۃ الکرسی کی تلاوت کریں۔ آپ دنیا میں کسی کے محتاج نہ رہیں گے۔ لوگوں میں عزت کا مقام حاصل ہوگا۔ رزق میں اضافہ ہوگا۔ باطلوں سے مخفی رکھیں۔



# نادِ علی کبیر



نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَآئِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَآئِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍ
اِلَی اللّٰهِ حَاجَتِیْ وَعَلَیْهِ مُعَوَّلِیْ كُلَّمَا رَمَیْتُ مُتَقَاضِیْ فِی اللّٰهِ یَدُ اللّٰهِ وَ
لِیَّ اللّٰهِ لِیْ اَدْعُوْكَ كُلُّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِكَ یَآاَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ یَا
مُحَمَّدُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَ سَلَّمَ بِوَلَایَتِكَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ
اَدْرِكْنِیْ بِحَقِّ لُطْفِكَ الْخَفِیِّ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَنَا مِنْ شَرِّ
اَعْدَائِكَ بَرِیٌّ بَرِیٌّ اَللّٰهُ صَمَدِیْ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ یَا اَبَا الْغَیْثِ
اَغِثْنِیْ یَا عَلِیُّ اَدْرِكْنِیْ یَا قَاهِرَ الْعَدُوِّ وَیَا وَالِیَ الْوَلِیِّ یَا مَظْهَرَ الْعَجَآئِبِ
یَا مُرْتَضٰی عَلِیُّ یَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ وَ الْقَهْرُ فِیْ قَهْرِ قَهْرِكَ یَا قَهَّارُ
یَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الْقَاهِرُ الْجَبَّارُ الْمُهْلِكُ الْمُنْتَقِمُ الْقَوِیُّ الَّذِیْ
لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ وَاِلٰهُكُمْ
اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ
نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ یَا اَرْحَمَ
الْمَسَاكِیْنَ اِرْحَمْنِیْ یَا عَلِیُّ اَدْرِكْنِیْ یَا عَلِیُّ اَدْرِكْنِیْ بِرَحْمَتِكَ وَمَنِّكَ
وَجُوْدِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ؕ

×××

جس کو کوئی مہم درپیش ہو۔ سات بار پڑھے۔
حاکم کے پاس جائے تو ۳ تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے

طلب مال کے لئے روزانہ ۲۱ اکیس بار پڑھے۔
بازو پر باندھنے سے تمام آفات دنیاوی سے نجات ہو

واسطے طلب فرزند روزانہ ۱۰ دس بار پڑھے
ادائے قرض کے لئے روزانہ ۱۵ پندرہ بار پڑھے